المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة

اہم مسائل

جن میں ابتلائے عام ہے

جلد ہشتم

پسند فرمودہ:

حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی

رئیس: جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا نندر بار

تحریک وتحریض:

حضرت مولانا محمد حذیفہ صاحب وستانوی

ناظم تعلیمات ومعتمد جامعہ

تالیف:

مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

صدر دارالافتاء جامعہ اکل کوا

تحقیق وتخریج:

معاون مفتیان کرام دارالافتاء

ناشر:

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم

اکل کوا، نندربار، مہاراشٹر

تقسیم کار

نام کتاب : المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة

مؤلف : حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی

تحقیق وتخریج : معاون مفتیان کرام دارالافتاء

کمپوزنگ و پروف ریڈنگ : عبدالمتین اشاعتی کانڑگاؤں

طبع اول : ۱۴۳۶ھ 2015ء

صفحات : ۳۸۳

تعداد مسائل : ۲۲۶

قیمت :

باہتمام : ابوحمزہ وستانوی

ناشر : جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا

ملنے کا پتہ

جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا ضلع نندربار مہاراشٹر

Phone & Fax: 02567,252556

E-mail jafarmilly@gmail.com

fatawaakkalkuwa@gmail.com

http://jamiyaakkalkuwa.com/fatawa/

قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی :

﴿فَسْئَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾

(سورة الأنبياء :۷)

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ :

’’مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْراً يُفَقِّهْهُ فِيْ الدِّيْنِ‘‘

(صحيح البخاري)

فہرست عناوین

نمبر شمار	فہرست عناوین	صفحہ
۞	ابتدائیہ	۞
◉	کتاب الإیمان والعقائد	◉

ابتدائیہ

الحمد لله رب العالمين ، والصلوة والسلام على رسوله الكريم ، أما بعد !

فأعوذ بالله من الشيطن الرجيم – ﴿ان الدين عند الله الاسلام﴾ (آل عمران : ١٩)

ترجمہ: ''بے شک (معتبر) دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے۔''

اسلام، پیغمبر اسلام، اور مسلمانوں کے خلاف چوطرفہ زہرافشانی، اسلامی تعلیمات میں شکوک وشبہات پیدا کرنا، مدارسِ اسلامیہ ومقتدیانِ اسلام پر غلط و بے بنیاد الزام تراشی، مسلمانوں کی شبیہ کو بگاڑ کر پیش کرنا، یہ سب اس منظّم ومنصوبہ بند سازش کا حصہ ہے، جس کے ذریعے دشمنانِ اسلام، اقوامِ عالم کو، دین اسلام سے دور رکھنا چاہتے ہیں، اور بزعمِ خود اس طرح وہ اسلام کو آئندہ چند برسوں میں دنیا کا سب سے بڑا مذہب بن کرا بھرنے سے روک پائیں گے۔ لیکن: ؎

ایں خیال است ومحال است وجنوں

کیوں کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے: **﴿يريدون أن يطفئوا نور الله بافواههم ويأبى الله إلا أن يتم نوره ولو كره الكٰفرون﴾** . (سورة التوبة : ٣٢)

ترجمہ: ''یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنے منہ کی پھونکوں سے بجھادیں، حالانکہ اللہ کو اپنے نور کی تکمیل کے سوا ہر بات نامنظور ہے، چاہے کافروں کو یہ بات کتنی بُری لگے۔'' ...... **﴿يريدون ليطفئوا نور الله بافواههم والله متمّ نوره ولو كره الكٰفرون﴾** . (سورة الصف : ٨)

ترجمہ: ''یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اپنے منہ سے اللہ کے نور کو بجھادیں، حالانکہ اللہ اپنے نور کی تکمیل کر کے رہے گا، چاہے کافروں کو یہ بات کتنی بُری لگے۔''

عالمِ اسلام کے مسلمان، بالخصوص ہندوستانی مسلمان جن حالات سے گزر رہے ہیں، ان سے نبردآزما ہونے کے لیے ان نزدیک سب سے اہم ہتھیار اگر کوئی ہے، تو وہ ہے:

" إلى الإسلام من جديد "

یعنی اسلامی تعلیمات اور اس کے احکام پر از سر نو پوری طرح عمل کرنا شروع کردیں، اپنے ایمان،

عبادات، معاملات ، معاشرت اور اخلاق کا جائزہ لیں، ان سے متعلق شرعی احکام سے واقف ہوجائیں،اوران کوعملی جامہ پہنائیں، مدارسِ اسلامیہ، خانقاہوں، دعوت وتبلیغ سے اپنے آپ کومربوط ومنسلک کریں،اوردین وایمان کے اِن قلعوں کومضبوط ومستحکم کریں، پھردیکھیں خدائی وعدہ:﴿وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین﴾. [آل عمران :۱۳۹] (''اگرتم واقعی مومن رہوتو تم ہی سربلند ہوگے۔'') کس طرح پورا ہوتا ہے، اورغم واندوہ ، مصائب ومشکلات، پریشانیوں وبے چینیوں، اختلاف وانتشار کے یہ گھنے بادل اورگھٹا ٹوپ اندھیرے کس طرح چھٹ جاتے ہیں، اور:﴿من عمل صالحا من ذکر أو انثی وھو مؤمن فلنحیینّہ حیوٰۃ طیبۃ﴾ . [النحل :۹۷] (''جس شخص نے بھی مؤمن ہونے کی حالت میں نیک عمل کیا ہوگا، چاہے وہ مرد ہو یا عورت، ہم اُسے پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے۔'') سے سرفراز ہوجاتے ہیں۔......ان ہی جذباتِ کے تحت کہ امت کو دینی مسائل معلوم ہوجائیں، اور وہ اس پرعمل پیرا ہوکر، نعمتِ حیاتِ طیبہ سے مُنَعَّم ہوجائے، جامعہ کے دارالافتاء نے ''المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ'' کا سلسلہ جاری کررکھا ہے، اب تک اس کی سات جلدیں منظرِ عام پرآچکیں، اور یہ آٹھویں جلد، جو دوسوچھبیس (۲۲۶) مسائل پر مشتمل ہے، اسی سلسلۃ الذہب کی ایک کڑی ہے، جوآج آپ کے ہاتھوں میں ہے۔والحمدللہ علی ذلک!

میں مشکور ہوں!......رئیس جامعہ حضرت مولانا غلام محمد صاحب وستانوی دامت برکاتہم کا؛ اُن کے اِس سلسلے کوبنظرِ استحسان دیکھنے پر،...... ناظم تعلیمات حضرت مولانا حذیفہ زید مجدہٗ کا؛ اُن کی تحریک وتحریض پر،......اپنے معاون حضرات مفتیانِ کرام (مفتی عبدالمتین، مفتی مجیب الرحمٰن، مفتی افضل زید مجدہم) کا؛ اُن کی تخریج وتحقیق پر،......اور دیگر مخلصین ومحبین کا؛ اُن کے بندے کے حق میں خدمت دین کے واسطے صحت وتندرستی کی دعاؤں پر۔......اللہ پاک ہرایک کوان کے شایانِ شان اجرِعظیم وجزیل عطافرمائے ،اوراس حقیرسی خدمت دین کواپنے ہاں شرفِ قبولیت سے نوازے!

آمین یارب العالمین!

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم ......وتب علینا انک انت التواب الرحیم

محمد جعفر ملی رحمانی

۱۷/ رجب المرجب، ۱۴۳۶ھ، مطابق ۷/ مئی، ۲۰۱۵ء- بروز جمعرات

کتاب الإیمان والعقائد

ایمان وعقائد سے متعلق مسائل

اُوپر والے کی عنایت ونوازش

مسئلہ(۱): بسا اوقات انسان اپنی گفتگو کے دوران اللہ ربّ العزت کے لیے ''اُوپر والا'' کے الفاظ استعمال کرتا ہے، مثلاً: کسی خوشی وشادمانی کے حصول پر وہ کہتا ہے: ''یہ اُوپر والے کی عنایت ونوازش ہے''-تو کبھی مصیبت وآفت کا شکار ہونے اور نعمت کے چھن جانے پر وہ کہتا ہے: ''اُوپر والا جس حال میں رکھے میں اُس پر راضی ہوں''-واضح ہو کہ ''اُوپر والے'' سے مراد عموماً مقام ومرتبہ کی بلندی اور قدرت والا ہوتا ہے، اور عرفِ عام میں یہ الفاظ اللہ تعالیٰ ہی کے لیے استعمال ہوتے ہیں، اس لیے محض ان کلمات کا استعمال موجبِ کفر نہیں ہے، بلکہ ان کا استعمال جائز ودرست ہے۔(۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' القرآن الکریم '' : ﴿الرّحمٰن علی العرش استوٰی﴾ . (سورة طه :۵)

ما في '' التفسیر المظهري '' : (ثم استوی علی العرش) فقالوا : معنی استوی استولی علی العرش الذي هو أعظم المخلوقات ومحدد الجهات ، وذا یستلزم استیلاء ه تعالی علی جمیع الخلائق . (۳۱۵/۴ ، سورة یونس :۳)

ما في '' الفتاوی التاتارخانیة '' : إذا وصف الله بما لا یلیق به ، أو سخر باسم من أسماء الله تعالی ، أو بأمر من أوامره أو أنکر وعده أو وعیده یکفر . (۲۳۴/۴ ، کتاب أحکام المرتدین، فصل فیما یقال في ذات الله سبحانه وتعالی وصفاته ، مجمع الأنهر :۵۰۴/۲ ، کتاب =

اللہ تعالیٰ کا آسمانِ دنیا پر نزول فرمانے کا مطلب

مسئلہ (۲): احادیثِ شریفہ میں وارد ہے کہ آخرِ شب میں اللہ تعالیٰ آسمانِ دنیا پر نزول فرماتے ہیں، اس سے مراد حق تعالیٰ کی رحمت اور اِجابتِ دعا وغیرہ ہے، یہ نہیں کہ خود ذاتِ باری تعالیٰ اُتر آتے ہیں، کیوں کہ اہل سنت والجماعت کا اجماع ہے کہ حق تعالیٰ جہت، زمان ومکان اور جسم وعوارضِ جسم سے مُنَزَّہ وپاک ہے۔ (۱)

=السير والجهاد ، باب المرتد ، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۶۲۶۴)

ما في " شرح عقود رسم المفتي " : والعرف في الشرع له اعتبار . لذا عليه الحكم قد يدار . (ص/۱۷۵)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي هريرة أن رسول الله ﷺ قال : " ينزل ربنا عز وجل كل ليلة إلى سماء الدنيا حين يبقى ثلث الليل الآخر ، فيقول : من يدعوني فاستجيب له ، من يسألني فأعطيه ، من يستغفرني فأغفر له " . (ص/۱۸۶ ، كتاب الصلاة ، باب أي الليل أفضل، الرقم :۱۳۱۵، قديمي ، مشكوة المصابيح :ص/۱۰۹، كتاب الصلاة ، باب التحريض على قيام الليل ، الرقم :۱۲۲۳، قديمي)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : قال ابن حجر : أي ينزل أمره ورحمته أو ملائكته ، وهذا تأويل الإمام مالک وغيره ، ويدل له الحديث الصحيح : " إن الله عزّ وجلّ يمهل حتى يمضي شطر الليل ، ثم يأمر مناديا ينادي فيقول : هل من داع فيستجاب له ؟ " الحديث . والتأويل الثاني : ونسب إلى مالک أيضًا : أنه على سبيل الاستعارة ، ومعناه الإقبال على الداعي بالإجابة واللطف والرحمة وقبول المعذرة كما هو عادة الكرماء لا سيما الملوک إذا نزلوا بقرب محتاجين ملهوفين مستضعفين . فذهب جمهور السلف وبعض المتكلمين الإيمان بحقيقتها على ما يليق به تعالى ، وأن ظاهرها المتعارف في حقنا غير مراد ، ولا نتكلم في تأويلها مع اعتقادنا تنزيه الله سبحانه عن سائر سمات الحدوث . (۵/۵۵۸، ۵۵۹،=

....

....

= كتاب الصلاة ، باب أي الليل أفضل ، تحت الرقم :١٣١٥)

ما في " مرقاة المفاتيح " : وقال القاضي : المراد بنزوله دنو رحمته ومزيد لطفه على العباد وإجابة دعوتهم ، وقبول معذرتهم ، كما هو ديدن الملوك الكرماء والسادة الرحماء إذا نزلوا بقرب قوم ملهوفين محتاجين مستضعفين . وقد روى يهبط من السماء العليا إلى السماء الدنيا ، أي ينتقل من مقتضى صفات الجلال التي تقتضي الأنفة من الأرذل ، وعدم المبالاة وقهر العداة ، والانتقام من العصاة إلى مقتضى صفات الجمال المقتضية للرأفة والرحمة وقبول المعذور والتلطف بالمحتاج ، واستقراض الحوائج والمساهلة والتخفيف في الأوامر والنواهي والاغضاء عما يبدو من المعاصي ، ولهذا قيل : هذا تجل صوري لا نزول حقيقي فارتفع الاشكال . والله أعلم بالحال .

(۳/ ۲۷۱، كتاب الصلاة ، باب التحريض على قيام الليل ، تحت الرقم :١٢٢٣)

ما في " عون المعبود " : وقد اختلف العلماء في قوله " ينزل الله " : فسئل أبو حنيفة فقال : ينزل بلا كيف ، وقال بعضهم : ينزل نزولا يليق بالربوبية بلا كيف من غير أن يكون نزوله مثل نزول الخلق بالتجلي والتملي ، لأنه جل جلاله منزه عن أن تكون صفاته مثل صفات الخلق كما كان منزها عن أن تكون ذاته مثل ذات الغير فمجيئه وإتيانه ونزوله على حسب ما يليق بصفاته من غير تشبيه وكيفية . انتهى .

(ص/ ١٢٢١، كتاب التطوع ، باب أي الليل أفضل ، تحت الرقم :١٣١٥)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : " ينزل ربنا " قض : لما ثبت بالقواطع العقلية والنقلية أنه تبارك وتعالى منزه عن الجسمة والتحيز والحلول ، امتنع عليه النزول على معنى الانتقال من موضع أعلى إلى ما هو أخفض منه ، بل المعنى به على ذكره أهل الحق دنو رحمته ، ومزيد لطفه على العباد ، وإجابة دعوتهم وقبول معذرتهم . الخ . (۳/١٢٥، ١٢٦، كتاب الصلاة ، باب التحريض على قيام الليل ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ١٢٢٣)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۱۸/۱۰۴)

جمعہ کے دن جھاڑو دینا اور صفائی کرنا

مسئلہ(۳): بعض لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ جمعہ کے دن جھاڑو دینا، صفائی کرنا، کپڑے وغیرہ دھونا منع ہے، حالاں کہ جمعہ کے دن جھاڑو دینا، صفائی کرنا، کپڑے وغیرہ دھونا یہ سب اُمور شرعاً جائز اور درست ہیں، بلکہ احادیثِ شریفہ میں اس کی ترغیب آئی ہے، اور فقہاء کرام نے بھی جمعہ کے دن غسل کرنے، خوشبو لگانے، بالوں اور ناخنوں کے کاٹنے اور اچھے کپڑے پہننے کو مسنون قرار دیا ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة عن النبي ﷺ قال : " حق الله على كل مسلم أن يغتسل في كل سبعة أيام يغسل رأسه وجسده " . (۱/۲۸۰)

وفيه أيضًا : عن عائشة أنها قالت : كان الناس ينتابون الجمعة من منازلهم ومن العوالي ، فيأتون في العباء ويصيبهم الغبار فتخرج منهم الريح فأتى رسول الله ﷺ انسان منهم وهو عندي فقال رسول الله ﷺ : " لو انكم تطهّرتهم ليومكم هذا " . (۱/۲۸۰، كتاب الجمعة ، فصل في استحباب الغسل والسواك وغسل الرأس ومسّ الطيب الخ)

ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله بن عمر أن رسول الله ﷺ قال : إذا جاء أحدكم الجمعة فليغتسل . (۱/۱۲۰ ، كتاب الجمعة ، باب فضل الغسل يوم الجمعة)

وفيه أيضًا : عن أبي سعيد قال : أشهد على رسول الله ﷺ قال : " الغسل واجب على كل محتلم وأن يستنّ وأن يمسّ طيبًا إن وجد " . (۱/۱۲۱، كتاب الجمعة ، باب الطيب للجمعة ، صحيح مسلم : ۱/۲۸۰، فصل في استحباب الغسل والسواك وغسل الرأس ومسّ الطيب الخ)

ما في " رد المحتار " : واستنان الغسل لها والتطيب ولبس الأحسن وتقليم الأظفار وحلق الشعر . (۳/۴۳ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب ما اختص به يوم الجمعة ، =

رمضان المبارک یا جمعہ کے دن کی موت

مسئلہ (۴): اگر کسی فاسق مسلمان کی موت رمضان المبارک یا جمعہ میں ہوجائے، تو اس کو ہلکا عذاب ہوگا، اس کے بعد قیامت تک عذاب اُٹھالیا جائے گا، اور وہ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا، اور اگر کسی کافر کی موت ان ایام میں ہوجائے، تو اس سے صرف رمضان المبارک اور جمعہ میں عذاب اٹھالیا جائے گا، رمضان وجمعہ گذرنے کے بعد پھر اس پر عذاب ہوگا، اور اگلا رمضان وجمعہ آنے پر پھر اس سے عذاب اٹھالیا جائے گا، اور یہی سلسلہ جاری رہے گا، یہی تمام اہلِ سنت والجماعت کا عقیدہ ہے۔(۱)

=الموسوعة الفقهية :۲۱۰/۲۷، صلاة ، صلاة الجمعة ، آداب صلاة الجمعة ويومها ، أولا ما يسن فعله)

ما في " البحر الرائق " : ويستحب لمن حضر الجمعة أن يدهن ويمس طيبا إن وجده ، ويلبس أحسن ثيابه ويغتسل . (۲۷۴/۲، كتاب الصلاة ، باب صلاة الجمعة)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : الاغتسال والتطيب ولبس أحسن الثياب لمن يأتي الجمعة .... ۳/ تنظيف الجسد وتحسين الهيئة قبل الصلاة ، بتقليم الأظفار وقص الشارب ونتف الإبط وحلق العانة ونحو ذلک كإزالة الرائحة الكريهة بالسواک للفم وغيره من مواطن الرائحة في الجسم . (۱۳۲۲/۲– ۱۳۲۴، صلاة الجمعة ، المطلب السابع ؛ سنن الجمعة ومكروهاتها) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۰۳۲۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن عمرو رضي الله تعالى عنه قال : قال رسول الله ﷺ : " ما من مسلم يموت يوم الجمعة أو ليلة الجمعة إلا وقاه الله فتنة القبر " . قال أبو عيسى : هذا حديث غريب ، وليس إسناده بمتصل . (۲۰۵/۱، أبواب الجنائز ، باب ما =

عید الفطر یا عید الاضحیٰ کے دن زیارتِ قبور

مسئلہ (۵): عید الفطر اور عید الاضحیٰ کا دن مسرت اور خوشی کا دن ہوتا ہے[۱]، بسا اوقات مسرت میں لگ کر آخرت سے غفلت ہوجاتی ہے، اور زیارتِ قبور سے آخرت کی یاد آجاتی ہے، یا کسی کو اِس خوشی کے موقع پر اپنے مرحوم والدین کی یاد آجاتی ہے، اس لیے اگر کوئی شخص عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن زیارتِ قبور کے لیے جائے، تو یہ جائز اور درست ہے[۲]، بشرطیکہ اِس عمل کو لازم یا مسنون نہ سمجھا جائے، اور نہ اِس کا ایسا التزام ہو، جس سے دوسروں کو شبہ ہو کہ یہ

= جاء في من يموت يوم الجمعة ، مشكوة المصابيح :ص/. ۱۲۱، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، الفصل الثالث ، الرقم :۱۳۶۷، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : وهذا يدل على أن شرف الزمان له تأثير عظيم كما أن فضل المكان له أثر جسيم ..... فإذا قبض الله عبدا من عبيده فوافق قبضه يوم الجمعة كان ذلك دليلا لسعادته وحسن مآبه ، وأنه لا يقبض في هذا اليوم إلا من كتب له السعادة عنده .

(۳/۴۱۵، ۴۱۶، باب الجمعة)

ما في " رد المحتار " : قال أهل السنة والجماعة : عذاب القبر حق ، وسؤال منكر ونكير، وضغطة القبر حق ، لكن إن كان كافرا فعذابه يدوم إلى يوم القيامة ، ويرفع عنه يوم الجمعة وشهر رمضان ..... والمؤمن المطيع لا يعذب بل له ضغطة يجد هول ذلك وخوفه ، والعاصي يعذب ويضغط ، لكن ينقطع عنه العذاب يوم الجمعة وليلتها ثم لا يعود ، وإن مات يومها أو ليلتها يكون العذاب ساعة واحدة وضغطة القبر ثم يقطع ، كذا في المعتقدات للشيخ أبي المعين النسفي الحنفي من حاشية الحموي ملخصًا .

(۳/۴۴ ، كتاب الصلاة ، باب الجمعة ، مطلب ما اختص به يوم الجمعة)

(احسن الفتاویٰ:۴/ ۲۰۷، ۲۰۸، فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۵۴۴۳۸)=

چیز لازم اور ضروری ہے، نیز اگر کوئی شخص اِس دن زیارتِ قبور کے لیے نہ جائے، تو اُس پر طعن یا اس کی ملامت بھی نہ کی جائے، ورنہ یہ عمل بدعت ہوگا۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : دخل أبو بكر وعندي جاريتان من جواري الأنصار تغنيان ..... وذلک في يوم عيد فقال رسول الله ﷺ : " يا أبا بكر ! إن لكل قوم عيدًا ، وهذا عيدنا " . (۱/۱۳۰، كتاب العيدين ، باب سنة العيدين لأهل الإسلام ، صحيح مسلم : ۱/۲۹۱، كتاب العيدين)

ما في " عمدة القاري " : ان يوم العيد يوم انبساط وانشراح يغتفر فيه ما لا يغتفر في غيره .

(۲/۳۸۷ ، كتاب العيدين ، باب الحِراب والدَّرق يوم العيد)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن مسعود أن رسول الله ﷺ قال : " كنتُ نهيتُكم عن زيارة القبور ، فزوروها ، فإنها تُزهد في الدنيا وتذكر الآخرة " . رواه ابن ماجة .

(ص/۱۵۴ ، كتاب الجنائز ، باب زيارة القبور ، الفصل الثالث ، الرقم : ۱۷۶۹)

(۳) ما في " مجموعة رسائل اللكنوي " : فكم من مباح يصير بالالتزام من غير لزوم ، والتخصيص من غير مخصص مكروها .

(۳/۴۹۰ ، سباحة الفكر في الجهر بالذكر ، الباب الأول ، الثاني والأربعون)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من أصر على أمر مندوب وجعله عزمًا ولم يعمل بالرخصة فقد أصاب منه الشيطان من الاضلال فكيف من أصر على بدعة أو منكر .

(۳/۲۶ ، باب الدعاء في التشهد ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ۹۴۶)

(فتاویٰ محمودیہ:۱۲/۵۵۶،میرٹھ،فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۱۶۲۵۶)

آپ ﷺ کے نام کے ساتھ محض "صلعم" لکھنا

مسئلہ (۶): آپ ﷺ کے نام مبارک کے ساتھ اُردو یا عربی میں محض "صلعم" یا انگریزی میں (.A.S) لکھنا، یا اسی طرح کا کوئی دوسرا مخفف کلمہ لکھنا جو دُرُود کی طرف اشارہ کرے، کنجوسی اور خلافِ ادب ہے، اور اس سے دُرُود شریف کا فائدہ بھی حاصل نہیں ہوتا، اس لیے آپ ﷺ کے نام کے ساتھ پورا دُرُود شریف لکھنے اور پڑھنے کا اہتمام ہونا چاہیے۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن علي بن أبي طالب قال : قال رسول الله ﷺ : " البخيل الذي من ذكرتُ عنده فلم يصل عليّ " . هذا حديث حسن غريب صحيح .

(۱۹۴/۲ ، أبواب الدعوات ، الرقم : ۳۵۴۶ ، مشكوة المصابيح :ص/۸۷، كتاب الصلاة ، باب الصلاة على النبي ﷺ وفضلها ، الرقم :۹۳۳)

ما في " كتاب علوم الحديث المعروف بمقدمة ابن الصلاح " : التاسع ينبغي له أن يحافظ على كتبه الصلاة والتسليم على رسول الله تعالى صلى الله عليه وآله وسلم عند ذكره ولا يسأم من تكرير ذلك عند تكرره ، فإن ذلك من أكبر الفوائد التي يتعجلها طلبة الحديث وكتبته ومن أغفل ذلك حرم حظا عظيما ..... ثم ليجتنب في إثباتها نقيضين : أحدهما : أن يكتبها منقوصة صورة رامزا إليها بحرفين أو نحو ذلك ، والثاني : أن يكتبها منقوصة بأن لا يكتب (وسلم) .... سمعت حمزة الكتاني يقول : كنت أكتب الحديث وكنت أكتب عند ذكر النبي ﷺ ولا أكتب وسلم فرأيت النبي ﷺ في المنام ، فقال لي : ما لك لا تتم الصلاة عليّ ؟ قال : فما كتبت بعد ذلك ﷺ إلا كتبت وسلم ، قلت : ويكره أيضًا الاقتصار على " قوله عليه السلام " والله اعلم بالصواب . (ص/۷۶، ۷۷، النوع الخامس والعشرون معرفة كتابة الحديث وكيفية ضبط الكتاب وتقييده ، مطلب بيان أمور ومعارف مهمة رائقة)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۷۱۳۲)

ماہِ محرم الحرام میں سوگ و ماتم، مرثیہ خوانی وتعزیہ وغیرہ

مسئلہ (۷): ماہِ محرم الحرام میں سوگ و ماتم کرنا، مرثیہ خوانی کی مجلس کرنا اور اس میں شرکت کرنا، اور علم یعنی جھنڈا، وتعزیہ یعنی حضرت امام حسین اور اہلِ بیت رضی اللہ عنہم کی تُربتوں کی نقل- کاغذ اور بانس وغیرہ سے بطورِ یادگار بنانا، اُس پر بَدّھی یعنی ہار اور پھول چڑھانا، تعزیوں پر نذر و نیاز دلوانا، تعزیہ کو حاجت رَوا، یعنی ذریعۂ حاجت رَوائی سمجھنا، بَیراگ یعنی فقیر بننا، پَیک یعنی قاصد وہَرکارہ بننا، نیز تعزیوں سے منّتیں اور مُرادیں مانگنا وغیرہ، یہ سب خُرافات جورَوافض کرتے ہیں، قطعاً بدعت، جہالت پر جہالت، حماقت اور ناجائز وحرام ہیں[۱]، اور اِن سب بدعات وخرافات کے نہ کرنے کو باعثِ نقصان خیال کرنا زَنانہ وہم ہے، مسلمانوں کو ایسی غلط حرکات سے باز آنا چاہیے[۲]، البتہ تمام شہدائے اسلام کے لیے انفرادی طور پر ایصالِ ثواب کرتے رہنا چاہیے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(ا) ما في " صحيح البخاري " : " من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد " .

(ص/۳۷۱، الرقم : ۲۶۹۷ ، كتاب الصلح ، صحيح مسلم : ۲/۷۷ ، كتاب الأقضية ، سنن أبي داود : ص/۶۳۵ ، كتاب السنة ، باب في لزوم السنة ، الرقم : ۴۶۰۶ ، مشكوة المصابيح : ص/۲۷ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة)

ما في " بذل المجهود " : سواء كان في العمل أو الاعتقاد فهو مردود .

(۱۳/۳۳ ، تحت الرقم : ۴۶۰۶)

ما في " شرح الطيبي " : قوله ﷺ : " كل بدعة ضلالة " . =

....

=(١/٢٢٣ ، مشكوٰة المصابيح :ص/٣٠ ، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الثاني)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال في الأزهار : " كل بدعة سيئة ضلالة " . (١/٣٣٧)

ما في " مرعاة المفاتيح " : وقال النووي : " البدعة كل شيء عمل على غير سابق ؛ وفي الشرع : إحداث ما لم يكن في عهد رسول الله ﷺ " . والمراد بالبدعة : ما أحدث في الدين ما لا أصل له في الشريعة يدل عليه ، وأما ما كا ن له أصل من الشرع يدل عليه فليس ببدعة شرعًا ، وإن كان بدعة لغة ، وأما ما وقع في كلام السلف من استحسان بعض البدع فإنما ذلك في البدع اللغوية لا الشريعة ، فالبدعة الشرعية كلها مذمومة لأنها موجبة للضلال والغواية " . (١/٢٦٤ ، بحوالہ فتاویٰ عثمانی:١/١١٣)

ما في " كتاب التعريفات ": البدعة هي الأمر المحدث الذي لم يكن عليه الصحابة والتابعون ولم يكن مما اقتضاه الدليل الشرعي . (ص٤٧)

ما في " الدر المختار مع الشامية ": ما أحدث على خلاف الحق الملتقى عن رسول الله ﷺ في علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان وجعل ديناً قويماً وصراطاً مستقيماً .

(٢/٢٥٦ ، مطلب البدعة على خمسة أقسام)

(٢) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما تشآء ون إلا أن يشاء اللّٰه ان اللّٰه كان عليما حكيما﴾ .

(سورة الدهر : ٣٠) . ﴿وما تشآء ون إلا أن يشاء اللّٰه رب العٰلمين﴾ . (سورة التكوير : ٢٩)

ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : فأخبرتعالى : إنا لا نشاء شيئا إلا قد شاء الله أن يشاء ه ..... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن . (ص/١٢)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبى هريرة قال: قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . رواه البخاري . (ص/٣٩١ ، باب الفال والطيرة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جلياً . (٨/٣٩٨ ، تحت الرقم : ٤٥٨٧)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : وأما النوع الثاني فالشرك في الربوبية ، فإن الرب سبحانه هو المالك المدبر المعطي المانع النافع الضار الخافض الرافع المعز المذل . فمن شهد أن المعطي أو المانع أو الضار أو النافع أو المعز أو المذل غيره فقد أشرك=

یومِ عاشورا میں مخصوص طرز پر چار رکعت نفل

مسئلہ (۸): طلبۂ جامعہ کی طرف سے چسپاں کیے گئے جداری پرچوں میں سے ایک پرچہ ''**البدر**'' میں فضیلتِ یومِ عاشورا کے متعلق یوں تحریر ہے: ''حضور پُر نور، محمد عربی ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ: ''جو شخص اس دن کا روزہ رکھے گا، اس کے ''اگلے- پچھلے'' سارے گناہ اللہ کے فضل وکرم سے معاف کردیئے جائیں گے۔'' ...... حالاں کہ صحیح روایت یوں ہے: ''حضور پاک ﷺ نے فرمایا کہ ''یومِ عاشورا کے روزے کے ثواب کے بارے میں خدائے پاک سے امید رکھتا ہوں کہ اللہ اس کو گزشتہ سال کے گناہوں کا کفارہ بنادے۔''[1] (جداری پرچے میں لفظ ''اگلے'' زائد ہے، جو کاتب کی زیادتی ہے)=

= بربوبيته .... قوله ﷺ لإبن عباس رضي الله عنهما : " واعلم أن الأمة لو اجتمعوا على أن ينفعوک لم ينفعوک إلا بشيء قد کتبه الله لک " . فهذا يدل على أنه لا ينفع في الحقيقة إلا الله ولا يضر غيره . (۱/۱۲، تعريف التوحيد وأقسامه)

(۳) ما في " البحر الرائق " : الأصل فيه أن الإنسان له أن يجعل ثواب عمله لغيره صلاةً أو صومًا أو صدقة أو قراء ة قرآن أو ذكرًا أو طوافًا أو حجًا أو عمرة أو غير ذلک عن أصحابنا بالکتاب والسنة . (۳/۱۰۵ ، کتاب الحج ، باب الحج عن الغير)

ما في " رد المحتار " : الأفضل لمن يتصدق نفلا أن ينوی لجميع المؤمنين والمؤمنات لأنها تصل إليهم ولا ينقص من أجره شيء .

(۳/۱۵۱ ، کتاب الصلاة ، باب صلاة الجنازة ، مطلب : في القراء ة للميت وإهداء ثوابها له)

(فتاویٰ رحیمیہ: ۲/۷۰،۷۱، فتاویٰ محمودیہ: ۳/۲۷۶، ۲۷۷، بہارِ شریعت: ۹/۲۱، عرفانِ شریعت: ۱/۷-۱۶، فتویٰ مولوی احمد رضا خان بریلوی، مؤلفہ مولوی امجد علی قادری رضوی، عرفانِ ہدایت: ص/۹، مولوی محمد عرفان رضوی بریلوی، رسالہ محرم وتعزیہ داری: حصہ دوم: ص/ ۵۹، ۶۰، مولوی محمد مصطفیٰ خان بریلوی)=

=اسی طرح اس پرچے میں مخصوص طرز پر چار رکعت نفل کا تذکرہ ہے کہ:

''جو شخص یومِ عاشورا کو چار رکعت نماز پڑھے، اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے، تو اللہ تعالیٰ اس کے پچاس برس کے گناہ معاف کردیتا ہے، اور اس کے لیے نور کا منبر بناتا ہے۔''(۲)- یہ بھی احادیثِ صحیحہ سے ثابت نہیں، بلکہ بدعت ہے، جسے ترک کرنا لازم ہے۔(۳)

طلبۂ کرام! یہ بات ذہن نشیں کرلیں کہ عاشورہ، یعنی ۱۰/محرم کے دن خصوصیت کے ساتھ کوئی خاص ذکر یا تسبیح یا طریقۂ عبادت، مثلاً: مخصوص طرز پر چار رکعت نفل وغیرہ، قطعاً درست نہیں، کیوں کہ آپ ﷺ اور صحابۂ کرام سے معتبر و مستند طریق پر منقول نہیں، لہٰذا کسی خاص طریقہ پر نفل نماز پڑھنا اور اسے باعثِ اجر وثواب سمجھنا بدعت ہے، اور آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ: ''جب کوئی قوم کسی بدعت کو رَواج دیتی ہے، تو اسی کے مثل سنت اٹھالی جاتی ہے، اس لیے کسی سنت پر عمل کرنا اِحداث فی الدین یعنی بدعت سے بہتر ہے۔''(۴)

تنبیہ: مذکورہ جداری پرچے میں مخصوص طرز پر چار رکعت نفل کا طریقہ، کتاب ''شامِ کربلا'' (مصنف: مولانا محمد شفیع اوکاڑوی قبلہ، ناشر مکتبہ جامِ نور دہلی، مطبع: زمزم آفسیٹ پریس دہلی) سے ماخوذ ہے، جس کے مضامین عقائد اہل سنت والجماعت سے متصادم ہیں، لہٰذا جداری پرچوں کے ایڈیٹر و ذمہ دار اور مضمون نگار طلبہ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ معتبر و مستند کتابوں سے ہی مضمون نگاری کریں، اور جو بھی مضمون لکھیں، محقق و مدلل اور احادیثِ صحیحہ کی مُراجعت کے بعد ہی لکھیں!!

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي قتادة مرفوعا : " صيام يوم عاشوراء احتسب على الله أن يكفّر السنة التي قبله " . (۱/۳٦۷ ، باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء الخ ، رقم :۲۸۰۳ ، جامع الترمذي : ۱/۱۵۸ ، باب ما جاء في الحث على صوم يوم عاشوراء ، رقم : ۷۵۲ ، سنن ابن ماجه :ص/۱۲۴ ، أبواب ما جاء في الصيام ، باب صيام يوم عاشوراء ، رقم : ۱۷۳۸ ، سنن أبي داود :ص/۳۲۹ ، كتاب الصيام ، باب في صوم الدهر تطوعًا ، قديمي)

(۲) ما في " نزهة المجالس ومنتخب النفائس " : وعنه ﷺ : " من صلى يوم عاشوراء أربع ركعات يقرأ في كل ركعة فاتحة الكتاب وقل هو الله أحد إحدى عشرة مرة غفر الله له ذنوب خمسين عامًا وبنى له منبرًا من نور " . (۱/۱٦۵ ، باب فضل صيام يوم عاشوراء وصيام أيام البيض ، عبد الرحمن بن عبد السلام الصفوري/ الصفوي)

ما في " شام كربلا " : حضور ﷺ نے فرمایا: (جو عاشورے کے دن چار رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ "قل ہو اللہ احد" پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے پچاس برس کے گناہ معاف کر دیتا ہے، اور اس کے لیے نور کا منبر بناتا ہے۔" (شامِ کربلا:ص/۲۸۸، فضیلتِ عاشوراء)

(۳) (فتاویٰ محمودیہ:۳/۲۵۵،۲۵٦، طبع کراچی، و۳/۲۷۳،۲۷۴)

(۴) ما في " مشكوة المصابيح " : عن غضيف بن الحارث الثمالي قال : قال رسول الله ﷺ : " ما أحدث قوم بدعةً إلا رُفع مثلُها من السنة ؛ فتمسُّكٌ بسنةٍ خيرٌ من إحداث بدعة " . رواه أحمد . (ص/۳۱ ، كتاب الإيمان ، باب الإعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الثالث ، قديمي)

ما في " مرقاة المفاتيح " : والأظهر أن مراده عليه الصلاة والسلام المبالغة في متابعته وأن سنته من حيث أنها سنة أفضل من بدعة ولو كانت مستحسنة مع قطع النظر عن كونها متعدية أو قاصرة أو دائمة أو منقطعة ، ألا ترى أن ترك سنة أي سنة تكاسلا يوجب اللوم والعتاب ، وتركها استخفافًا يثبت العصيان والعقاب ، وإنكارها يجعل صاحبه مبتدعًا بلا ارتياب . والبدعة ولوكانت مستحسنة لا يترتب على تركها شيء من ذلك ، وأما جعل خير بغير معنى التفضيل فبعيد بل تحصيل حاصل معلوم عند المخاطبين فلا يكون فيه فائدة تامة ولا مبالغة كاملة والله اعلم . (رواه أحمد) قال ميرك : بسند جيد . (۱/۳۹۳ ، رقم :۱۸۷، الفصل الثالث) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۳٦۲۸۵)

۱۱/ربیع الثانی کوغوث اعظم کے لیے ایصالِ ثواب

مسئلہ (۹): حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کے ایصالِ ثواب کے لیے ۱۱/ربیع الثانی کو گیارہویں کی رسم منائی جاتی ہے، ان کے نام پر کھانا تیار کیا جاتا ہے، اوراس پر فاتحہ پڑھی جاتی ہے، اگراس قسم کا کھانا پکانے والا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو نفع ونقصان کا مالک نہیں سمجھتا، تو اس کا کھانا حرام تو نہیں، مگر یہ فعل بدعت ہے، ایسا کھانا لینے سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کی جائے، تاکہ بدعت کی اشاعت اورتائید کا گناہ نہ ہو، اوراگراس قسم کا کھانا پکانے والا شیخ رحمہ اللہ کو نفع ونقصان کا مالک سمجھتا ہے، تو اس کا یہ فعل شرک ہے، اور شیخ رحمہ اللہ کے نام پر پکایا گیا کھانا، کھانا-اوراس کا قبول کرنا کسی صورت میں جائز نہیں۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " مشکوة المصابیح " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : "من أحدث في أمرنا هذا ما لیس منه فهو ردٌّ " . (ص/۲۷)

ما في " التعریفات الفقهیة للبرکتي " : البدعة : هي الأمر المحدث الذي لم یکن علیه الصحابة والتابعون ولم یکن مما اقتضاه الدلیل الشرعي . (ص/۲۰۴)

ما في " الشامیة " : وفي البزازیة : ویکره اتخاذ الطعام في الیوم الأول والثالث وبعد الأسبوع ...... وهذه الأفعال کلها للسمعة والریاء فیحترز عنها لأنهم لا یریدون بها وجه الله تعالی .

(۱۳۹/۳ ، کتاب الصلاة)

(احسن الفتاویٰ:۳۸۲/۱،فتاویٰ رحیمیہ:۷۶/۲)

عرس منعقد کرنا اور اس میں شرکت کرنا

مسئلہ (۱۰): مروّجہ عُرس میں بہت سے مشرکانہ افعال، بدعات اور بُرے اُمور، مثلاً: طوافِ قبور، قوالی، طبلہ بجانا وغیرہ، کا ارتِکاب کیا جاتا ہے [۱]، اس لیے یہ عرس بہت سے گناہوں کا مجموعہ ہوگیا ہے، اس لیے اِن عرسوں کو منعقد کرنا اور ان میں شرکت کرنا جائز نہیں، سخت گناہ ہے، اور وہاں جو دعوت اور کھانا پینا ہوتا ہے، وہ سب غیر اللہ کے نام کی نذر و منّت کا ہوتا ہے، اس لیے اُس کو تبرُّک سمجھ کر کھانا اور تقسیم کرنا، ناجائز وحرام ہے [۲]، اور ان چیزوں سے بچنا واجب ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المنتقى على هامش الملتقى مع مجمع الأنهر " : فما ظنك به عند الغناء الذي يسمون وجدا ومحبة فإنه مكروه ، لا أصل له في الدين ، زاد في الجواهر : وما يفعله متصوفة زماننا حرام لا يجوز القصد والجلوس إليه ومن قبلهم لم يفعله .

(۴/ ۲۲۰ ، كتاب الكراهية)

ما في " الفتاوى البزازية على هامش الهندية " : استماع صوت الملاهي كالضرب بالقضيب ونحوه حرام . (۶/ ۳۵۹)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : واعلم أن النذر الذي يقع للأموات من أكثر العوام وما يؤخذ من الدراهم والشمع والزيت ونحوها إلى ضرائح الأولياء الكرام تقربا إليهم فهو بالإجماع باطل وحرام . [در مختار] وفي الشامية : قوله : (باطل وحرام) لوجوه : منها : انه نذر لمخلوق ، والنذر للمخلوق لا يجوز ؛ لأنه عبادة ، والعبادة لا تكون للمخلوق ....
ومنها : انه إن ظن أن الميت يتصرف في الأمور دون الله تعالى واعتقاده ذلك كفر .

(۳/ ۳۷۹ ، كتاب الصوم)

ما في " البحر الرائق " : وأما النذر الذي ينذره أكثر العوام على ما هو مشاهد كأن يكون =

تبلیغی جماعت کے سو سال مکمل، اب نیا مجدد، نئی جماعت

مسئلہ (۱۱): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ اللہ پاک ہر سو سال پر ایک مجدِّد پیدا کرتا ہے، تبلیغی جماعت کو بھی سو سال پورے ہونے کو ہے، تو اللہ تعالیٰ کسی نئے مجدّد کو بھیج کر نیا کام دے گا، تو لوگ اس جماعت کو چھوڑ کر کسی اور جماعت میں چلے جائیں گے، اُن کی یہ بات اِس حد تک تو صحیح ہے کہ ''ہر سو سال پر اللہ پاک نئے مجدّد کو پیدا کرتا ہے''- جیسا کہ ابوداؤد شریف کی یہ حدیث: '' **إنّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِه الأمّةِ عَلٰى كُلِّ مِائَةِ سَنةٍ مَن يُّجدِّدُ لَها دِينَهَا** '' اس پر شاہد ہے۔ مگر اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ کسی کام پر سو سال گزر جائیں، تو یہ نیا مجدد امت کو کوئی نیا کام دے گا، اور امت اس کام کو کرے گی، بلکہ اس نئے مجدد کا کام حدیث پاک میں یہ بتلایا گیا کہ وہ دین میں پیدا ہونے والی خرابیوں کو زائل کرے گا، اور اسلام کے رُخِ زیبا پر جو بدنُما داغ آجاتے ہیں، وہ انہیں صاف کرے گا، جیسا کہ حدیث کے آخری جملے '' **مَنْ يُجَدِّدُ لَها دِينَهَا** '' سے ثابت ہوتا ہے[1]، لہٰذا اس طرح کی غلط باتیں کرنے اور انہیں عام کرنے سے بچنا چاہیے، کیوں کہ دینِ

=لإنسان غائب أو مريض أو له حاجة ضرورية فيأتي بعض الصلحاء فيجعل ستره على رأسه فيقول : يا سيدي ! إن رد غائبي أو عوفي مريضي .... فلک من الذهب كذا .... فهذا النذر باطل بالإجماع لوجوه : منها : انه نذر مخلوق ، والنذر للمخلوق لا يجوز ؛ لأنه عبادة .... ومنها : إن ظن أن الميت يتصرف في الأمور دون الله تعالى واعتقاد ذلک كفر .

(۲/ ۵۲۰ ، كتاب الصوم) (فتاویٰ محمودیہ: ۳/ ۲۲۷)=

اسلام آخری دین ہے (۲)، قیامت تک باقی رہے گا، اوراس کے عقائد، عبادات اوراحکام میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی نہیں ہوگی، اوراس کے مطابق زندگی گزارنا ہی، دنیوی کامیابی اوراُخروی سعادت کا ضامن ہے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي علقمة عن أبي هريرة فيما أعلم عن رسول الله ﷺ قال : " إن الله يبعث لهذه الأمة على رأس كل مائة سنة من يجدد لها دينها " . (ص/۵۸۹، كتاب الملاحم ، باب ما يذكر في قرن المائة ، الرقم : ۴۲۹۰ ، مشكوة المصابيح :ص/۳۶، كتاب العلم ، الفصل الثاني ، الرقم :۲۴۷، المستدرك على الصحيحين :۵۲۲/۴، كتاب الفتن والملاحم ، ذكر بعض المجددين في هذه الأمة ، دار الكتب العربي بيروت)

ما في " عون المعبود " : (من يجدد لها دينها) أي يبين السنة من البدعة ويكثر العلم وينصر أهله ويكسر أهل البدعة ويذلهم ، قالوا : ولا يكون إلا عالما بالعلوم الدينية الظاهرة والباطنية ، وقال العلقمي في شرحه : معنى التجديد احياء ما اندرس من العمل بالكتاب والسنة والأمر بمقتضاها .... قال في مجالس الأبرار : والمراد من تجديد الدين للأمة احياء ما اندرس من العمل بالكتاب والسنة والأمر بمقتضاها ، وقال فيه : ولا يعلم ذلك المجدد إلا بغلبة الظن ممن عاصره من العلماء بقرائن أحواله ولانتفاع بعلمه ، إذ المجدد للدين لا بد أن يكون عالما بالعلوم الدينية الظاهرة والباطنة ناصرا للسنة ، قامعا للبدعة ، وأن يعم علمه أهل زمانه ، وإنما كان بالتجديد على رأس كل مائة سنة لانخرام العلماء فيه غالبا ، واندراس السنن وظهور البدع ، فيحتاج حينئذ إلى تجديد الدين ، فيأتي الله تعالى من الخلق بعوض من السلف إما واحدا أو متعددا .... فظهر أن المجدد لا يكون إلا من كان عالما بالعلوم الدينية ، ومع ذلك من كان عزمه وهمته آناء الليل والنهار احياء السنن ونشرها ونصر صاحبها وإماتة البدع ومحدثات الأمور ومحوها وكسر أهلها باللسان أو تصنيف الكتب والتدريس أو غير ذلك ، ومن لا يكون كذلك لا يكون مجددا البتة وإن كان عالما بالعلوم مشهورا بين الناس مرجعا لهم . (ص/۱۸۴۱،۱۸۴۲ ، كتاب الملاحم ، تحت الرقم : ۴۲۹۰)=

....

=ما في " مرقاة المفاتيح " : والأظهر عندي والله اعلم أن المراد بمن يجدد ليس شخصا واحدا بل المراد به جماعة يجدد كل أحد في فن أو فنون من العلوم الشرعية ما تيسر له من الأمور التقريرية أو التحريرية ، ويكون سببًا لبقائه وعدم اندراسه وانقضائه إلى أن يأتي أمر الله ، ولا شک أن هذا التجديد أمر إضافي ، لأن العلم كل سنة في التنزل كما أن الجهل كل عام في الترقي ... ويدل عليه ما في البخاري عن أنس مرفوعا " لا يأتي على أمتي زمان إلا الذي بعده شر منه . الخ " . (۱/۲۶۲ ، كتاب العلم ، تحت الرقم :۲۴۷، بذل المجهود :۱۲/۳۳۶، ۳۳۷ ، كتاب الملاحم ، تحت الرقم : ۴۲۹۱)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ان الدّين عند الله الاسلام﴾ . (آل عمران : ۱۹)

ما في " التفسير المظهري " : (ان الدين) المرضى (عند الله) هو (الاسلام) قرأ الكسائي بفتح أنّ على أنه بدل الكل أن فسر الإسلام بالإيمان .... وبدل اشتمال إن فسر الإسلام بالشريعة المحمدية فإنه الدين المرضى عند الله في هذا الزمان بعد نسخ الأديان المنزلة من الله تعالى سابقًا . (۲/۲۹، آل عمران)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : ﴿اليوم اكملتُ لكم دينَكم واتممتُ عليكم نعمتي ورضيتُ لكم الاسلام دِينًا﴾ . (سورة المائدة :۳)

ما في " روح المعاني " : وعن ابن عباس والسدي أن المعنى اليوم أكملت لكم حدودي وفرائضي وحلالي وحرامي بتنزيل ما أنزلتُ وبيان ما بينتُ لكم فلا زيادة في ذلک ولا نقصان منه بالنسخ بعد هذا اليوم ، وكان يوم عرفة عام حجة الوداع .... (ورضيت لكم الاسلام دينا) أي اخترته لكم من بين الأديان وهو الدين عند الله تعالى لا غير ، وهو مقبول وعليه المدار . (۴/۹۰، ۹۱، الجزء الثاني ، سورة المائدة)

ما في " التفسير المظهري " : (اليوم اكملت لكم دينا) بالتنصيص على قواعد العقائد والتوقيف على أصول الشرائع من الفرائض والواجبات والسنن والآداب والحلال والحرام والمكروه وموجبات الفساد لماله وجود شرعي كالصلاة والصوم والبيع ونحوها وقوانين الاجتهاد فيما لا نص فيه . (۳/۵۳ ، سورة المائدة :۳)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۲۶۸۳۷)

جماعت میں نکلنا بدعت نہیں

مسئلہ (۱۲): تین دن، چالیس دن، یا سال کے لیے جماعت میں نکلنا بدعت نہیں ہے، کیوں کہ ان مخصوص مدتوں کے لیے جماعت میں نکلنے کا مقصودِ اصلی، دعوت وتبلیغ اور دین کا سیکھنا سکھانا ہے، اور یہ نظام بزرگوں کا بنایا ہوا ہے، جیسے مدرسوں میں داخلے، امتحان اور تعلیم کے لیے نظام بنائے گئے ہیں [۱]، اور ان کی افادیت سے کسی کو انکار نہیں ہے، جماعت کے اس نظام کے جواز کے لیے اتنی دلیل کافی ہے کہ وہ کتاب اللہ وسنتِ رسول اللہ ﷺ کے خلاف نہیں ہے، بلکہ کلمۂ طیبہ- لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ [۲]، نماز [۳]، علم [۴] وذکر [۵]، اکرامِ مسلم [۶]، تصحیح نیت [۷]، دعوت وتبلیغ [۸] اور ترکِ مالایعنی، یعنی فضول باتوں اور کاموں کا ترک کرنا [۹]، یہ تمام باتیں ایسی ہیں جن کو سمجھنا، ان کی عملی مشق کرنا، اور دوسروں تک ان کو پہنچانا، اور اس کے لیے جہدِ مسلسل، محنت ومشقت کرنا قرآن وحدیث سے ثابت ہے، اور ان کی طرف لوگوں کو دعوت دینا آپ ﷺ، حضراتِ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم، اور متبعِ سنت اکابر اولیاء سے قولاً وعملاً ثابت ہے، لہٰذا جماعت میں نکلنے کو بدعت کہنا جرأتِ بے جا اور جہالت ونادانی ہے، اس سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " المقاصد الشريعة " : ان الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا . (ص/۴٦)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فاعلم انه لا اله الا الله واستغفر لذنبک وللمؤمنين=

....

....

....

....

....

....

= والمؤمنٰت﴾ . [سورة محمد : ١٩] . ﴿محمد رسول الله﴾ . (سورة الفتح : ٢٩)
ما في " صحيح مسلم " : عن عبد الله بن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " أمرت أن أقاتل الناس حتى يشهدوا أن لا أله إلا الله وأن محمدا رسول الله " . (١/٣٧ ، كتاب الإيمان)
(٣) ما في " القرآن الكريم " : ﴿واقيموا الصلوة واٰتوا الزكوة﴾ . (سورة البقرة :٤٣)
(٤) ما في " سنن الكبرى للبيهقي " : قوله عليه السلام : " طلب العلم فريضة على كل مسلم" . (٢/٢٥٤ ، رقم الحديث :٣٦٦٣ ، و٢/٢٥٦ ، رقم الحديث :١٦٧٢ ، مشكوٰة المصابيح : ص/٣٤ ، كتاب العلم ، الفصل الثاني)
(٥) ما في " القرآن الكريم " : ﴿فاذكروني اذكركم واشكروا لي ولا تكفرون﴾ .
(سورة البقرة : ١٥٢)
(٦) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي الدرداء رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ قال : " ما مِن شيء أثقل في الميزان من حُسن الخلق " . (ص/٦٦١)
(٧) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ومآ اُمروآ اِلا لِيعبُدوُا اللّٰه مُخلِصينَ له الدِّين﴾ .
(سورة البينة :٥)
(٨) ما في " صحيح مسلم " : عن أبي سعيد قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " من رأى منكم منكرا فليغيّره بيده ، فإن لم يستطع فبلسانه ، فإن لم يستطع فبقلبه ، وذلک أضعف الإيمان " . (١/٥١) (فتاویٰ محمودیہ:٥/٦٦، میرٹھ، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:٤٣٠٢٩)
(٩) ما في " جمع الجوامع " : قال النبي ﷺ : " من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه " .
(٦/٣٩٣)

نماز کے بعد جائے نماز (مصلّٰی) فولڈ کردینا

مسئلہ (۱۳): بعض لوگ نماز سے فارغ ہونے کے بعد، جائے نماز (مصلّٰی) کا کونہ فولڈ کردیتے ہیں، یعنی پلٹ دیتے ہیں، اُن کا یہ عمل، اُن کی عادت سے متعلق ہے، اس کے فولڈ کرنے میں شرعاً نہ ثواب ہے، اور نہ ترک کرنے میں کوئی گناہ ہے۔[1]

رات یا دن میں ناخن کاٹنا

مسئلہ (۱۴): ناخن کاٹنے کے لیے شریعتِ مطہرہ میں رات یا دن کی کوئی تعیین نہیں ہے، جس وقت چاہے ناخن کاٹ سکتے ہیں۔[2]

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " معجم المصطلحات والألفاظ الفقهية " : وشرعاً : جاء في " ميزان الأصول " : المباح ؛ ما استوى فعله وتركه في الشريعة . (۳/۲۰۲، حرف الميم ، المباح ، كتاب التعريفات للجرجاني :ص/۱۹۲ ، باب الميم) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۹۱۳۵)

الحجة علی ما قلنا :

(۲) ما في " مرقاة المفاتيح " : ولم يثبت في قص الظفر يوم الخميس حديث بل كيفما احتاج إليه ، ولم يثبت في كيفيته ولا في تعيين يوم له شيء .

(۸/۲۷۲ ، كتاب اللباس ، باب الترجل ، الفصل الأول ، تحت الرقم : ۴۴۲۰)

ما في " الفتاوى الهندية " : حكي أن هارون الرشيد سأل أبا يوسف رحمه الله تعالى عن قصّ الأظافير في الليل فقال : ينبغي ، فقال : ما الدليل على ذلک ؟ فقال : قوله عليه الصلاة والسلام : " الخير لا يؤخر " . كذا في الغرائب . (۵/۳۵۸ ، كتاب الكراهية ، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء وقلم الأظافير الخ) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۲۱۸۵۳)

جمعرات کے دن مُولی خریدنا

مسئلہ (۱۵): بعض لوگ کہتے ہیں کہ جمعرات کے دن مُولی نہیں خریدنا چاہیے، کیوں کہ جمعرات کے دن روحوں کا نکلنا ہوتا ہے، اور مُولی سے بدبُو آتی ہے، جب کہ روحوں کو بدبُو نہیں آنی چاہیے، اُن کی یہ بات بے اصل اور غلط ہے، کیوں کہ جمعرات کے دن مُولی خریدنے کی ممانعت، مولیٰ حقیقی کے کلام اور آپ ﷺ کے ارشادات سے ثابت نہیں ہے، اور نہ ہی یہ بات ثابت ہے کہ جمعرات کے دن روحیں نکلتی ہیں، کیوں کہ روحیں اگر مُنعَم علیہ (نعمتوں میں) ہیں، تو انہیں دنیا میں آکر لپٹتے پھرنے کی کیا ضرورت ہے، اور اگر مُعذَّب (عذاب میں گرفتار) ہیں، تو فرشتگانِ عذاب کیونکر چھوڑ سکتے ہیں، اس لیے اس طرح کے توہمات سے اپنے آپ کو بچانا چاہیے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " سنن النسائي " : عن كعب بن مالك كان يحدث عن رسول الله ﷺ قال : "إنما نسمة المؤمن طائر في شجر الجنة حتى يبعثه الله إلى جسده يوم القيامة " .

(۱/۲۵۵، كتاب الجنائز ، أرواح المؤمنين)

ما في " مجمع الزوائد " : عن أم هانئ أنها سألت رسول الله ﷺ : أنتزاور إذا متنا ويرى بعضنا بعضًا ؟ فقال رسول الله ﷺ : " تكونُ النَّسَمُ طيرا تعلق بالشجر حتى إذا كان يوم القيامة دخلت كل نفس في جسدها " . (۳/۵۴، كتاب الجنائز ، باب في الروح ، الرقم :۳۹۳۴ ، مسند أحمد :۱۸/۵۳۲، الرقم :۲۷۲۶۰ ، من حديث أم هانئ بنت أبي طالب رضي الله عنها)

ما في " الروح لإبن القيم " : إن الأرواح قسمان : أرواح معذبة ، وأرواح منعمة ، فالمعذبة في شغل بما هي فيه من العذاب ، والأرواح المنعمة المرسلة غير المحبوسة تتلاقى =

کائنات کے ہر ذرہ پر''وحدہٗ لاشریک لہٗ'' کی ملکیت

مسئلہ (۱۶): آج کل اخبار اور واٹس ایپ وغیرہ پر ایسی چیزوں کی تصویریں شائع اور شیئر کی جارہی ہیں، جن پر قدرتی طور پر لفظ''اللہ'' یا''محمد'' لکھا ہوا نظر آتا ہے، اگر یہ واقعۃً وحقیقۃً ہو، تو اس سے اہلِ ایمان کے ایمان میں تازگی وپختگی، اور آپ ﷺ کی اتباع وپیروی کے جذبات پیدا ہونے چاہیے، کیوں کہ ان کا ایمان ہے کہ کائنات کے ذرہ ذرہ پر''وحدہٗ لاشریک لہٗ'' کی ملکیت ہے[۱]، اور آپ ﷺ کی اتباع کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہے[۲]، اللہ تعالیٰ کائنات کی ہر چیز پر ہر طرح کا تصرف[۳] اور اپنی قدرت کے عجائب ظاہر کرسکتا ہے[۴]، اس لیے اس طرح کی چیزیں اس کی کھلی نشانیاں ہیں، مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ بہت سی مرتبہ خیال جمانے سے''اللہ'' یا''محمد'' لکھا ہوا نظر آتا ہے، حقیقۃً لکھا ہوا نہیں ہوتا، نیز اسلام وکفر کا مدار ان چیزوں پر نہیں ہے[۵]، اس لیے اس چکر میں پڑنے کی ضرورت نہیں، بلکہ اپنے ایمان کی حفاظت اور اعمالِ صالحہ کی فکر میں لگے رہنا چاہیے۔

=وتتزاور وتتذاكر ما كان منها في الدنيا وما يكون من أهل الدنيا . (ص/ ۲۰، المسألة الثانية وهي أن أرواح الموتى هل تتلاقى وتتزاور وتتذاكر أم لا؟) (اشرف الجواب:ص/۱۳۶، ۱۳۷، مردوں کی روح دنیا میں واپس نہیں آتی، دار الاشاعت کراچی، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۳۸۷۵۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولله ما في السمٰوٰت وما في الارض﴾ . (آل عمران : ۱۰۹)

(۲) ما في " كنز العمال " : عن ابن عمرو عن النبي ﷺ قال : " لا يؤمن أحدكم حتى =

لمبی عمر کی نیک فال لینا

مسئلہ (۱۷): مجلس میں کسی غیر موجود شخص کا ذکر ہو رہا ہو، اور وہ اسی وقت مجلس میں آجائے، تو لوگوں میں یہ بات مشہور ہے کہ اس کی عمر لمبی ہوگی، شرعاً یہ نیک فال لینا ہے، جو ممنوع نہیں ہے [1]، مگر یہ اعتقاد کر لینا، اور وہ بھی جزماً ویقیناً کہ؛ اس کی عمر بڑھے گی ہی، یہ ایک طرح کی زیادتی اور مُفضِی الیٰ علیم الغیب ہے، جو جائز نہیں۔ [2]

=یکون هواه متبعًا لما جئت به". (۱/۱۲۱، الرقم: ۱۰۸۰)

(۳) ما في "البيضاوي": والمالک هو المتصرف في الأعيان المملوکة کيف شاء. (ص/۷)

(۴) ما في "القرآن الكريم": ﴿سنريهم اٰيٰتنا في الاٰفاق وفي انفسهم حتى يتبين لهم انه الحق﴾. (سورة حم السجدة: ۵۳)

ما في "روح المعاني": وقال عطاء وابن زيد: ان معنى "سنريهم آياتنا في الاٰفاق" أي أقطار السماء والأرض من الشمس والقمر وسائر الكواكب والرياح والجبال الشامخة وغير ذلک، وفي انفسهم من لطيف الصنعة وبديع الحكمة وضعف ذلک الإمام بنحو ما سمعت آنفا، وأجيب بأن القوم وإن كانوا قد رأوا تلک الآيات إلا أن العجائب التي أودعها الله تعالى فيها مما لا نهاية لها فهو سبحانه يطلعهم عليها زمانا قريبا حالا فحالا، فإن كل أحد يشاهد بنية الإنسان إلا أن العجائب المودعة في تركيبها لا تحصى، وأكثر الناس غافلون عنها فمن حمل على التفكر فيها بالقوارع التنزيلية والتنبيهات الالٰهية كلما ازداد تفكرا ازداد وقوفا. (۱۴/۱۱، ۱۲، سورة حم السجدة)

(۵) ما في "مشكوة المصابيح": وعن ابن عمر رضي الله عنهما قال: قال رسول الله ﷺ: "بني الإسلام على خمس؛ شهادة أن لا إله إلا الله، وأن محمدا عبده ورسوله وإقام الصلاة وإيتاء الزكاة والحج وصوم رمضان". متفق عليه. (ص/۱۲، كتاب الإيمان)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۶۴۱۸)=

....

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " سنن أبي داود " : عن أبي وهب الجشمي وكانت له صحبة قال : قال رسول الله ﷺ : " تسموا بأسماء الأنبياء وأحب الأسماء إلى الله تعالى عبد الله وعبد الرحمن ، وأصدقها حارث وهمام ، وأقبحها ومرة " .

(ص/٦٧٦، ٦٧٧، كتاب الأدب ، باب في تغيير الأسماء)

ما في " حاشية سنن أبي داود " : قال المحشي رحمه الله : قوله : " ومرة " لما فيها من المرارة والشناعة ، وكان ﷺ يحب الفال الحسن والإسم الحسن . كذا في مرقاة الصعود .

(ص/٦٧٧، رقم الحاشية : ١)

ما في " صحيح البخاري " : عن أنس بن مالك عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة ، ويعجبني الفأل ، قالوا : وما الفال ؟ قال : الكلمة الطيبة " .

(٢/٨٥٩، كتاب الطب ، باب لا عدوى ، قديمي ، صحيح مسلم : ٢/٢٣١، كتاب السلام ، باب الطيرة والفال وما يكون فيه الشوم)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا هامة ولا طيرة وأحب الفال الصالح " .

(٢/٢٣١، كتاب السلام ، باب الطيرة والفال وما يكون فيه الشوم)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة قال : قال النبي ﷺ : " لا طيرة وخيرها الفال ، قال : وما الفال يا رسول الله ؟ قال : الكلمة الصالحة يسمعها أحدكم " .

(٢/٨٥٦، كتاب الطب ، باب الفال)

ما في " الموسوعة الفقهية " : التفاؤل مباح بل حسن إذا كان متعينا للخير كأن يسمع المريض يا سالم ! فينشرح لذلك صدره ، ولا خلاف بين الفقهاء في جواز التفاؤل بالكلمة الحسنة من غير قصد ، كأن يسمع المريض يا سالم أو يسمع طالب الضالة يا واجد ، فتستريح نفسه لذلك . (١٣/٧٧، تفاؤل ، حكمه التكليفي ، رد المحتار :٣/٤٤، ٤٥، كتاب الصلاة ، باب العيدين ، مطلب في الفأل والطيرة ، بيروت)

(٢) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وعنده مفاتح الغيب لا يعلمهآ الا هو﴾ . (سورة=

جادو کی حقیقت اور اس کے برحق ہونے کا مطلب

مسئلہ (۱۸): بعض کمزور عقیدے کے جُہلاء یہ خیال کرتے ہیں کہ فلاں ساحر یا ڈائن، یعنی جادوگرنی نے ہمارے بچہ یا بیوی وغیرہ کو مار ڈالا، یا بیمار کردیا، نیز یہ بھی مشہور ہے کہ جادو برحق ہے، یعنی جادوگروں میں یہ طاقت ہے کہ وہ آدمی کو مار سکتے ہیں، یا بیمار کرسکتے ہیں، جب کہ اُن کا یہ عقیدہ سراسر غلط اور جہالت ہے، فاعلِ حقیقی اللہ کی ذات ہے، اس کے حکم کے بغیر کوئی کچھ نہیں کرسکتا، مخلوق میں سے جو کوئی، جو کچھ کرتا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے ارادے اور حکم سے ہوتا ہے، البتہ یہ چیزیں (جادو، وسحر) کبھی اسبابِ امراض وہلاکت ہوجاتی ہیں، نیز جادو کے برحق ہونے کا مطلب یہ ہے کہ- جادو کی تاثیر ہوتی ہے- خود آں حضرت ﷺ پر جادو کا اثر ہوا، مگر بہ حکمِ خداوندی سورۂ فلق اور سورۂ ناس کے ذریعے سے وہ زائل ہوگیا[1]، اور یہ اثر جادو میں اللہ تعالیٰ ہی نے رکھا ہے، لہٰذا جادو کو مؤثرِ حقیقی نہیں کہا جاسکتا، یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ شیطان کو اللہ تعالیٰ نے گمراہ کرنے کی قوت دی ہے، اور اس کو مہلت بھی دی ہے کہ وہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے گمراہ کرے، مگر

= الأنعام : ۵۹)

ما في " التفسير المظهري " : والمراد بالغيب ما لم يوجد بعد كأخبار المعاد ومن هذا القبيل أن المطر هل ينزل أو لا ومتى ينزل ومنه ما تكسب نفس غدا وأنه بأرض تموت أو وجد ولم يظهر الله تعالى على أحد ، ومنه ما في الأرحام ..... قلت : وليست خزائن الغيب منحصرة في الخمس المذكورة بل كل ما لم يوجد أو لم يظهر بعد . (۳/۲۷۰، سورة الأنعام)=

یہ قوت وطاقت اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملی ہے، لہٰذا مسلمانوں کو اس طرح کے باطل عقائد وگمراہ خیالات سے احتراز کرنا چاہیے، اور اللہ کی ذات پر مکمل اعتماد وبھروسہ اور یقین رکھنا چاہیے۔ (۲)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " تفسير النسفي " : روي : أنه ﷺ سحر فمرض ، فجاءه ملكان وهو نائم فقال أحدهما لصاحبه : ما باله ؟ فقال : طُبّ ، قال : ومن طبّه ؟ قال : لبيد بن أعصم اليهودي ، قال : وبم طبّه ؟ قال : بمشطٍ ومشاطةٍ في جُفّ طلعةٍ ، تحت راعوفة في بئر ذي أروان ، فانتبه ﷺ ، فبعث زبيرا وعليا وعمارا – رضي الله عنهم – فنزحوا ماء البئر وأخرجوا الجفّ فإذا فيه مشاطة رأسه ، وأسنان من مشطه ، وإذا فيه وتر معقّد فيه إحدى عشرة عقدة مغروزة بالإبر، فنزلت هاتان السورتان ، فكلما قرأ جبريل آية انحلّت عقدة ، حتى قام ﷺ عند انحلال العقدة الأخيرة ، كأنّما نشط من عقال ، وجعل جبريل يقول : باسم الله أرقيک ، والله يشفيک من كل داء يؤذيک ، ولهذا جوّزوا الاسترقاء بما كان من كتاب الله وكلام رسوله ﷺ ، لا بما كان بالسريانية والعبرانية والهندية ، فإنه لا يحل اعتقاده والاعتماد عليه. (۷۰۰/۳ ، ۷۰۱ ، سورة الناس)

ما في " مرقاة المفاتيح " : إن يهوديا سحر النبي ﷺ في إحدى عشرة عقدة في وتر دسه في بئر فمرض النبي ﷺ فنزلت المعوّذتان وأخبره جبرئيل عليه السلام بموضع السحر ، فأرسل عليا رضي الله عنه ، فجاء به فقرأهما عليه فكان كلما قرأ آية انحلت عقدة ووجد بعض الخفة .

(۳۲/۱۱ ، كتاب الفضائل والشمائل ، باب في المعجزات ، تحت الرقم :۵۸۹۳)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿قل لن يصيبنا إلا ماكتب اللّٰه لنا هو مولٰينا وعلى اللّٰه فليتوكل المؤمنون﴾ . (سورة التوبة : ۵۱)

ما في " روح المعاني " : أي لن يصيبنا إلا ما خط اللّٰه لأجلنا في اللوح . فتدل الآية على أن الحوادث كلها بقضاء اللّٰه تعالى . (۱۶۶/۶)=

اَمراض کے متعدی ہونے کا مطلب

مسئلہ(۱۹): عام لوگوں کا یہ خیال ہے کہ بعض بیماریاں مثلاً: کھُجلی، چیچک، آشوبِ چشم (آنکھ دُکھنا)، اور آب وہوا کی تبدیلی سے جو بیماری لاحق ہوتی ہے، نیز ہیضہ (کالرا-Cholera)وغیرہ متعدی ہوتی ہیں، کسی ایک کو اگر ہوجائے، تو اس کی مُجالَست ومُخالَطت سے دوسرے کو بھی ہوجاتی ہے، اُن کا یہ خیال غلط اور بے بنیاد ہے، اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی بیماری کسی کو نہیں لگ سکتی، اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: "لا عَدْویٰ"- چھوت، یعنی کسی بیماری کا ایک سے دوسرے کو لگنا کوئی حقیقت نہیں رکھتا(۱)، اس لیے مسلمان کا عقیدہ یہ ہونا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی بیماری لاحق نہیں ہوتی، وما تشآء ون الا اَن یشآءَ اللّٰہُ رَبُّ العٰلَمِین(۲)- تاہم انسان کمزور صفت وکمزور عقیدہ واقع ہوا ہے، اس لیے رسول اللہ ﷺ نے انسانی طبیعت اور اس کی فطرت کا خیال رکھتے ہوئے اسے حکم دیا ہے کہ- "مجذوم یعنی کوڑھ کے مریض سے اس طرح بھاگو جس

=ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما تشاء ون الا ان يشاء الله﴾ . (سورة الدهر : ۳۰) . ﴿وما تشاء ون الا ان يشاء الله رب العٰلمين﴾ . (سورة التكوير: ۲۹)

ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن ، ورداً لقول الله عز وجل : ﴿وما تشاء ون إلا أن يشاء اللّٰه﴾ . (ص/۱۲)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرك أي شركاً جلياً . (۳۹۸/۸ ، تحت رقم :۴۵۸۷) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند:۶۱۲/۱۸، ایمان کا بیان)=

طرح تم شیر سے بھاگتے ہو۔‘‘(۳)

اس حکم کی وجہ صرف اور صرف یہ ہے کہ انسان کا ایمان کمزور نہ ہو جائے، اور توحید کے سلسلے میں وہ شک میں مبتلا نہ ہو جائے، یعنی کمزور عقیدے والا، خارش زدہ، یا کوڑھ کے مریض کے ساتھ رہتے ہوئے اگر اس بیماری میں مبتلا ہو جائے گا، تو کہے گا کہ کھُجلی اور کوڑھ والے کی صحبت کی وجہ سے مجھے بھی بیماری لگ گئی، اسی طرح طاعون و پلیگ کی بیماری کے متعلق آپ ﷺ نے فرمایا کہ-’’جس شہر میں طاعون پھوٹ پڑا ہو، وہاں مت جاؤ، اور اگر پہلے سے اس شہر میں ہوں، تو وہاں سے باہر نہ جاؤ‘‘(۴)، کیوں کہ شہر میں جانے سے اگر وہ بیماری بہ تقدیرِ الٰہی لاحق ہوگئی، تو کمزور ایمان والا سمجھے گا کہ فُلاں شخص شہر میں آیا، تو اس کی وجہ سے بیماری لگ گئی، لہٰذا آپ ﷺ نے عقیدے کی خرابی سے بچانے کے لیے سدّ باب کے طور پر اُس شہر میں جانے سے ہی منع فرما دیا۔(۵)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أنس بن مالك عن النبي ﷺ قال : " لا عدوى ولا طيرة ، ويعجبني الفأل ، قالوا : وما الفال ؟ قال : الكلمة الطيبة " .

(۸۵۹/۲، كتاب الطب ، باب لا عدوى ، قديمي)

ما في " صحيح مسلم " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا هامة ولا طيرة وأحب الفال الصالح " .

(۲۳۱/۲ ، كتاب السلام ، باب الطيرة والفال وما يكون فيه الشوم)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبى هريرة قال: قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى=

....

= ولا طيرة ولا هامة ولا صفر " . رواه البخاري . (ص/ ۱ ۳۹ ، باب الفال والطيرة)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما تشآء ون إلا أن يشاء اللّٰه ان اللّٰه كان عليما حكيما﴾ . (سورة الدهر : ۳۰) . ﴿وما تشآء ون إلا أن يشاء اللّٰه رب العٰلمين﴾ . (سورة التكوير : ۲۹) . ﴿قل لا أملك لنفسي ضرا ولا نفعا الا ما شاء الله﴾ . (سورة هود : ۴۸)

ما في " التفسير المظهري " : فإنه رب كل شيء وخالق كل شيء من الأعيان والأعراض وأفعال العباد وغير ذلک . اهـ . (۱۰/ ۱۸۳ ، سورة التكوير : ۲۹)

ما في " مرقاة المفاتيح " : من اعتقد أن شيئاً سوى الله ينفع أو يضر بالاستقلال فقد أشرک أي شركاً جلياً . (۸/ ۳۹۸ ، تحت الرقم : ۴۵۸۷)

ما في " الإبانة عن أصول الديانة " : فأخبرتعالى : إنا لا نشاء شيئا إلا قد شاء الله أن يشاء ه ..... أجمع عليه المسلمون من أن ما شاء الله كان ، وما لم يشأ لم يكن . (ص/ ۱۲)

ما في " القول المفيد على كتاب التوحيد " : وأما النوع الثاني فالشرک في الربوبية ، فإن الرب سبحانه هو المالک المدبر المعطي المانع النافع الضار الخافض الرافع المعز المذل . فمن شهد أن المعطي أو المانع أو الضار أو النافع أو المعز أو المذل غيره فقد أشرک بربوبيته .... قوله ﷺ لإبن عباس رضي الله عنهما : " واعلم أن الأمة لو اجتمعوا على أن ينفعوک لم ينفعوک إلا بشيء قد كتبه الله لک " . فهذا يدل على أنه لا ينفع في الحقيقة إلا الله ولا يضر غيره . (۱/ ۱۲ ، تعريف التوحيد وأقسامه)

(۳) ما في " صحيح البخاري " : حدثنا سعيد بن ميناءَ قال : سمعت أبا هريرة يقول : قال رسول الله ﷺ : " لا عدوى ولا طيرة ولا هامة ولا صفر ، وفِرَّ من المجذوم كما تفرّ من الأسد " . (ص/ ۴۸۸ ، كتاب الطب ، باب الجُذام ، الرقم : ۵۷۰۷ ، دار السلام الرياض)

(۴) ما في " صحيح البخاري " : حدثنا حفص بن عمر : حدثنا شعبة قال : أخبرني حبيب بن أبي ثابت قال : سمعت إبراهيم بن سعد قال : سمعت أسامة بن زيد يحدث سعدا ، عن النبي ﷺ قال : " إذا سمعتم بالطّاعون بأرض فلا تدخلوها ، وإذا وقع بأرض وأنتم بها فلا تخرجوا منها " . (وفيه عن عبد الرحمن بن عوف) : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " إذا سمعتم به بأرض فلا تَقدَموا عليه ، وإذا وقع بأرض وأنتم بها فلا تخرجوا فرارا منه " – الحديث . =

....

....

....

....

....

....

=(ص/ ۴۸۹ ،۴۹۰ ، کتاب الطب ، باب ما یذکر في الطاعون ، الرقم :۵۷۲۸ ، ۵۷۲۹ ، ۵۷۳۰ ، دار السلام الریاض)

(۵) ما في " عمدة القاري " : قوله : " لا عدوی " – هي اسم من الإعداء کالرعوی والبقوی من الإرعاء والإبقاء ، یقال : أعداه الداء یعدیه إعداء وهو أن یصیبه مثل ما بصاحب الداء ، وکانوا یظنون أن المرض بنفسه یعدي فأعلمهم النبي ﷺ أن الأمر لیس کذلک ، وإنما الله عز وجل هو الذي یمرض وینزل الداء ، ولهذا قال : فمن أعدی الأول ؟ أي : من أین صار فیه الجرب ؟ اهـ . (۳۶۸/۲۱ ، کتاب الطب ، باب الجذام ، تحت الرقم :۵۷۰۷)

ما في " الموسوعة الفقهیة " : إن المراد بنفي العدوی أن شیئًا لا یُعدی بطبعه نفیا لما کانت الجاهلیة تعتقده أن الأمراض تُعدي بطبعها من غیر إضافة إلی الله تعالی فأبطل النبي ﷺ اعتقادهم ذلک ، وأکل مع المجذوم لیبیّن لهم أن الله هو الذي یُمرض ویشفي ، ونهاهم عن الدنو منه لیبیّن لهم أن هذا من الأسباب التي أجری الله العادة بأنها تُفضي إلی مسبّباتها ، ففي نهیه إثبات الأسباب ، وفي فعله إشارة إلی أنها لاتستقلّ ، بل الله هو الذي إن شاء سلبها قواها فلا تؤثّر شیئًا وإن شاء أبقاها فأثّرت ، وعلی هذا جری أکثر الشافعیة . ویُحتمل أیضًا أن یکون أکله مع المجذوم أنه کان به أمر یسیر لا یُعدي مثلُه في العادة ، إذ لیس الجَذمَی کلهم سواء ولا تحصل العدوی من جمیعهم . ۵ – العمل بنفي العدوی أصلا ورأسا وحمل الأمر بالمجانبة علی حَسم المادّة ، وسدّ الذریعة لئلا یحدُث للمخالط شيء من ذلک فیظنّ أنه بسبب المخالطة فیُثبت العدوی التي نفاها الشارع .

(۱۳۲/۱۵ ، جذام ، اختلاط المجذوم بالناس)

قرآنیات

قرآن کریم سے متعلق مسائل

قرآن پاک کو عربی زبان و عربی لہجے میں پڑھنا

مسئلہ (۲۰): قرآن پاک چوں کہ عربی زبان میں نازل ہوا ہے(۱)، اس لیے قرآن پاک کو عربی زبان میں، عربی لہجے میں پڑھنا ضروری ہے(۲)، عربی زبان کے علاوہ محض انگلش، ہندی، مراٹھی، گجراتی یا کسی اور زبان میں قرآن پاک پڑھنا جائز نہیں ہے(۳)، اسی طرح متنِ قرآن کے بغیر کسی بھی زبان میں تنہا ترجمۂ قرآن کی اشاعت ناجائز ہے، اس لیے اسے خریدنا، تقسیم کرنا، اور ہدیہ کرنا درست نہیں ہے(۴)، ہاں! اصل متنِ عربی کے ساتھ انگلش یا کسی اور زبان میں قرآن کریم کی مستند تفسیر و ترجمہ کو شائع کرنا جائز ہے، اس لیے اس کا خریدنا، تقسیم کرنا اور ہدیہ کرنا بھی جائز و درست ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿نزل به الروح الامين على قلبك لتكون من المنذرين بلسان عربي مبين﴾ . (سورة الشعراء :۱۹۳، ۱۹۴، ۱۹۵)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن حذيفة قال : قال رسول الله ﷺ : " اقرؤوا القرآن بلحون العرب وأصواتها ، وإياكم ولحون أهل العشق ولحون أهل الكتابين " الحديث .

(ص/۱۹۱، كتاب فضائل القرآن ، الفصل الثالث)

(۳) ما في " فتح القدير " : وفيه : إن اعتاد القراء ة بالفارسية أو أراد أن يكتب مصحفا بها =

عربی زبان کے علاوہ زبان میں قرآن کریم کی طباعت

مسئلہ (۲۱): قرآن کریم کی طباعت عربی زبان کے علاوہ صوبائی زبان میں، مثلاً؛ ہندی، مراٹھی، گجراتی وغیرہ میں کرنا یا لکھنا، باجماعِ امت حرام وناجائز ہے، اور مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر تحریفِ قرآن کے حکم میں ہے:

۱- ایسا کرنا مصاحفِ عثمانی کے رسم الخط کی تبدیل وتغییر ہے، جو باجماعِ امت حرام ہے۔[۱]

۲- صوبائی زبان؛ ہندی، مراٹھی، گجراتی وغیرہ میں بہت سے ایسے حروف موجود نہیں، جو قرآن کریم میں پائے جاتے ہیں، مثلاً - "ذ، ز، ض، ظ، الف، ع" - ان سب حروف کو مذکورہ زبانوں میں الگ الگ نقش اور تلفظ کے ساتھ نہیں ادا کیا جاتا، بلکہ ایک ہی نقش کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے، حالاں کہ ان حروف کے تلفظ کے بدلنے سے عربی میں معانی بدل جاتے ہیں، اور ایسا کرنا قرآن مجید کی کھلی تحریف ہے۔

۳- اگر صوبائی زبان میں حرکات؛ زبر، زیر وپیش کو بہ شکلِ حروف لکھا جائے، تو یہ ایک اور تحریف ہے۔

=یمنع وإن فعل في آية أو آيتين لا ، فإن کتب القرآن وتفسير کل حرف وترجمته جاز .

(۱/ ۲۹۱ ، کتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة ، بيروت)

(۴) ما في " رد المحتار " : وما کان سببا لمحظور فهو محظور . (۹/ ۴۲۶ ، کتاب الحظر والإباحة ، قبيل فصل في اللبس ، دار الکتاب ديوبند ، و۵/ ۲۲۳ ، مکتبه نعمانيه)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۰۷۰۸)=

۴- نیز اس میں عجم کے کفار کے ساتھ مشابہت بھی ہے، کیوں کہ یہ ان کا مخصوص رسم الخط ہے۔

۵- نیز اکثر علاقائی زبانوں کی شروعات بائیں جانب سے ہوتی ہے، بنا بریں قرآن پاک کی شروعات بھی بائیں جانب سے ہوگی، جو کہ خلافِ سنت وخلافِ ادب ہے، کیوں کہ دائیں جانب سے کام کی شروعات کرنا پسندیدہ اور مسنون ہے۔(۲)

اس لیے جو لوگ عربی زبان سے ناواقف ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ عربی سیکھیں، اور عربی ہی میں قرآن مجید کی تلاوت کریں!

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " الإتقان في علوم القرآن " : وقال أشهب : سئل مالک : هل يكتب المصحف على ما أحدثه الناس من الهجاء ؟ فقال : لا ، إلا على الكتبة الأولى ، رواه الداني في المقنع ، ثم قال : ولا مخالف له من علماء الأمة ...... وقال الإمام أحمد : يحرم مخالفة مصحف الإمام في واو أو ياء أو ألف أو غير ذلک . وقال البيهقي في شعب الإيمان : من يكتب مصحفا فينبغي أن يحافظ على الهجاء الذي كتبوا به هذه المصاحف ، ولا يخالفهم فيه ، ولا يغير مما كتبوه شيئًا ، فإنهم كانوا أكثر علما وأدق قلبا ولسانا ، وأعظم أمانة منا ، فلا ينبغي أن نظن بأنفسنا استدراكا عليهم .

(۳۲۸/۲ ، ۳۲۹ ، النوع السادس والسبعون في مرسوم الخط وآداب كتابته)

ما في " مناهل العرفان في علوم القرآن " : وقال الإمام أحمد بن حنبل : تحرم مخالفة خط مصحف عثماني في واو أو ألف أو ياء أو غير ذلک ..... وجاء في المحيط البرهاني في فقه الحنفية ما نصه : " إنه ينبغي ألا يكتب المصحف بغير الرسم العثماني " . وقال العلامة نظام الدين النيسابوري ما نصه : " وقال جماعة من الأئمة إن الواجب على القراء والعلماء =

....

....

....

=وأهل الكتابة أن يتبعوا هذا الرسم في خط المصحف ، فإنه رسم زيد بن ثابت ، وكان أمين رسول الله ﷺ وكاتب وحيه ".

(۱/ ۳۷۹ ، ۳۸۰ ، هل رسم المصحف توقيفي ، أقوال العلماء في التزام الرسم العثماني)

وفيه أيضًا : (رابعًا) ان مصطلح الخط والكتابة في عصرنا ، عرضة للتغيير والتبديل ، ومن المبالغة في قداسة القرآن حمايته من التغيير والتبديل في رسمه .

(۱/ ۳۹۸ ، شبهة على التزام الرسم العثماني في هذا العصر)

ما في " رد المحتار " : في الفتح عن الكافي : إن اعتاد القراء ة بالفارسية أو أراد أن يكتب مصحفا بها يمنع ، وإن فعل في آية أو آيتين لا . (۲/ ۱۸۷ ، باب صفة الصلاة ، مطلب في بيان المتواتر بالشاذ ، فتح القدير : ۱/ ۲۹۱ ، كتاب الصلاة ، باب صفة الصلاة)

ما في " الفتاوى الهندية " : وينبغي لمن أراد كتابة القرآن أن يكتبه بأحسن خط .... كما هو مصحف الإمام عثمان بن عفان رضي الله تعالى عنه . كذا في القنية .

(۵/ ۳۲۳ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة والمصحف وما كتب فيه شيء من القرآن الخ)

ما في " أصول الفقه الإسلامي للزحيلي " : فإن تغيير سورة أو آية بألفاظ عربية مرادفة لألفاظ القرآن لا يعد قرآنا مهما كان مطابقا للمفسر في دلالته لأن القرآن عربي خاص نزل من عند الله سبحانه . (۱/ ۴۲۳ ، مكتبه رشيديه كوئٹه ، بحوالہ آپ کے مسائل اوران کا حل: ۴/ ۴۶۴، جدید)

(۲) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة قالت : كان النبي ﷺ يحبّ التيامن ما استطاع في شأنه كله ؛ في طهوره وترجّله وتنعّله " . متفق عليه .

(ص/ ۴۶ ، كتاب الطهارة ، باب سنن الوضوء ، الفصل الأول)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۲۱۲۲، فتاویٰ محمودیہ: ۷/ ۲۱۴-۲۲۳، میرٹھ، آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۴/ ۴۶۳، ۴۶۴، جدید، جواہر الفقہ: ۱/ ۷۱-۹۴، قرآن کریم کا رسم الخط اور اس کے احکام)

موبائل و لیپ ٹاپ سے آیتِ قرآن ڈیلیٹ کرنا

مسئلہ (۲۲): آج کل موبائل اور لیپ ٹاپ میں قرآن کریم کی آیات یا سورت، لوگ پڑھنے کی نیت سے رکھتے ہیں، اور اپنے دوستوں کو ثواب کی نیت سے شیئر (Share) بھی کرتے ہیں، لیکن موبائل یا لیپ ٹاپ میں وائرس آنے، یا موبائل میں جگہ نہ ہونے پر سارا ڈاٹا (Data) ڈیلیٹ (Delete) کرنا پڑتا ہے، جس کے متعلق لوگوں میں یہ افواہ عام ہو رہی ہے کہ اس فعل یعنی ڈیلیٹ کرنے سے آدمی ایمان سے خارج ہو جاتا ہے، ان کی یہ بات درست نہیں ہے، صحیح بات یہ ہے کہ ضرورۃً موبائل یا لیپ ٹاپ میں موجود قرآن کریم کی آیات یا سورت کا ڈیلیٹ کرنا جائز و درست ہے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ولو كان فيه اسم الله تعالى أو اسم النبي ﷺ يجوز محوه ليلفّ فيه شيء . (۹/۵۵۵، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في البيع)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو كان فيه اسم الله تعالى أو اسم النبي صلى الله عليه وآله وسلم يجوز محوه ليلفّ فيه شيء . كذا في القنية . ولو محا كتب فيه القرآن واستعمله في أمر الدنيا يجوز . (۵/۳۲۲ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة والمصحف وما كتب فيه شيء من القرآن الخ)

ما في " الفتاوى التاتارخانية " : وفي مسائل الملتقط : ورسائل تستغنى عنها وفيها اسم الله تعالى يمحى ثم يلقى في الماء الكثير . (۱۸/۶۹، كتاب الكراهية ، الفصل الخامس في المسجد والقبلة والمصحف وما كتب فيه شيء من القرآن)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۵۰۵۹)

ٹیبلیٹ پر قرآن کریم کی تلاوت اور اسلامی کتابیں پڑھنا

مسئلہ (۲۳): قرآن کریم کی تلاوت اور اسلامی کتابوں کے پڑھنے کے لیے ٹیبلیٹ (لیپ ٹاپ) کا استعمال جائز ہے، البتہ اُس میں اسلامی اور دینی کتابوں کے ساتھ گندی وناجائز چیزیں نہ رکھی جائیں، کیوں کہ یہ ناجائز ہے، اور اِس میں دینی کتابوں کی بے حرمتی بھی ہے۔[۱]

اگر ٹیبلیٹ کی اسکرین پر قرآن کریم کھلا ہوا ہو، تو بلا وضو یا ناپاکی کی حالت میں اسکرین پر ہاتھ لگانا، یا ٹیبلیٹ کو چھونا جائز نہیں ہوگا[۲]، اور اگر اسکرین پر قرآن کریم کھلا نہ ہو، بلکہ کوئی دینی کتاب ہو، یا اسکرین پر کچھ نہ ہو، تو بلا وضو یا ناپاکی کی حالت میں اسے چھو سکتے ہیں، البتہ بہتر نہیں ہے[۳]، اگر اسکرین پر کھلی ہوئی کتاب میں کوئی قرآنی آیت ہے، تو بلا وضو یا ناپاکی کی حالت میں اس آیت پر ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے۔

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : قو له تعالی : ﴿ومن الناس من یشتري لهو الحدیث لیضل عن سبیل الله بغیر علم﴾ . (سورة لقمان : ٦)

ما في " الشامیة " : وجاء في التفسیر أن المراد الغناء .... قلت : وفي التاتارخانیة عن العیون : إن کان سماع غناء فهو حرام بإجماع العلماء .

(۹/ ۵۰۲ ، ۵۰۳ ، کتاب الحظر والإباحة)

ما في " الدر المختار مع الشامیة " : قلت : وفي البزازیة : استماع صوت الملاهي کضرب قصب ونحوه حرام ، لقوله علیه الصلاة والسلام : " استماع الملاهي معصیة والجلوس=

....

=عليها فسق ، والتلذذ بها كفر " . أي بالنعمة . الخ . در مختار .

(۹/ ۵۰۴ ، كتاب الحظر والإباحة)

(۲) ما فی " القرآن الكريم " : ﴿لا يمسّه إلا المطهرون﴾ . (سورة الواقعة : ۷۹)

ما فی " أحكام القرآن لظفر أحمد التهانوی " : إن المراد به المطهرون من الأحداث ، وهم المكلفون من الآدميين لما روى أنس بن مالک فی حديث إسلام عمر قال لأخته : أعطونی الكتاب الذی كنتم تقرؤن ، فقالت : إنک رجس إنه لا يمسه إلا المطهرون ، فقم واغتسل أو توضأ .... ولذا ذهب الجمهور إلى أنه لا يجوز للمحدث مس المصحف إلا بواسطة شيء منفصل عنه . (۵/ ۱۰)

ما فی " أحكام القرآن شفيعي " : وجه الاستدلال بالآية أن المراد بالمطهرين هم المطهرون من الأحداث ، ويؤيد هذا أن الكلام مسوق لتعظيم القرآن .... وهذا شرط لمس نقوشه وأوراقه . (۵/ ۱۰)

ما فی " الفتاوى الهندية " :لا يجوز مسّ شيء مكتوب فيه شيء من القرآن من لوح أو دراهم أو غير ذلک إذا كان آية تامة . هكذا فی الجوهرة النيرة . والصحيح منع مس حواشی المصحف والبياض الذی لا كتابة عليه . هكذا فی التبيين . (۱/ ۳۹ ، بدائع الصنائع : ۱/ ۱۴۱ ، كتاب الطهارة ، مطلب فی مس القرآن ، مراقی الفلاح مع حاشية الطحطاوي :ص/ ۳۴ ، كتاب الطهارة ، الدر المختار مع الشامية : ۱/ ۲۸۲ ، كتاب الطهارة)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وقراء ة قرآن بقصده ومسّه ولو مكتوباً بالفارسية في الأصح إلا بغلافه المنفصل.......... قوله : إلا بغلافه المنفصل أي كالجراب والخريطة دون المتصل كالجلد المشرز هو الصحيح وعليه الفتوى لأن الجلد تبع له .

(۱/ ۴۲۳ ،كتاب الطهارة ، باب الحيض، مطلب لو أفتى مفت بشيء من هذه الأقوال... الخ، الفتاوى الهندية: ۱/ ۳۸، ۳۹ ، الفصل الرابع في أحكام الحيض والنفاس والاستحاضة)

ما في " الفقه الإسلامي وأدلته " : ويجوز للمحدث أن يمس غلاف المصحف إذا كان متجافياً عنه بأن يكون شيء ثالث بين الماس والممسوس كمنديل ونحوه .... وأما مس الغلا ف المتصل بالمصحف غير المتجافي عنه فلا يحل شيء لأنه تبع للمصحف . (۱/ ۹۸)=

قرآن کریم کو چھونے کے لیے باوضو ہونے کا ثبوت

مسئلہ (۲۴): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ قرآن کریم کو چھونے کے لیے باوضو ہونا ضروری نہیں ہے، کیوں کہ قرآن کریم میں یہ بات کہیں بھی نہیں ملتی، بلکہ یہ فقہ اسلامی کی پیداوار ہے، جو بعد میں مدوّن ہوا، اور یہ بھی کہتے ہیں کہ جس آیت سے فقہاء نے باوضو قرآن کریم چھونے کا حکم ثابت کیا ہے، اس میں خبر کا ذکر ہے، حکم کا نہیں، اور مراد فرشتے ہیں، انسان نہیں، ان کی یہ دونوں باتیں بالکل غلط ہیں، جس پر فرمانِ باری تعالیٰ: ﴿لا یَمَسُّهٗ اِلا الْمُطَهَّرُوْن﴾، اور فرمانِ رسول ﷺ: " لا تَمَسُّ الْقُرْآنَ إلا وَأنتَ طَاهِرٌ" شاہد عدل ہیں، لہٰذا اس طرح کی ہفوات وبکواس قابلِ التفات نہیں ہے۔[1]

=ما في " الموسوعة الفقهية " : فقال الحنفية : يحرم مس المصحف كله أو بعضه أي مس= المكتوب منه ولو آية على نقود درهم أو غيره أو جدار ، لأن حرمة المصحف كحرمة ما كتب منه فيستوي فيه الكتابة في المصحف وعلى الدراهم ، كما يحرم مس غلاف المصحف المتصل به ، لأنه تبع له ، فكان مسه مسا للقرآن .

(۳۷/۲۷۶، مس المحدث والجنب المصحف)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الحنفية والمالكية والحنابلة : إلى جواز مس المحدث كتب الفقه وغيرها وإن كان فيها آيات من القرآن الكريم ، وهو أصح وجهين مشهورين عند الشافعية ، غير أن أبا حنيفة قال : والمستحب له أن لا يفعل .

(۳۷/۲۸۰، مس المحدث كتب الفقه وغيرها)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما مسّ كتاب الفقه فلا بأس به ، والمستحب له أن لا يفعل .

(۱/۳۳، ۳۴ ، المكتبة العلمية بيروت)=

....

الحجة على ما قلنا :

=(١) ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : وقد روى مالک وغيره أن في كتاب عمرو بن حزم الذي كتبه له رسول الله ﷺ ونسخته ..... وكان في كتابه : ألا يمس القرآن إلا طاهر ، وقال ابن عمر : قال النبي ﷺ : " لا تمس القرآن إلا وأنت طاهر " .

(١٧/٢٢٥، سورة الواقعة)

ما في " المؤطا للإمام مالک " : عن عبد الله بن أبي بكر بن حزم أن في الكتاب الذي كتبه رسول الله ﷺ لعمرو بن حزم : ألا يمس القرآن إلا طاهر . (ص/٢٩)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : وقد روي أن عمر بن الخطاب دخل على أخته وزوجها سعيد بن زيد بن عمرو بن نفيل وهما يقرآن طه ، فقال : ما هذه الهينمة ؟ وذكر الحديث إلى أن قال : هاتوا الصحيفة ! فقالت له أخته : انه لا يمسه إلا المطهرون ، فقام واغتسل وأسلم .

(١٧٣٨/٤، سورة الواقعة)

ما في " أحكام القرآن للتهانوي " : وروي عن النبي ﷺ في أخبار متظاهرة أنه كتب في كتابه لعمرو بن حزم : ولا يمس القرآن إلا طاهر ، ولذا ذهب الجمهور ، ومنهم السادة الحنفية ، إلى أنه لا يجوز للمحدث مس المصحف إلا بواسطة شيء منفصل عنه ، ووجه الاستدلال بالآية أن الآية لما كانت محتملا للمعنيين جاء الحديث كاشفا للمراد مبينا ان المراد بالمطهرين هم المطهرون من الأحداث . (١٠/٥، سورة الواقعة)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : المسألة الرابعة : هل قوله : ﴿لا يمسّه﴾ نهي أو نفي ؟ فقيل : لفظه لفظ الخبر ، ومعناه النهي . (١٧٣٨/٤)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وإن حمل على النهي وإن كان في صورة الخبر كان عموما فينا ، وهذا أولى لما روي عن النبي ﷺ في أخبار متظاهرة أنه كتب في كتابه لعمرو بن حزم : " ولا يمسّ القرآن إلا طاهر " فوجب أن يكون نهيه ذلک بالآية إذ فيها احتمال له.

(٥٥٥/٣ ، سورة الواقعة)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : فالجمهور على المنع من مسّه لحديث عمرو بن حزم ، وهو مذهب علي وابن مسعود وسعد بن أبي وقاص وسعيد بن زيد وعطاء =

قرآن وحدیث محفوظ کیے گئے موبائل کو بیت الخلا میں لے جانا

مسئلہ (۲۵): موبائل میں قرآن وحدیث اور اَدعیۂ ماثورہ وغیرہ محفوظ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، البتہ اگر یہ اسکرین پر ظاہر ہوں، تو اس حالت میں اسے بیت الخلاء اور استنجا خانہ وغیرہ میں لے جانا، بے ادبی شمار ہوگا، اور اگر یہ پروگرام بند ہوں، اسکرین پر ظاہر نہ ہوں، تو اسے بیت الخلاء اور استنجا خانہ وغیرہ میں لے جانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

=والزهري والنخعي والحكم وحماد وجماعة من الفقهاء . (۲۲٦/۱۷)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الفقهاء على أنه يحرم مسّ المصحف لغير الطاهر طهارة كاملة من الحدثين الأصغر والأكبر ...... واستدل الفقهاء على حرمة مسّ المصحف بالكتاب والسنة . أما الكتاب فهو قوله تعالى : ﴿إنه لقرآن كريم ○ في كتٰب مبين ○ لا يمسّه الا المطهّرون ○ تنزيل من رب العٰلمين○﴾ دلّت الآية الكريمة على أن الله تعالى نهى عن مسّ المصحف لغير الطاهر وأن المحدث ليس بطاهر ، فدل على عدم جواز مسّه ، ثم ان الله تعالى وصف القرآن بالتنزيل ، وظاهره أن المقصود هو القرآن الموجود بين أيدينا فلا يصرف عن ظاهره إلا بصارف شرعي ، وأن الخبر فيه النهي عن مسّه ...... وأما السنة فحديث ابن عمر رضي الله عنهما أن رسول الله ﷺ قال : " لا يمسّ القرآن إلا طاهر " ، ولأن تعظيم القرآن واجب ، وليس من التعظيم مسّ المصحف بيد حلها الحدث ، وكتاب النبي ﷺ لعمرو بن حزم رضي الله عنه : أن لا تمسّ القرآن إلا على طهر . (۲۷٦/۳۷، ۲۷۷، ۲۷۸، كذا في الفتاوى الهندية : ۳۸/۱ ، ۳۹ ، بدائع الصنائع : ۱۴۰/۱، ۱۴۱، روح المعاني : ۲۳٦/۱۵) (فتاویٰ اشاعت العلوم غیر مطبوعہ، رقم الفتویٰ:۸۴۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : فلو نقش اسمه تعالى أو اسم نبيه ﷺ استحب أن يجعل الفصّ في كمه إذا دخل الخلاء . (۵۱۹/۹، كتاب الحظر والإباحة ، فصل في اللبس)=

اتنی بلند آواز سے تلاوت جس سے دوسروں کو تکلیف ہو

مسئلہ (٢٦): دورانِ سفر کسی ایک ساتھی کا موبائل وغیرہ پر اتنی بلند آواز سے تلاوتِ کلامِ پاک سننا کہ اُس سے دوسرے ساتھیوں کو تکلیف ہورہی ہو، یا وہ کسی اور کام، یا بات چیت وغیرہ میں مشغول ہوں، مکروہ ہے۔ (١)

=ما في " الفتاوى الهندية " : إذا كان في جيبه دراهم مكتوب فيها اسم الله تعالى أو شيء من القرآن فأدخلها مع نفسه المخرج يكره وإن اتخذ لنفسه مبالا طاهرا في مكان طاهر لا يكره .

(٣٢٣/٥ ، كتاب الكراهية ، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة والمصحف الخ)

(موبائل کے مسائل: ص/ ٥٠، مرتب مفتی محمد اسماعیل برہانپوری، مکتبہ نعیمیہ دیوبند)

الحجة على ما قلنا :

(١) ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب الحنفية والشافعية إلى جواز القراء ة في الطريق إذا لم يلته عنها صاحبها ، فإن التهى صاحبها عنها كرهت ...... وقالوا : يجب على القاري احترام القرآن بأن لا يقرأ في الأسواق ومواضع الاشتغال ، فإذا قرأه فيهما كان هو المضيع لحرمته فيكون الإثم عليه دون أهل الاشتغال دفعا للحرج في إلزامهم ترك أسبابهم المحتاج إليها . (٦٣/٣٣ ، قراء ة ، الأحوال التي تجوز فيها قراء ة القرآن والتي تكره)

ما في " حلبي كبير " : رجل يكتب الفقه وبجنبه يقرأ القرآن ولا يمكن الكاتب الاستماع فالإثم على القارئ لقراء ته جهرا في موضع اشتغال الناس بأعمالهم ولا شيء على الكاتب .

(ص/ ٤٩٧، القراء ة خارج الصلاة)

ما في " رد المحتار " : رجل يكتب وبجنبه رجل يقرأ القرآن فلا يمكنه استماع القرآن فالإثم على القارئ ، وعلى هذا لو قرأ على السطح والناس نيام يأثم . اهـ. أي لأنه يكون سببا لإعراضهم عن استماعه أو لأنه يؤذيهم بإيقاظهم . تأمل . (٢٦٨/٢ ، صفة الصلاة ، فروع في القراء ة خارج الصلاة)

ما في " الفتاوى الهندية " : لا يقرأ جهرا عند المشتغلين بالأعمال ومن حرمة القرآن أن لا يقرأ في الأسواق وفي موضع اللغو . كذا في القنية .

(٣١٦/٥، كتاب الكراهية ، الباب الرابع في الصلاة والتسبيح وقراء ة القرآن الخ)

مسابقاتِ قرآنیہ وعلمیہ کا انعقاد

مسئلہ (۲۷): طلبۂ علومِ دینیہ کے مابین ان کی ذہن سازی، ان کی خوابیدہ صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے، اوران کے اندر علم وعمل کے میدان میں سبقت حاصل کرنے کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے، مسابقاتِ علمیہ کے انعقاد کے جواز پر علماء وفقہاء کا اتفاق ہے، کیوں کہ آپ ﷺ نے جہاد کی تیاری اوراس پر اُبھارنے کے لیے اپنے اصحاب کے درمیان گھوڑ دوڑ کا مسابقہ کرایا، تاکہ دین کا قیام مضبوط ومستحکم ہوجائے، اور یہ علت مسابقاتِ علمیہ کے انعقاد میں پائی جاتی ہے، وہ اس طور پر کہ جس طرح جہاد، دین کے قیام کا ذریعہ ہے، اسی طرح مسابقاتِ قرآنیہ واحادیثِ نبویہ، قرآن وحدیث کے علوم کی حفاظت کے ذرائع ہیں، اورمسابقات کے ذریعہ ان ہی علوم کے حاصل کرنے پر اُبھارا جاتا ہے، جو حفاظتِ دین میں مفید ومعاون ہیں، اس لیے مسابقاتِ قرآنیہ وعلمیہ کا انعقاد جائز وممدوح ہے، البتہ شرط یہ ہے کہ مساہمین ومتسابقین سے شرکت کا عوض نہ لیا جائے، اوران مسابقات کا انعقاد محض اخلاص پر مبنی ہو۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن عبد الله بن عمر رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ قال : " إن من الشجر شجرة لا يسقط ورقها وإنها مثل المسلم ، حدثوني ما هي ؟ قال : فوقع الناس في شجر البوادي ، قال عبد الله : فوقع في نفسي أنها النخلة ، ثم قالوا : حدثنا ما هي يا رسول الله ؟ قال : هي النخلة " . (۱/۱۴ ، الرقم : ۶۲ ، كتاب العلم ، باب طرح الإمام الخ)

ما في " عمدة القاري " : قال ابن التين : إنه ﷺ سابق بين الخيل على حلل أتته من اليمن =

....

....

....

....

=فأعطى السابق ثلاث حلل ، وأعطى الثاني حلتين ، والثالث حلة ، والرابع دينارًا ، والخامس درهمًا ، والسادس فضة ، وقال : " بارک الله فيک وفي كلكم وفي السابق والفسكل " .

(۲۳۶/۴، باب هل يقال مسجد بني فلان ؟)

ما في " مجمع الأنهر " : لو اختلف اثنان في مسئلة وأراد الرجوع إلى شيخ وجعلا على ذلک جعلا أي لو وقع الاختلاف بين اثنين وشرط أحدهما لصاحبه أنه إن كان الجواب كما قلت أعطيتک كذا ، وإن كان كما قلتُ فلا آخذ منک شيئًا فهذا جائز ، لأنه لما جاز في الأفراس لمعنى يرجع إلى الجهاد يجوز هنا للحديث على الجهد في طلب العلم لأن الدين يقوم بالعلم كما يقوم بالجهاد . (۲۱۷/۴، كتاب الكراهية ، فصل في المتفرقات)

ما في " رد المحتار " : انه لو قال واحد من الناس لجماعة من الفرسان أو لإثنين : من سبق فله كذا من مال نفسه ، أو قال للرماة : من أصاب الهدف فله كذا جاز ، لأنه من باب التنفيل ، فإذا كان التنفيل من بيت المال كالسلب ونحوه جاز ، فما ظنک بخالص ماله ؟ وعلى هذا : الفقهاء إذا تنازعوا في المسائل ، وشرط للمصيب منهم جعل جاز إذا لم يكن من الجانبين على ما ذكرنا في الخيل ، إذ التعلم في البابين يرجع إلى تقوية الدين وإعلاء كلمة الله تعالى .

(۴۰۰/۱۰ ، فصل في مسائل شتى)

ما في " أحكام المسابقات في الشريعة الإسلامية " : اتفق الفقهاء رحمهم الله تعالى على جواز إجراء مسابقات علمية بين طلبة العلم ، لاختبار حدة الذكاء وسرعة النباهة وإثارة روح المنافسة بين الطلاب للوصول إلى الجواب المطلوب .... وذلک إذا كان بدون عوض . (ص/۲۱۱، الفصل الخامس ، السبق العلمي)

ما في " القواعد والضوابط الفقهية لإبن تيمية " : إذا زال الموجِب زال الموجَب .

(۲۳۳/۲)

نابینا اور معذور افراد کے لیے

بریل کوڈ (Braille Code) کی ایجاد

مسئلہ (۲۸): نابینا اور معذور افراد سماج کی خصوصی توجہ اور ہمدردی کے مستحق ہیں، ان کی تعلیم کے لیے بریل کوڈ☆ (Braille Code) کی ایجاد نہایت اہم پیش رفت ہے، مسلمانوں کو چاہیے کہ اس رمزی زبان کے ذریعے نابینا حضرات کو زیادہ سے زیادہ علومِ اسلامیہ سے استفادہ کی سہولت فراہم کریں، بریل کوڈ کے مسلمان ماہرین کو چاہیے کہ وہ اس کوڈ کو زیادہ سے زیادہ عربی خط اور رسمِ عثمانی سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کریں، تاکہ یہ رُموز قرآنِ مجید کے اصل رسم سے زیادہ سے زیادہ ہم آہنگ ہوجائیں۔ (۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿عبس وتولّی ان جآء ہ الاعمی ο وما یدریک لعلّه یزّکّی﴾.

(سورة عبس : ۱، ۲)

ما في " الدر المنثور في التفسیر المأثور " : وأخرج ابن جریر وابن مردویه عن ابن عباس قال: بینا رسول الله ﷺ یناجي عتبة بن ربیعة والعباس بن عبد المطلب وأبا جهل بن هشام ، وکان یتصدی لهم کثیرا ، ویحرص أن یؤمنوا فأقبل إلیه رجل أعمی یقال له عبد الله بن أم مکتوم یمشي وهو یناجیهم ، فجعل عبد الله یستقرئ النبي ﷺ آیة من القرآن ، قال : یا رسول الله ! علّمني مما علّمک الله ، فأعرض عنه رسول الله ﷺ وعبس في وجهه وتولی وکره کلامه ، وأقبل علی الآخرین ، فلما قضی رسول الله ﷺ نجواہ ، وأخذ ینقلب إلی أهله أمسک الله ببعض بصرہ ثم خفق برأسه ثم أنزل الله ﴿عبس وتولّی أن جاءہ الأعمی﴾ فلما نزل فیه ما نزل أکرمه نبي الله وکلمه یقول له : ما حاجتک ؟ هل ترید من شيء ؟ . =

....

=(۵۱۸/۶، سورة عبس ، دار الکتب العلمية بيروت ، معالم التنزيل المعروف بتفسير البغوي :۳۳۲/۸ ، دار طيبة للنشر والتوزيع ، روح المعاني :۲۴۱/۱۵ ، بيروت)

وما في " القرآن الكريم " : ﴿ولقد يسّرنا القرآن للذّكر فهل من مدّكر﴾ . (سورة القمر: ۱۷)

ما في " تفسير القرآن العظيم " : قوله تعالى : ﴿ولقد يسّرنا القرآن للذّكر﴾ ؛ أي سهلناه للحفظ والقراء ة والكتابة ...... ﴿فهل من مدكر﴾ ؛ أي فهل ذاكرٌ يذكره ، وقارئٌ يقرأه ، ومعناه : الحثّ على قراء ة القرآن ودرسه وتعلّمه ، ولو لا تسهيل الله علينا ذلک لم يستطع أحد أن يلفِظَ به . (الباب : ۱۷ ، أبو القاسم سليمان بن احمد بن أيوب بن مطير اللخمي والشامي الطبراني ، الجامع لأحكام القرآن للقرطبي :۱۳۴/۱۷ ، سورة القمر ، دار عالم الکتب ، الرياض ، التحرير والتنوير المعروف بتفسير ابن عاشور:۸۹/۱۶، سورة مريم ، الآية/۹۶ ، محمد الطاهر بن محمد بن محمد الطاهر ابن عاشور التونسي ، مؤسسة التاريخ العربي بيروت)

ما في " تفسير التستري " : قوله تعالى : أي ؛ هونا القرآن للذكر ، ولو لا ذلک لما أطاقت الألسنة أن تتكلم به فهل من مدكر لهذه النعمة . (۱۵۸/۱ ، أبو محمد سهل بن عبد الله التستري ، دار الکتب العلمية بيروت ، تفسير روح البيان المعروف بتفسير حقي : ۲۲۴/۹ ، سورة القمر ، اسماعيل حقي بن مصطفى الإستانبولي الحنفي الخلوتي ، دار احياء التراث العربي بيروت ، غريب القرآن لإبن قتيبه : ۴۳۲/۱ ، ابو محمد عبد الله بن مسلم بن قتيبه الدينوري ، دار الکتب العلمية ، مصريه ، شرح السنة : ۱۸۲/۱ ، الحسين بن مسعود البغوي ، المکتب الإسلامي دمشق ، و بيروت ، الورع لإبن حنبل : ۸۸/۱، أبو عبد الله احمد بن محمد بن حنبل الشيباني ، دار الکتب العلمية بيروت ، مرعاة المفاتيح :۲۶۱/۷، الفصل الأول ، تحت رقم :۲۲۰۹ ، ابو الحسن عبيد الله بن محمد عبد السلام المبارکفوري ، إدارة البحوث العلمية .. ، بنارس ، الهند)

ما في " التفسير المنير للزحيلي " : ولقد سهلناه للحفظ وأعنا عليه من أراد حفظه فهل =

....

=من طالب لحفظه ليعان عليه . (۲۷/۱۶۳ ، فقه الحياة والأحكام)

ما في " التفسير الواضح " : فإنما يسرنا القرآن بلسانک العربي حتى صار مفهوما يفهمه الخاص والعام فهو كالبحر يغترف منه كل على قدر طاقته ولقد يسرنا القرآن للذكر ــ الخ .

(۲/۴۷۴ ، سورة مريم ، الدكتور محمد محمود حجازي ، دار الجيل الجديد)

ما في " التحرير والتنوير " : ﴿ولقد يسرنا القرآن للذكر﴾ [القمر : ۲۲] ، ولذلک كان شأن الرسول ﷺ حفظ القرآن عن ظهر قلب ، وكان شأن المسلمين اقتداء به في ذلک على حسب الهمم والمكنات . (۲۵/۸، سورة فصلت)

ما في " لطائف الإشارات " : يسّرنا قرأته على ألسنة الناس ، ويسّرنا علمه على قلوب قوم ، ويسرنا فهمه على قلوب قوم ، ويسرنا حفظه على قلوب قوم ، وكلهم أهل القرآن ، وكلهم أهل الله وخاصته . (۳/۴۹۷ ، سورة القمر ، عبد الكريم بن هوازن القشيري ، الناشر ؛ الهيئة المصرية العامة للكتاب ، مصر)

ما في " كيف نفهم القرآن الكريم ؟ " : فهذا القرآن العظيم قد سهل الله ألفاظه للحفظ والأداء ومعانيه للفهم والعلم ، لأنه أحسن الكلام لفظا وأصدقه معنى ، وأبينه تفسيرا ، فكل من أقبل عليه يسر الله عليه مطلوبه غاية التيسير وسهله عليه .... ولهذا كان علم القرآن حفظا وتفسيرا أسهل العلوم وأجلها ...... فهذه نعمة عظيمة فهل من مدكر ؟ هل من متعظ ؟ هل من مقبل على كلام الله يفهمه ويتعلمه ؟ والله يعينه ويوفقه ويسدده .... فهم القرآن وتدبره ليس مقصودا على العلماء ، بل كل واحد لا بد أن يأخذ حظّه من بحسب ما يسره الله له ، وبحسب ما معه من الفهم والعلم والإدراک ، فالله تبارک وتعالى دعا عباده كلهم إلى تدبر القرآن وفهمه لم يخص طائفة بذلک دون طائفة ، ولو كان فهم القرآن وتدبره مقتصرا على فئة من الناس لكان نفع القرآن محصورا عليهم ولكان الخطاب في الآية موجهًا إليهم .

(۱/۶ ، عبد السلام بن ابراهيم بن محمد الحصين)

ما في " القرآن الكريم " : ﴿انا نحن نزلنا الذكر وانا له لحفظون﴾ . (سورة الحجر : ۹)=

....

....

....

....

=ما في " جمع القرآن الكريم حفظا وكتابة " : سهولة حفظ القرآن الكريم وتيسيره ؛ فكان من رحمة الله على خلقه أن يسر لهم حفظ القرآن ليجعل من ذلک سببًا مانعًا من ضياع شيء منه ، فكما قال عزّ وجلّ : ﴿انا نحن نزلنا الذكر وانا له لحفظون﴾ ... فقد قال أيضًا : ﴿ولقد يسرنا القرآن للذكر﴾ . (١/٢٦ ، أد. على بن سليمان العبيد)

ما في " الأصول والقواعد للفقه الإسلامي " : " مَا رَآهُ الْمُسْلِمُوْنَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ حَسَنٌ " ."جس چیز کو مسلمان اچھا خیال کریں، وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اچھی ہے۔" (ص/٢٦٣ ، قاعده : ٣١٢ ، شرح السير الكبير:١٤٩/٤، باب ما يكره في دار الحرب وما لا يكره ، قواعد الفقه: ص/١١٥ ، القاعدة: ٢٩٤، جمهرة القواعد ، المادة: ١١٧١)

ما في " موقع الإسلام سؤال وجواب " : وقال الشيخ صلاح الصاوي حفظه الله : أما إن كان سؤالک حول جواز هذا العمل في ذاته – أي : المصحف المترجم بطريقة برايل ، فلا شک في مشروعيته ، وأنه يمثل إنجازا حضاريا كبيرا ، ونعمة من أجل نعم الله على المكفوفين . والله تعالى أعلى وأعلم . انتهى . (أحكام المصاحف " القرآن وعلومه " www.islamQA.com) (كتابة القرآن الكريم بنظام برايل للمكفوفين ، د. عبد الله الخميس ، المسلم نت almoslim.net ، ما هو حكم ترجمة معاني القرآن إلى طريقة برايل للمكفوفين ؟ وهل تأخذ حكم المصحف؟ موقع الإسلام سؤال وجواب www.islamQA.com، وكذا : اللجنة الدائمة للإفتاء في السعودية ، المجموعة الثانية :٤١/٣ ، المصحف المطبوع بطريقة برايل للمكفوفين هل له حكم المصحف المعروف ؟ ، الدكتور حسام الدين عفانه/ جامعة القدس فلسطين ، المصدر : جمعية أصدقاء الكفيف فلسطين)

(مدرسۃ النور فار دی بلائنڈ ترکی کانفرنس کا مقالہ [ارسال کردہ از فقہ اکیڈمی]،اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا،٢٤رواں فقہی سمینار، ٢٠١٥ء مطابق ١٤٣٦ھ، تجاویز بابت متن قرآن وترجمہ کی کتابت واشاعت، تجویز نمبر:٦-٧، فتاویٰ عثمانی:١/ ٢١٨-٢١٩، جواہر الفقہ :١٠٦/١)

☆ بریل: اندھوں کے لیے ایک نظام تحریر وطباعت۔ (فیروز اللغات:ص/١٩٨)

کتاب الطهارة

پاکی وناپاکی سے متعلق مسائل

رِیسائیکلڈ واٹر (Recycled Water) کا استعمال

مسئلہ (۲۹): بعض ملکوں اور علاقوں میں پانی کی قلت کی وجہ سے وہاں کی حکومتیں قدرتی چیزوں کو محفوظ کرنے کے لیے فکرمند ہوتی ہیں، اور اسی مقصد سے وہ استعمال شدہ پانی کو نئی تکنیک کے ذریعے دوبارہ قابلِ استعمال بناتی ہیں، اِس پانی کو ''رِیسائیکلڈ واٹر'' (Recycled Water) کہا جاتا ہے، اِس پانی اور عام پانی میں؛ رَنگ، بُو اور مزہ میں کوئی فرق نہیں ہوتا، اِس طرح کا پانی اگر جسم اور کپڑے میں لگ جائے، تو وہ ناپاک نہیں ہوں گے، مگر اِس سے وضو اور غسل نہیں کرنا چاہیے، کیوں کہ یہ پانی فلٹر کرنے کی وجہ سے صاف تو ہوا، مگر پاک نہیں ہوا، اور صاف وپاک میں بڑا فرق ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (و) يرفع (بماء ينعقد به ملح لا بماء) حاصل بذوبان (ملح) لبقاء الأول على طبيعته الأصلية ، وانقلاب الثاني إلى طبيعة المحلية . [تنوير مع الدر] . وفي الشامية : ومقتضاه أنه لا يجوز بماء الملح مطلقًا : أي سواء انعقد ملحًا ثم ذاب أو لا ؟ وهو الصواب عندي . اهـ . (۱/۳۲۵ ، كتاب الطهارة ، باب المياه ، بيروت)

ما في " شرح مختصر الطحاوي " : والدليل على تحريم استعمال الماء الذي فيه جزء من النجاسة وإن لم يتغير طعمه أو لونه أو رائحته ، قول الله تعالى : ﴿ويحرّم عليهم الخبآئث﴾ والنجاسات من الخبائث ، لأنها محرمة . (۱/۲۳۹ ، بحوالہ آپ کے مسائل اور ان کا حل:۳/۱۰۰)=

ریح کے خروج پر فرضِ وضو کی حکمت

مسئلہ (۳۰): بعض لوگوں کو یہ اشکال ہوتا ہے کہ ریح خارج ہونے پر اس جگہ کا دھونا فرض نہیں ہوتا، اور وضو فرض ہوتا ہے، ایسا کیوں؟ جواباً عرض ہے کہ حِکمت جانے بغیر حاکم کے حکم کو تسلیم کرنے کا نام اطاعت ہے، پس احکامِ شریعت کی حکمت تلاش کرنا شانِ عبدیت کے خلاف ہے۔ بس! اِس قدر سمجھنا چاہیے کہ حکم کرنے والا جب حکیم ہے، تو اس کے حکم میں بے شمار حکمتیں پوشیدہ ہوں گی، اس کا کوئی حکم حکمت سے خالی ہو ہی نہیں سکتا، لہٰذا بندے کا کام حکم کو بجالانا ہے، نہ کہ حکمتیں اور وجہیں ڈھونڈنا، اس کو یہ سمجھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی حکم دیا ہے، جس میں یقیناً ایک سے زائد حکمتیں ہوں گی، پھر بھی بعض علماء نے مذکورہ مسئلے میں یہ حکمت لکھی ہے کہ ریح خارج ہونے سے ملائکہ سے دوری ہوجاتی ہے، شیاطین وجنات اس کو گھیر لیتے ہیں، اور طبیعت میں بھی سُستی اور انقباض پیدا ہوجاتا ہے، وضو کرنے سے یہ سب چیزیں ختم ہوجاتی ہیں، وضو سے فرشتوں کا قرب حاصل ہوتا ہے، شیاطین وجنات بھاگ جاتے ہیں، طبیعت میں نشاط وفرحت پیدا ہوتی ہے، ریاح خارج ہونے پر اس جگہ کا دھونا ضروری اس لیے قرار نہیں دیا گیا کہ وہاں کوئی نجاست نہیں، جسے صاف کیا جائے۔(۱)

=ما في " الفتاوى الهندية " : اتفق أصحابنا رحمهم الله أن الماء المستعمل ليس بطهور حتى لا يجوز التوضؤ به . (۱/۲۲، الباب الثالث في المياه ، الفصل الثاني فيما لا يجوز به التوضؤ)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۲۵۲۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : ولأن غسل غير موضع الإصابة أمر تعبّدي . (هدايه) وفي هامش الهداية : قال المحشي رحمه الله : قوله : (تعبدي) أي تعبدنا الله تعالى و كلفنا لغسل =

بندر کا جوٹھا ناپاک ہے

مسئلہ (۳۱): بعض علاقوں میں بندر بکثرت آتے ہیں، اور کھلی ہوئی پانی کی ٹنکیوں میں منہ ڈال کر پانی پی لیتے ہیں، ان ٹنکیوں کا پانی عموماً ٹھہرا ہوا اور تھوڑا ہوتا ہے، اور بندر کا جوٹھا ناپاک ہے، اس لیے بندر کے منہ ڈالنے سے ایسا پانی ناپاک ہوجائے گا، لہٰذا ایسے علاقے کے لوگوں کو چاہیے کہ ٹنکیوں کو ڈھکن یا جالی لگادیں، تاکہ بندر پانی کو ناپاک نہ کرسکیں۔(۱)

=الأعضاء الأربعة عند وجود الحدث من السبيلين من غير أن يدركه بالعقول ، إذ العقل يقتضي غسل موضع إصابة النجاسة وأمر الوضوء على عكس هذا ، فإن النجاسة تخرج من أحد السبيلين وأنت تغسل الوجه واليد ، فكان هذا أمر غير مدرك بالعقل فيقتصر على مورد النص . (۱/۲۳، كتاب الطهارة ، فصل في نواقض الوضوء)

ما في " حجة الله البالغة " : أما الطهارة من الأحداث فمأخوذة من أصول البر والعمدة في معرفة الحدث ، وروح الطهارة وجدان أصحاب النفوس التي ظهرت فيها أنوار ملكية ، فأحست بمنافرتها للحالة التي تسمى حدثا ، وسرورها وانشراحها في الحالة التي تسمى طهارة ...... والأمور التي فيها معنى الحدث كثيرة جدا يعرفها أهل الأذواق السليمة ...... والثاني معلوم بالحس ، وأيضًا فالمعنى انقباض النفس فيه شبح محسوس وخليقة ظاهرة وهي التلطخ بالنجاسة ، وأيضًا إنما يؤثر الوضوء عند زوال اشتغال النفس وذلک بالخروج .... أقول : النظافة المؤثرة في جذر النفس تقدس النفس ، وتلحقها بالملائكة ، وتنسى كثيرا من الحالات الدنسية فجعلت خاصيتها خاصية للوضوء الذي هو شبحها ومظنتها وعنوانها . (۱/۳۹۱ - ۳۹۳ ، من أبواب الطهارة ، وفصل في الوضوء)

ما في " رد المحتار " : قوله : (فلا يسن من ريح) لأن عينها طاهرة ، وإنما نقضت لانبعاثها عن موضع النجاسة . اهـ . ولأن بخروج الريح لا يكون على السبيل شيء فلا يسن منه بل هو بدعة كما في المجتبى . بحر . (۱/۵۴۵، كتاب الطهارة ، فصل في الاستنجاء)=

کوا، برتن میں منھ ڈال دے

مسئلہ (۳۲): ''کوا'' اگر کسی برتن میں منھ ڈال دے، یا بیٹ کردے، تو وہ ''کوا'' اگر صرف دانہ کھاتا ہے، تو اس کا جھوٹا اور بیٹ پاک ہے، اور جو صرف گندگی کھاتا ہے، اس کا جھوٹا مکروہِ تنزیہی ہے، اور بیٹ نجاستِ خفیفہ ہے، اور جو ''کوا'' دونوں (دانہ، گندگی) کھاتا ہے، تو امام صاحب کے نزدیک اس کا جھوٹا اور

=(احکامِ اسلام عقل کی نظر میں: ص/۳۱-۳۳و۵۹، حکمتِ وضو، باب نواقض الوضوء والتیمم، فتاویٰ محمودیہ: ۱۳۲/۸، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۳۶۰۱)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' المبسوط للسرخسي '' : وأما سؤر ما لا یؤکل لحمه من السباع کالأسد والفهد والنمر عندنا نجس .

(۱/۱۵۵، باب الوضوء والغسل ، هدایه : ۱/۱۴۵، کتاب الطهارة ، فصل في الآسار)

ما في '' الموسوعة الفقهیة '' : المراد بالحیوانات المفترسة : کل دابة لها ناب یفترس به ، سواء أکانت أهلیة کالکلب والسنور الأهلي ، أم وحشیة کالأسد والذئب والضبع والنمر والفهد والثعلب والسنور الوحشي والسنجاب والفنک والسمور والدلق (وهو أبو مقرض) والدب والقرد وابن آوی والفیل . وحکمها : أنها لا یحل شيء منها عند الحنفیة والشافعیة والحنابلة وهو قول للمالکیة . (۱۳۳/۵، ۱۳۴، أطعمة ، الحیوان البري حلاله وحرامه ، النوع الثالث : الحیوانات المفترسة)

ما في '' الدر المختار مع الشامیة '' : (و) سؤر (خنزیر وکلب وسباع بهائم) ومنه الهرة البریة . الدر مع التنویر . وفي الشامیة : قوله : (وسباع بهائم) هي ما کان یصطاد بنابه کالأسد والذئب والفهد والنمر والثعلب والفیل والضبع وأشباه ذلک . سراج . (۱/۳۸۲، الطهارة، باب المیاه ، مطلب في السؤر ، الموسوعة الفقهیة :۱۰۲/۲۴، سؤر ، الجوهرة النیرة : ۱/۲۱، مطلب في بیان أحکام السؤر ، بیروت) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۳۴۸)

بیٹ پاک ہے، اور امام ابو یوسف علیہ الرحمۃ کے نزدیک اس کا جھوٹا مکروہ ہے، اور بیٹ نجاستِ خفیفہ ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " البحر الرائق " : والغرب ثلاثة أنواع : نوع يأكل الجيف فحسب فإنه لا يؤكل ، ونوع يأكل الحب فإنه يؤكل ، ونوع يخلط بينهما وهو أيضًا يؤكل عند الإمام وهو العقعق لأنه يأكل الدجاج ، وعن أبي يوسف أنه يكره أكله لأنه غالب أكله الجيف والأول أصح .

(۸/۳۱۳، ۳۱۴ ، كتاب الذبائح ، رد المحتار : ۹/۴۴۳ ، كتاب الذبائح)

ما في " الفتاوى الهندية " : والغراب الذي يأكل الحب والزرع ونحوها حلال بالإجماع . كذا في البدائع ..... فأما الغراب الزرعي الذي يلتقط الحب مباح طيب ، وإن كان الغراب بحيث يخلط فيأكل الجيف تارة والحب أخرى فقد روي عن أبي يوسف رحمه الله تعالى أنه يكره ، وعن أبي حنيفة رحمه الله تعالى أنه لا بأس بأكله وهو الصحيح على قياس الدجاجة . كذا في المبسوط . (۵/۲۸۹، ۲۹۰، كتاب الذبائح ، الباب الثاني في بيان ما يؤكل من الحيوان وما لا يؤكل ، فتاوى قاضي خان : ۴/۳۳۶ ، كتاب الصيد والذبائح)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (ولا نزح بخرء حمام وعصفور) . در مختار . وفي الشامية : قوله : (حمام وعصفور) أي ونحوهما مما يؤكل لحمه من الطيور سوى الدجاج والإوز .

(۱/۳۸۹ ، كتاب الطهارة ، باب المياه ، مطلب مهم في تعريف الاستحسان)

ما في " رد المحتار " : ان السؤر يعتبر بلحم مسئره فإن كان لحم مسئره طاهرا فسؤره طاهر، أو نجسًا فنجس ، أو مكروها فمكروه ، أو مشكوكا فمشكوك . ابن ملك .

(۱/۳۸۱ ، كتاب الطهارة ، باب المياه ، مطلب في السؤر)

ما في " فتاوى قاضي خان " : من الآسار سؤر طاهر لا كراهة فيه وهو سؤر ما يؤكل لحمه من الأنعام والطيور وسؤر الآدمي على أي صفة كان . (۱/۱۰ ، كتاب الطهارة ، فصل في الآسار)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۰۷۲۶)

ناپاک کپڑے کی چھینٹیں پاک کپڑے پر پڑ جائیں

مسئلہ (۳۳): ناپاک کپڑا دھوتے وقت، اُس کی ناپاک چھینٹیں اگر پاک کپڑے پر پڑ جائیں، تو جس جگہ وہ چھینٹیں پڑیں گی، اُس جگہ کو ناپاک کردیگی، کیوں کہ ناپاک کپڑے کی چھینٹیں بھی ناپاک ہیں[۱]، لہٰذا بغیر اُس جگہ کو دھوئے، اُس کپڑے کو پہن کر نماز پڑھنا درست نہیں ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى التاتارخانية " : غسالة الثوب النجس إذا أصاب الثوب لا يطهر إلا بالغسل ثلاثا . (۱/۱۸۷، الفصل السابع في النجاسات وأحكامها ، قبيل الفصل الثاني في تطهير النجاسات)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : فرع : غسالة النجاسة في المرات الثلاثة مغلظة في الأصح .

(ص/۱۵۵، باب الأنجاس والطهارة عنها ، البحر الرائق : ۱/۴۰۴، باب الأنجاس)

ما في " رد المحتار " : بخلاف الغسلات الثلاث إذا استنقعت في موضع فأصابت شيئًا نجسته . اهـ . .... واحترز بالثلاث عن الغسالة في المرة الرابعة فإنها طاهرة . (۱/۵۳۲ ، باب الأنجاس ، مطلب العرقي الذي يُستقطر من دردي الخمر نجس حرام الخ ، بيروت)

(۲) ما في " التنوير مع الدر والرد " : شروط الصلاة هي ستة : طهارة بدنه من حدث وخبث وثوبه . (۲/۷۳ ، باب شروط الصلاة)

(فتاویٰ محمودیہ: ۸/۳۰۳، میرٹھ، و ۵/۲۵۱، کراچی، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۰۷۸۰)

وضو سے پہلے ویسلین تیل وغیرہ دھونا

مسئلہ (۳۴): ویسلین، تیل یا اس جیسی غیر ذی جرم چکنی چیزیں لگانے کے بعد، وضو کرنے سے پہلے، اُسے صابون سے دھونا ضروری نہیں ہے، کیوں کہ یہ پانی کو کھال تک پہنچنے سے مانع نہیں، بلکہ چکناہٹ کی وجہ سے پانی بہت تیزی کے ساتھ کھال سے مَس ہوکر گزر جاتا ہے[۱]، بشرطیکہ اس میں ناپاک اَجزا شامل نہ ہوں، ورنہ دھونا ضروری ہوگا۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : ولا يمنع الطهارة ونيم وحناء ودرن ووسخ وكذا دهن ودسومة . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (ودسومة) هي أثر الدهن ، قال في الشرنبلالية : قال المقدسي : وفي الفتاوى : دهن رجليه ثم توضأ وأمرّ الماء على رجليه ولم يقبل الماء للدسومة جاز لوجود غسل الرجلين .

(۱/۲۸۸، كتاب الطهارة ، مطلب في أبحاث الغسل)

ما في " الفتاوى الولوالجية " : إذا ادهن رجل وأمرّ الماء على رجله ، ولم يسل الماء لمكان الدسومة جاز الوضوء ، لأنه وجد غسل الرجل .

(۱/۴۹ ، كتاب الطهارة ، الفصل الثالث في المعاني الموجبة للوضوء وغيره ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص/۶۲، كتاب الطهارة ، فصل في أحكام الوضوء ، الفتاوى الهندية : ۱/۵، كتاب الطهارة ، الفصل الأول في فرائض الوضوء)

(۲) ما في " الجوهرة النيرة " : يجب على المصلي أن يقدم الطهارة من الأحداث والأنجاس .

(۱/۱۲۷ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة التي تتقدمها ، الفقه الحنفي وأدلته : ۱/۱۴۴، كتاب الصلاة ، باب فروض الصلاة) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۸۸۲۹)

وضو کے بعد چہرے پر کریم لگانا

مسئلہ (۳۵): بعض لوگ وضو کے بعد چہرے پر، کریم لگا کر نماز پڑھتے ہیں، ایسی صورت میں اگر یہ اطمینان ہو کہ اس میں حرام اَجزا کی آمیزش نہیں ہے، تو اسے لگا کر نماز پڑھنا جائز ہے، اور اگر اس میں حرام اَجزا کی آمیزش ہو، تو نماز سے پہلے اسے دھونا ضروری ہے۔ (۱)

واش بیسن میں وضو اور سوتی یا اُونی موزے پر مسح

مسئلہ (۳۶): اگر کوئی شخص کسی ایسی کمپنی یا کارخانے میں کام کرتا ہو، جہاں وضوخانہ یا غسل خانہ وغیرہ نہ ہو، صرف واش بیسن ہو، جس میں وہ وضو کر لیتا ہو، مگر اس میں پیر دھوتے دیکھ لیے جانے کی صورت میں، اس کے لیے مسئلہ پیدا ہو سکتا ہو، جس کی وجہ سے وہ مروّجہ سوتی یا اُونی موزے پر مسح کرنا چاہے، تو یہ جائز نہیں ہے، اُسے چاہیے کہ چمڑے کا موزہ استعمال کرے، اور اُس پر مسح کرے (۲)، یا پھر باہر کسی جگہ جا کر پیر دھو لیا کرے، کیوں کہ پیر کا دھونا فرض ہے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (شروط الصلاة) هي ستة : طهارة بدنه من حدث وخبث . (۲/۷۳ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۲۹۷۴۹)

ما في " الجوهرة النيرة " : يجب على المصلي أن يقدم الطهارة من الأحداث والأنجاس .

(۱/۱۲۷ ، كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة التي تتقدمها)

ما في " الفقه الحنفي وأدلته " : وهي خمس فرائض ؛ الأولى والثانية الطهارة من الأحداث،=

ٹیشو پیپر گیلا کر کے اعضائے وضو کو پونچھنا

مسئلہ (۳۷): ٹرین اور ہوائی جہاز کے واش بیسن کے پاس جگہ کم ہوتی ہے، اور پیروں کو دھونے کی صورت میں وہ جگہ گیلی ہوجاتی ہے، جسے دیگر مسافرین اور ہوائی جہاز کا عملہ پسند نہیں کرتے ہیں، اس لیے بعض مسلم مسافر ٹیشو پیپر گیلا کر کے اپنے اعضائے وضو، یا پیروں پر پھیر لیتے ہیں، اور یہ خیال کرتے ہیں کہ اُن کا وضو ہوگیا، حالاں کہ اُن کا یہ خیال صحیح نہیں ہے، کیوں کہ اِس صورت میں شرعاً غَسل (دھونے) کا مفہوم متحقق نہیں ہوا، غَسل کا مفہوم اس وقت متحقق ہوتا ہے، جب کہ

=الطهارة من الأنجاس . (۱/۱۴۴، كتاب الصلاة ، باب فروض الصلاة)

الحجة على ما قلنا :

(۲) ما في " التنوير مع الدر والرد " : أو جوربيه ، ولو من غزل أو شعر (الثخينين) بحيث يمشي فرسخًا ، ويثبت على السّاق بنفسه ، ولا يرى ما تحته ، ولا يشف إلا أن ينفذ إلى الخف قدر الغرض . الدر المختار . وفي الشامية : قوله : (ولو من غزل أو شعر) .... وخرج عنه ما كان من كرباس .... وهو الثوب من القطن الأبيض ، ويلحق بالكرباس كل ما كان ... من نوع الخيط كالكتان ، والإبريسم ونحوهما ...... وأقول : الظاهر أنه إذا وجدت فيه الشرط يجوز ، وأنهم أخرجوه لعدم تأتي الشروط فيه غالبًا . (۱/۴۵۱ ، ۴۵۲، باب المسح على الخفين ، حلبي كبير: ص/۱۲۱ ، المسح على الخفين) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۲۹۹۹۲)

ما في " فتاوى قاضي خان " : وإن كان رقيقين غير منعلين لا يجوز المسح عليهما .... والثخينين أن يقوم على الساق من غير شد ولا يسقط ولا ينشف ..... معنى قوله : لا ينشفان أي لا يجاوز الماء إلى القدم . (۱/۲۵، فصل في المسح على الخفين)

(۳) ما في " بدائع الصنائع " : وكذا نفي قبول صلاة من لا يغسل رجليه في وضوئه ، فدل أن غسل الرجلين من فرائض الوضوء . (۱/۱۲۱ ، فصل في بيان أنواع الطهارة)

اعضائے وضو کو تر کرنے کے بعد کم از کم اُن سے دو قطریں پانی ٹپکیں، اگر اِس قدر بھی تقاطُر (قطروں کا ٹپکنا) نہ پایا جائے، تو فرضِ غَسل ادا نہیں ہوگا، جس کی وجہ سے وضو بھی صحیح و درست نہیں ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا إذا قمتم الى الصلوة فاغسلوا وجوهكم وأيديكم الى المرافق وامسحوا برؤوسكم وارجلكم الى الكعبين﴾ . (سورة المائدة : ٦)

ما في " روح المعاني " : " فاغسلوا وجوهكم " أي أسيلوا عليها الماء ، وحدّ الإسالة أن يتقاطر الماء ولو قطرة عندهما ، وعند أبي يوسف لا يشترط التقاطر .

(۴/۱۰۳ ، سورة المائدة : ٦)

ما في " التفسير الكبير للرازي " : المسألة السادسة عشرة : الغسل عبارة عن إمرار الماء على العضو ، فلو رطب هذه الأعضاء ولكن ما سال الماء عليها لم يكن ، لأن الله تعالى أمر بإمرار الماء على العضو . (۴/۳۰۱ ، المائدة : ٦)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : والغسل إسالة الماء على المحل بحيث يتقاطر وأقله قطرتان في الأصح ، ولا تكفي الإسالة بدون التقاطر .

(ص/۳۲ ، فصل في أحكام الوضوء)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : (غسل الوجه) أي إسالة الماء مع التقاطر ولو قطرة ، وفي الفيض : أقله قطرتان في الأصح . (در مختار) . وفي الشامية : قوله : (أقله قطرتان) يدل عليه صيغة التفاعل ، ثم لا يخفى أن هذا بيان للفرض الذي لا يجزئ أقل منه لأنه في صدر بيان الغسل المفروض . (۱/۱۸۷ ، ۱۸۸ ، كتاب الطهارة ، مطلب في فرض القطعي والظني)

ما في " الهداية " : ففرض الطهارة غسل الأعضاء الثلاثة ومسح الرأس بهذا النص ، والغسل هو الإسالة والمسح هو الإصابة . (۱/۱٦ ، كتاب الطهارات) (کتاب المسائل:۱/۱۳۲)

غسل کے وقت کلمہ پڑھنا ضروری نہیں

مسئلہ (۳۸): بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ غسل کرتے وقت کلمہ پڑھنا ضروری ہے، ورنہ ناپاکی دور نہیں ہوتی، اسی طرح بعض، مُردے کو نہلاتے وقت کلمہ پڑھنے کو ضروری خیال کرتے ہیں، شرعاً یہ دونوں باتیں ثابت نہیں ہیں، بلکہ غسل کرتے وقت کلمہ یا اور کوئی ذکر کرنے کو منع قرار دیا گیا ہے۔[۱]

اَٹیچ باتھ روم میں وضو کی دعائیں پڑھنا

مسئلہ (۳۹): آج کل عام طور پر بیت الخلا اور غسل خانہ دونوں ایک ساتھ بنانے کا رَواج بڑھتا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے آدمی ایک ہی جگہ استنجا، غسل اور وضو کرتا ہے، ایسی صورت میں وضو میں ادعیۂ ماثورہ پڑھنے کا مسئلہ آ کھڑا ہوتا ہے، کہ وہ پڑھی جائیں یا نہیں؟ تو اس میں یہ تفصیل ہے کہ اگر غسل کی جگہ اتنے فاصلے

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : قال الشرنبلالي : ويستحب أن لا يتكلم بكلام مطلقًا ، أما كلام الناس فلكراهة حال الكشف ، وأما الدعاء فلأنه في مصب المستعمل ومحل الأقذار والأوحال . (۱/۱ ۲۹ ، كتاب الطهارة ، مطلب سنن الغسل ، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح :ص/۱۰۶ ، كتاب الطهارة ، فصل وآداب الاغتسال)

ما في " حلبي كبير " : ويستحب أن لا يتكلم بكلام قط من كلام الناس أو غيره ، أما كلام الناس فلما تقدم في الوضوء ، وأما غيره من الذكر والدعاء فلأنه في مصب الماء المستعمل ومحل الأوضار أي الأوساخ والأقذار . (ص/۵۱، ۵۲، كتاب الطهارة ، سنن الغسل ، الموسوعة الفقهية : ۳۱/۲۱۶ ، غسل ، تثليث الغسل)

(فتاویٰ محمودیہ:۸/۱۶۶،فتاویٰ دارالعلوم دیوبند،رقم الفتویٰ:۲:۱۵۱۷)

پر ہے کہ بیت الخلا کی بد بو وہاں محسوس نہیں ہوتی، تو وضو کے وقت ادعیۂ ماثورہ پڑھنی چاہیے، اس میں کوئی مضائقہ نہیں، اور اگر اتنی قریب ہو کہ بد بو آرہی ہو، تو وضو کی دعائیں ساقط ہیں، یعنی نہ پڑھیں، اور بہتر یہ ہے کہ بیت الخلا اور غسل خانہ دونوں علیحدہ بنائیں جائیں، تاکہ اہلِ خانہ کو بھی سہولت ہو۔ (۱)

ایک بالشت سے کم مسواک کا استعمال

مسئلہ (۴۰): بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ایک بالشت سے کم مسواک نہیں کر سکتے، اور اس کا ثواب نہیں ملتا، جب کہ شرعاً ایک بالشت سے کم مسواک بھی کر سکتے ہیں، اور اس کا ثواب بھی ملتا ہے، ایک بالشت، یہ مسواک کی زیادہ سے زیادہ مقدار ہے، لہٰذا ابتدا میں ایک بالشت ہونا بہتر ہے، بعد میں کم ہو جائے، تب بھی کوئی حرج نہیں ہے، اور جب تک وہ استعمال کے قابل رہے، استعمال کر سکتے ہیں۔ (۲)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " التنویر مع الدر والرد " : وسننه : ...... البداء ة بالتسمیة قولا .... قبل الاستنجاء وبعده إلا حال انکشاف وفي محل نجاسة فیسمی بقلبه . تنویر مع الدر . وفي الشامیة : ولا یحرّک لسانه تعظیمًا لاسم الله تعالی .

(۱/۲۲۶، ۲۲۷، کتاب الطهارة ، مطلب سائر بمعنی باقي لا بمعنی جمع)

ما في " الفتاوی الهندیة " : ولا یسمی في حال الانکشاف ولا في محل النجاسة . هکذا في فتح القدیر . (۱/۶، کتاب الطهارة، الفصل الثاني في سنن الوضوء ، فتح القدیر : ۱/۲۱، کتاب الطهارة) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۷۵۲)=

کھڑے ہوکر پیشاب کرنا

مسئلہ (۴۱): کھڑے ہوکر پیشاب کرنا اسلامی تہذیب وثقافت کے خلاف ہے، حدیث پاک میں اس کی ممانعت آئی ہے، اسی لیے حضراتِ فقہائے کرام نے بلا عذر کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کو مکروہِ تنزیہی قرار دیا ہے، چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ: ''جو شخص تم سے یہ بیان کرے کہ آپ ﷺ کھڑے ہوکر پیشاب کیا کرتے تھے، تو تم اُس کی اِس بات کو سچ نہ مانو، آپ ﷺ بیٹھ کر ہی پیشاب کیا کرتے تھے۔''(۱)

الحجة على ما قلنا :

=(۲) ما في " رد المحتار " : قوله : (وطول شبر) الظاهر أنه في ابتداء استعماله ، فلا يضر نقصه بعذ ذلک بالقطع منه لتسويته . تأمل .

(۱/۲۱۰ ، كتاب الطهارة ، مطلب في دلالة المفهوم)

ما في " النهر الفائق " : ويندب أن يكون لينا خال من العقد طول شبر . (۱/۴۱ ، كتاب الطهارة) (فتاویٰ محمودیہ:۸/ ۱۱۸، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۱۲۲۸۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : " من حدثكم أن النبي ﷺ كان يبول قائما فلا تصدّقوه ، ما كان يبول إلا قاعدا " . رواه أحمد والترمذي والنسائي.

(ص/۴۳ ، كتاب الطهارة ، باب آداب الخلاء ، الفصل الثالث ، الرقم :۳۶۵ ، قديمي ، سنن النسائي : ۱/۶، كتاب الطهارة ، باب النهي عن البول قائما ، جامع الترمذي : ۱/۹، كتاب الطهارة ، باب النهي عن البول قائما)

ما في " بذل المجهود " : وقال عامة العلماء : البول قائما مكروه إلا لعذر وهي كراهة تنزيه لا تحريم وهو مذهبنا الحنفية . (۱/۲۴۷ ، كتاب الطهارة ، باب البول قائما)=

حائضہ کے غسل کے پانی پر کلمۂ طیبہ پڑھ کر دم کرنا

مسئلہ (۴۲): بعض علاقوں میں یہ رَواج ہے کہ جب عورت حیض یا نفاس سے پاک ہوکر غسل کرنا چاہتی ہے، تو گھر کے مرد کسی عالم صاحب سے پانی پر دَم کروا کر لاتے ہیں، اور یہ عورت اُس پانی کو غسل کے پانی میں ملا کر نہاتی ہے، جب کہ غسل کے پانی پر کلمۂ طیبہ یا کچھ اور پڑھ کر دَم کرنا، شریعت سے اس کا کوئی ثبوت نہیں، اس لیے یہ عمل نہ فرض ہوگا نہ واجب، نہ مسنون اور نہ مستحب[1]، بلکہ اگر فرض یا واجب وغیرہ سمجھ کر کیا جائے، تو یہ ناجائز و بدعت ہوگا۔[2]

=ما في " الدر المختار مع الشامية " : وكذا يكره ...... وأن يبول قائما . در مختار . وفي الشامية : قال العلماء : يكره إلا لعذر ، وهي كراهة تنزيه لا تحريم . (۱/۵۵۷ ، باب الأنجاس ، مطلب القول مرجح على الفعل) (فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۳۵۴۹۸)

ما في " الفتاوى الهندية " : ويكره أن يبول قائما أو مضطجعا أو متجردا عن ثوبه من غير عذر فإن كان بعذر فلا بأس به . (۱/۵۰، كتاب الطهارة ، قبيل كتاب الصلاة)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : الفصل الأول في فرائضه وهي ثلاثة : المضمضة والاستنشاق وغسل جميع البدن على ما في المتون .... يسن أن يبدأ بالنية بقلبه ويقول بلسانه نويت الغسل لرفع الجنابة أو للجنابة ثم يسمي الله تعالى عند غسل اليدين ثم يستنجي . كذا في الجوهرة النيرة . (۱/۱۳، ۱۴، كتاب الطهارة ، الباب الثاني في الغسل ، الفصل الأول في فرائضه) (فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۴۱۶۱۵)

(۲) ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها قالت : قال رسول الله ﷺ : "من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو ردّ " . (۱/۳۷۱ ، كتاب الصلح ، باب إذا اصطلحوا على صلح جور فالصلح مردود ، الرقم :۲۶۹۷ ، صحيح مسلم :۲/۷۷، كتاب=

قضائے حاجت کے وقت چہرہ یا پیٹھ قبلے کی طرف کرنا

مسئلہ (۴۳): قضائے حاجت کے وقت چہرہ یا پیٹھ قبلے کی طرف کرنا مکروہِ تحریمی ہے، اس لیے اپنے مکانوں، مہمان خانوں اور ہوٹلوں وغیرہ میں استنجا خانہ اس طرح بنانا چاہیے کہ قضائے حاجت کے وقت چہرہ یا پیٹھ قبلے کی طرف نہ ہو، اور اگر اس طرح بنے ہوئے ہوں کہ چہرہ یا پیٹھ قبلے کی طرف ہوتی ہے، تو رُخ پھیر کر استنجا کرنا چاہیے، اور اگر ممکن ہو تو اس کی اصلاح کر لینی چاہیے۔ (۱)

=الأقضية ، باب نقض الأحكام الباطلة وردّ محدثات الأمور ، الرقم :۱۷۱۸، مشكوة المصابيح :ص/۲۷، باب الاعتصام بالكتاب والسنة ، الفصل الأول ، الرقم :۱۴۰)

ما في " صحيح مسلم " : عن عائشة أن رسول الله ﷺ قال : " من عمل عملا ليس عليه أمرنا فهو ردّ " . (۲/۷۷، كتاب الأقضية ، باب نقض الأحكام الباطلة ورد محدثات الأمور)

ما في " رد المحتار " : (البدعة) ما أحدث على خلاف الحق الملتقى عن رسول الله ﷺ من علم أو عمل أو حال بنوع شبهة واستحسان ، وجعل دينا قويما وصراطا مستقيما .
(۲/۲۹۹، كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، مطلب البدعة خمسة أقسام)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : كره تحريمًا استقبال القبلة واستدبارها لأجل بول أو غائط ولو في بنيان لإطلاق النهي . (۱/۴۸۰، باب الأنجاس ، فصل في الاستنجاء ، مطلب إذا دخل المستنجي في ماء قليل ، مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي :ص/۲۲، كتاب الطهارة ، فصل لا يجوز كشف العورة للاستنجاء)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي أيوب الأنصاري : أن النبي ﷺ قال : " إذا أتيتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة ولا تستدبروها ، ولكن شرّقوا أو غرّبوا " قال أبو أيوب : فقدمنا الشام ، فوجدنا مراحيض بُنِيت قِبل القبلة فننحرف ، ونستغفر الله تعالى . (۱/۵۷، كتاب الصلاة ، باب قبلة أهل المدينة وأهل الشام والمشرق ، الرقم :۳۹۴ ، صحيح مسلم : ۱/۱۳۰،=

پھوڑا یا پھنسی کا پیپ کپڑے پر لگ جائے

مسئلہ (۴۴): اگر کسی دانے یا پھوڑے پھنسی سے پانی یا پیپ نکل کر بہے نہیں، بلکہ وہیں رُکا رہے، اور وہ کپڑوں پر لگ جائے، تو اُس سے کپڑا ناپاک نہیں ہوگا، اگرچہ اس کی مقدار ایک درہم سے زائد ہو۔[1]

ٹشو سے استنجا کے بعد پسینہ آ جائے

مسئلہ (۴۵): اگر کوئی شخص پیشاب کے بعد استنجا صرف ٹشو پیپر سے صاف کرے، اور بعد میں اُسے پسینہ آ جائے، اور یہ پسینہ بہہ کر کپڑے یا بدن پر لگ جائے، تو کپڑا یا بدن ناپاک نہیں ہوگا، متأخرین فقہاء کا اِس پر اتفاق ہے۔[2]

= كتاب الطهارة ، باب الاستطابة ، الرقم :۲۶۴ ، سنن أبي داود :ص/۳ ، كتاب الطهارة ، باب كراهية استقبال القبلة عند قضاء الحاجة ، الرقم : ۹)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۳۷۹۳۹)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : ونظيره ما ليس فيه قوة السيلان من الخارج من الجسد فإنه ساقط الاعتبار وإن كثر وعم الثوب ، وقد صرّح في الحلية بعين ما قلنا فقال : ما ليس بكثير من النجاسة منه ما هو مهدر الاعتبار فلا يجمع بحال ، وعليه ما في الحاوي القدسي أن ما أصاب من رشّ البول مثل رؤوس الإبر ، ونحوه الدم على ثوب القصاب ، وما لا ينقض الوضوء من بلة الجرح أو القيء معفو عنه وإن كثر . (۱/۴۶۰ ، كتاب ا لطهارة ، باب الأنجاس ، مطلب إذا صرّح بعض الأئمة بقيد لم يصرح غيره بخلافه وجب اتباعه)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۲۸۶۶)

(۲) ما في " رد المحتار " : وأجمع المتأخرون على أنه لا ينجس بالعرق ، حتى لو سال منه=

شاوَر (فوارہ-Shower) کے نیچے کھڑے ہوکر غسل کرنا

مسئلہ (۴۶): آج کل عام طور پر ہوٹلوں، مہمان خانوں اور گھروں کے غسل خانوں میں شاوَر یعنی جھرنا (فوارہ) دیوار کے ساتھ لگا ہوتا ہے، جس میں عام طور پر لوگ کھڑے ہوکر غسل کرتے ہیں، جس کے بارے میں بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ کھڑے ہوکر غسل کرنا تنگیٔ رزق، بیماری اور فاقے کا سبب ہوتا ہے، شرعاً یہ بے اصل ہے، قرآن وحدیث میں اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے، اور شرعاً کھڑے ہوکر غسل کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہے، البتہ بیٹھ کر غسل کرنا افضل ہے۔ (۱)

=وأصاب الثوب أو البدن أكثر من قدر الدرهم لا يمنع .

(۱/۴۷۴، ۴۷۵، باب الأنجاس ، مطلب إذا دخل المستنجي في ماء قليل)

ما في " الفتاوى الهندية " : ثم اتفق المتأخرون على سقوط اعتبار ما بقي من النجاسة بعد الاستنجاء بالحجر في حق العرق حتى إذا أصابه العرق من المقعدة لا يتنجس .

(۱/۴۸ ، كتاب الطهارة ، الباب السابع في النجاسة ، الفصل الثالث في الاستنجاء)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۴۴۸۶۶)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وسننه) كسنن الوضوء سوى الترتيب ، وآدابه كآدابه سوى استقبال القبلة لأنه يكون غالبًا مع كشف العورة . (۱/۲۹۱، كتاب الطهارة ، مطلب سنن الغسل ، الموسوعة الفقهية : ۳۱/۲۱۶، غسل ، سنن الغسل)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : من آداب الوضوء أربعة عشر شيئًا : الجلوس في مكان مرتفع . (ص/۳۱ ، كتاب الطهارة ، فصل من آداب الوضوء)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۳۲۹۹۶)

غسل کرتے وقت ستر چھپانا

مسئلہ (۴۷): اگر کوئی شخص لوگوں کے سامنے غسل کر رہا ہو، تو اُس وقت کچھ پہن کر غسل کرنا جس سے کشفِ عورت نہ ہو، یعنی ستر دکھائی نہ دے، ضروری ہے، اور اگر کسی چیز کی آڑ یا غسل خانے میں غسل کر رہا ہو، جہاں کسی کی نظر نہ پڑے، اُس وقت بغیر کچھ پہنے غسل کرنا جائز ہے، البتہ اُس وقت بھی کچھ پہن کر غسل کرنا بہتر ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : وعن يعلى قال : إن رسول الله ﷺ رآى رجلا يغتسل بالبراز فصعد المنبر فحمد الله وأثنى عليه ثم قال : " إن اللّٰه حييٌّ ستير يحبّ الحياء والتستُّر، فإذا اغتسل أحدكم فليستتِر " رواه أبو داود والنسائي .

(ص/ ۴۹، كتاب الطهارة ، باب الغسل ، الفصل الثاني ، الرقم :۴۴۷)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال ابن حجر : وحاصل حكم من اغتسل عاريًا إن كان بمحل خال لا يراه أحد ممن يحرم عليه نظر عورته حل له ذلك ، لكن الأفضل التستر حياء من الله تعالى ، وإن كان بحيث يراه أحد يحرم عليه نظر عورته وجب عليه التستر منه إجماعا على ما حُكي . (۱۳۸/۲ ، باب الغسل ، قبيل الفصل الثالث)

ما في " مراقي الفلاح مع حاشية الطحطاوي " : ويكره مع كشف العورة ويستحب أن يغتسل بمكان لا يراه فيه أحد لا يحل له النظر لعورته لاحتمال ظهورها في حال الغسل أو لبس الثياب . (ص/۱۰۶ ، كتاب الطهارة ، فصل آداب الاغتسال)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۱۷۳۷)

وضو اور غسل میں کتنا پانی استعمال کیا جائے؟

مسئلہ (۴۸): پانی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، جہاں پانی ہے وہاں رونقِ زندگی ہے، اور جہاں پانی نہیں ہے، یا کم ہے، وہاں زندگی کی رونقیں سِرے سے ہیں ہی نہیں، یا پھر کم ہیں۔

الحمد للہ! (ہمارے جامعہ میں) اللہ کی یہ نعمت بحظِ وافر ہمیں حاصل ہے، جس کی قدردانی ہم پر واجب ہے، اور ہر نعمت کی قدر اُس کے مناسبِ حال ہوا کرتی ہے، تو پانی کی قدر یہ ہے کہ غسل اور وضو میں اس کا استعمال زائد از ضرورت نہ ہو۔ غسل میں تقریباً چار کلو، اور وضو میں ایک یا سَوا کلو پانی کافی ہے، اگر مقدارِ مذکور میں کچھ کمی زیادتی بھی ہوجائے، تو گنجائش ہے، البتہ اتنی کمی کرنا کہ غسل اور وضو کے صحیح ہونے میں شک ہونے لگے، یا اتنا زیادہ پانی بہانا کہ اِسراف اور بے جا استعمال کی حد میں آجائے، مکروہ ہے۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

مسئلہ (۱۴۵): خنزیر نجس العین ہے، اس کے کسی جز سے انتفاع (فائدہ اٹھانا) جائز نہیں ہے[1]، اس لیے اگر کسی بَرَش کے بارے میں تحقیق سے معلوم ہوجائے کہ وہ خنزیر کے بالوں سے بنایا گیا ہے، یا اُس میں خنزیر کے بال زیادہ ہیں، تو اس کا استعمال اور خرید وفروخت شرعاً جائز نہیں، اِس کے علاوہ بازار میں پلاسٹک وغیرہ کے برش دستیاب ہیں، انہیں استعمال کرنا چاہیے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوى الهندية " : أما الخنزير فجميع أجزائه نجسة . كذا في الاختيار شرح المختار . (۱/۲۴، الطهارة ، الباب الثالث في المياه ، الفصل الثاني فيما لا يجوز به التوضؤ)

ما في " النهر الفائق " : (وشعر الإنسان) الميت (والميتة) غير الخنزير إذ جميع أجزائه نجسة . (۱/۸۳، كتاب الطهارة ، مطلب في طهارة الجلود ودباغتها ، فرع ، مجمع الأنهر : ۱/۱/۵۱، كتاب الطهارة ، فصل ، الهداية : ۱/۱/۴۱ ، كتاب الطهارة ، باب الماء الذي يجوز به الوضوء وما لا يجوز)

(۲) ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وشعر الخنزير) لنجاسة عينه فيبطل بيعه .

(۷/۲۶۴ ، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، مطلب في التداوي بلبن البنت للرّمد قولان)

ما في " البحر الرائق " : قوله : (وشعر الخنزير) أي لم يجز بيعه إهانة له لكونه نجس العين كأصله فالبيع لو جاز لكان اكراما ...... وكان ابن سيرين لا يلبس خفا خرز بشعر الخنزير فعلى هذا لا يجوز بيعه ولا الانتفاع به ، ولذا روي عن أبي يوسف كراهة الانتفاع به . (۶/۱۳۲، ۱۳۳، كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد) (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۴۷۳۷، فتاویٰ محمودیہ: ۲۴/۸۱)

شکاری کتا پالنا اور اس کی خرید وفروخت

مسئلہ (۱۴۶): اگر کتا شکاری ہو، یا کھیتی وغیرہ کی حفاظت کے لیے رکھا جائے، تو شرعاً اس کی اجازت ہے، اور اِس مقصد کے لیے اُس کی خرید وفروخت بھی جائز ہے، اور اگر کتا ان مقاصد کے لیے نہ ہو، تو چوں کہ کتا ایک نجس جانور ہے، اس لیے اس کو گھر میں رکھنا، اس کے ساتھ محبت کا برتاؤ کرنا، اس کو اپنے ساتھ گھمانا پھرانا، جیسا کہ مغرب زدہ طبقے میں رائج ہے، شرعاً ممنوع ہے، اور اس مقصد کے لیے کتے کی خرید وفروخت بھی ناجائز ہے، اِس سے اجتناب کرنا ضروری ہے۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي طلحة رضي الله عنهم قال : قال النبي ﷺ : " لا تدخل الملائكة بيتًا فيه كلب ولا تصاوير " .

(۲/ ۸۸۰ ، كتاب اللباس ، باب التصاوير ، الرقم : ۵۹۴۹)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من اقتنى كلبًا إلا كلبَ ماشية أو ضار نقص من عمله كل يوم قيراطان " . متفق عليه .

(ص/ ۳۵۹ ، كتاب الصيد والذبائح ، باب ذكر الكلب)

ما في " تكملة فتح الملهم " : وقال الحنفية : الكلاب التي ينتفع بها يجوز بيعها ويباح أثمانها وبه قال عطاء بن أبي رباح وابراهيم النخعي وأبو يوسف ومحمد وابن كنانة وسحنون من المالكية ومالك في رواية ، وروي عن أبي حنيفة أن الكلب العقور لا يجوز بيعه ولا يباح ثمنه ، هذا ملخص ما في عمدة القاري [۵: ۲۱۰] والمغني لإبن قدامة [۴: ۲۵۱و۲۵۲] .

(۷/ ۴۹۳ ، ۴۹۴ ، كتاب المساقاة ، باب تحريم ثمن الكلب وحلوان الكاهن ومهر البغي الخ)

ما في " شرح معاني الآثار " : قال أبو جعفر : فلما ثبتت الإباحة بعد النهي وأباح الله عز وجل في كتابه ما أباح بقوله : ﴿وما علّمتم من الجوارح مكلّبين﴾ اعتبرنا حكم ما ينتفع به هل=

بیع تعاطی کی ایک صورت

مسئلہ (۱۴۷): کھیتی کے موقع پر کسان فصل کے لیے جو سامان لیتے ہیں، وہ پانچ ماہ کی اُدھار پر ہوتا ہے، جس میں بائع و بیوپاری ۵۰۰/ والی چیز کے ۶۰۰/ روپئے لیتا ہے، جس کا دونوں کو پتا ہوتا ہے، معاملہ کرتے وقت ایک دوسرے سے کوئی بات نہ پوچھتے ہیں، نہ بتاتے ہیں، اور بل میں ۶۰۰/ کے حساب سے ہی ریٹ لکھا جاتا ہے، معاملے کی یہ صورت شرعاً درست ہے، بشرطیکہ معاملے کے وقت اُدھار والی قیمت طے ہوجاتی ہو، چاہے ایسا کرنا تعاطی کے طریقے پر ہی ہو، یعنی بغیر پوچھے بتائے ۵۰۰/ کی چیز کا لین دین ۶۰۰/ میں آپسی رضامندی سے ہوتا ہو۔ (۱)

= يجوز بيعه ويحل ثمنه أم لا ؟ فرأينا الحمار الأهلي قد نهي عن أكله وأبيح كسبه والانتفاع به فكان بيعه إذ كان هذا حكمه حلالا وثمنه حلالا ، وكان يجيء في النظر أيضًا أن يكون كذلک الكلاب لما أبيح الانتفاع بها حل بيعها وأكل ثمنها ويكون ما روي في حرمة أثمانها كانت وقت حرمة الانتفاع بها ، وما روي في إباحة الانتفاع بها دليل على حلّ أثمانها ، وهذا قول أبي حنيفة وأبي يوسف ومحمد رحمهم الله تعالى .

(۲/ ۲۰۱، كتاب البيوع ، باب ثمن الكلب)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما بيع كل ذي ناب من السباع سوى الخنزير كالكلب والفهد والأسد والنمر والذئب والهر ونحوها فجائز عند أصحابنا .

(۴/ ۳۳۴، كتاب البيوع ، حكم عظم الخنزير والآدمي ، دار الكتاب ديوبند)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۳۱۵۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة قال : " نهى رسول الله ﷺ عن بيعتين في بيعة" ...... وقد فسر بعض أهل العلم قالوا : بيعتين في بيعة أن يقول : أبيعک هذا الثوب=

....

....

=بنقد بعشرة وبنسيئة بعشرين ولا يفارقه على أحد البيعتين فإذا فارقه على أحدهما فلا بأس به إذا كانت العقدة على أحد منهما . (۱/۲۳۳، أبواب البيوع ، باب ما جاء في النهي عن بيعتين في بيعة ، اعلاء السنن :۱۴/ ۲۰۵، كتاب البيوع ، باب النهي عن بيعتين في بيعة)

ما في " المبسوط للسرخسي " : وإذا عقد العقد على أنه إلى أجل كذا بكذا وبالنقد بكذا أو قال : إلى شهر بكذا ، أو إلى شهرين بكذا ، فهو فاسد ، لأنه لم يعاطه على ثمن معلوم ولنهي النبي ﷺ عن شرطين في البيع وهذا هو التفسير للشرطين في بيع ، وهذا إذا افترقا على هذا فإن كان يتراضيان بينهما ولم يتفرقا حتى قاطعه على ثمن معلوم وأتما العقد عليه فهو جائز ، لأنهما افترقا إلا بعد تمام شرط صحة العقد . (۱۳/ ۹، كتاب البيوع ، باب البيوع الفاسدة)

ما في " موسوعة الفقه الإسلامي والقضايا المعاصرة " : بيع المعاطاة : المعاطاة : أن يتفق العاقدان على ثمن ومثمن ويعطيا من غير إيجاب ولا قبول ، وقد يوجد لفظ من أحدهما ، وهو بيع صحيح عند الجمهور ، لأن البيع ينعقد بكل ما يدل على الرضا بتبادل الملك في الأموال سواء بالصيغة المعبرة عن الإرادة صراحة من إيجاب وقبول أم بما يدل على الرضا عرفا ، اعتبارا بعرف الناس واحتراما لعاداتهم السائدة فيما بينهم ، ما لم تصادم نصا من نصوص الشرع ، فيصح البيع باللفظ أو الإشارة أو بغيرهما ، ما دام يدل على المقصود من العلم بتراضي العاقدين ، ولم يثبت اشتراط لفظ ، فيرجع للعرف كسائر الألفاظ المطلقة .

(۴/ ۲۷۰، عقد البيع)

ما في " الهداية " : ألا يرى أنه يزاد في الثمن لأجل الأجل . (۳/۵۸، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية ، البحر الرائق :۶/ ۱۹۰ ، كتاب البيع ، باب المرابحة والتولية)

ما في " بحوث في قضايا فقهية معاصرة " : أما الأئمة الأربعة وجمهور الفقهاء والمحدثين فقد أجازوا البيع المؤجل بأكثر من سعر النقد بشرط أن يبتّ العاقدان بأنه بيع مؤجل بأجل معلوم وبثمن متفق عليه عند العقد . (۱/۷، زيادة الثمن من أجل التأجيل)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۶۳۶۲)

خرید وفروخت میں ڈسکاؤنٹ (Discount)

مسئلہ (۱۴۸): آج کل عموماً بڑے مارکیٹس میں تجارت کے فروغ وعروج کے لیے ''ڈسکاؤنٹ'' (Discount) کا طریقہ رائج ہے، مثلاً دکان میں ہر سامان پر کچھ ڈسکاؤنٹ ہوتا ہے، یعنی اگر کسی سامان کی قیمت ایک ہزار (1000) ہے، تو اس پر پچیس فیصد (25%) ڈسکاؤنٹ، یعنی وہ سامان اب گاہک کو صرف سات سو پچھتر (775) میں دیا جائے گا، خرید وفروخت کی یہ مروّجہ صورت شرعاً درست ہے۔[۱]

خریدنے سے پہلے کوئی چیز چکھ کر دیکھنا

مسئلہ (۱۴۹): بعض لوگوں کی یہ عادت ہوتی ہے کہ جب وہ کسی پھل فروٹ کی لاری یا دکان کے پاس سے گزرتے ہیں، تو خریدنے کا قصد وارادہ نہ ہونے کے باوجود کوئی چیز چکھ کر دیکھتے ہیں، اسی طرح بعض لوگ وہ ہوتے ہیں، جو خریدنے کے عزم کے ساتھ کسی چیز کو چکھ کر دیکھتے ہیں، پھر پسند آجانے کے باوجود اِرادہ بدل جاتا ہے، تو نہیں خریدتے، اور بعضے وہ ہوتے ہیں جو خریدنے کے ارادہ سے چکھتے ہیں، مگر وہ چیز پسند نہیں آتی، تو چھوڑ دیتے ہیں، خریدتے نہیں،

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " المختصر القدوري " : ويجوز للمشتري أن يزيد للبائع في الثمن ويجوز للبائع أن يزيد للمشتري في المبيع ، ويجوز أن يحط من الثمن . (ص/ ۸۱ ، کتاب البیوع ، الهداية :۵۹/۳، التنوير وشرحه مع الشامية :۲۸۵/۷، البحر الرائق :۱۹۸/۶) (جدید فقہی مسائل:۱/ ۲۱۷،قدیمی)

اِس سلسلے میں یہ بات یاد رکھیں کہ- کھانے کی چیزیں مثلاً: آم، تربوز، خربوز وغیرہ چکھنے کی تین صورتیں ہیں:

(۱) اگر خریدنے کا ارادہ نہ ہو، اور چکھے تو یہ منع اور مکروہ ہے، نقصان کا بدلہ دینا ہوگا۔

(۲) خریدنے کا عزم تھا، چکھنے کے بعد پسند آئی، پھر ارادہ بدل گیا، تو نقصان کا بدلہ دے، یا مالک سے معافی چاہے۔

(۳) خریدنے کا ارادہ تھا، لیکن چکھنے کے بعد پسند نہیں آئی، تو اب نہ خریدنے میں کوئی حرج نہیں، اور اِس صورت میں نہ نقصان کا بدلہ لازم ہوتا ہے، اور نہ مالک سے معافی چاہنا۔[1]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (أو كان) المبيع (طعاماً فأكله أو بعضه) أو أطعمه عبده أو مدبره أو أم ولده أو لبس الثوب حتى تخرق فإنه يرجع بالنقصان استحساناً عندهما، وعليه الفتوىٰ . بحر . وعنهما يرد ما بقي ويرجع بنقصان ما أكل ، وعليه الفتوى . (در مختار) . (۱۹۲/۷ ، باب خيار العيب، مطلب فيما لو أكل بعض الطعام)

ما في " الفتاوى الهندية " : ولو اشترى طعاماً فوجد به عيباً وقد أكل بعضه يرجع بنقصان عيب ما أكل ويرد ما بقي بحصته ، وهذا قول محمد رحمه الله تعالىٰ ، وبه كان يفتي الفقيه أبوجعفر ، وبه أخذ الفقيه أبو الليث . (۸۴/۳ ، الفصل الثالث فيما يمنع الرد بالعيب وما لا يمنع الخ . البحر الرائق : ۸۸/۶ ، باب خيار العيب ، تبيين الحقائق : ۳۴۵/۴ ، باب خيار العيب ، خلاصة الفتاوى : ۱۰۷/۳ ، الجنس الثاني فيما يمنع الرد بالعيب ، الهداية : ۴۳/۳ ، باب خيار العيب) (فتاویٰ رحیمیہ: ۲۱۷/۹، فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۱۸۱۶، محقق ومدلل جدید مسائل: ۳۲۲/۱، مسئلہ نمبر: ۲۶۰، ایڈیشن ثانی)

کتاب الربوا

سود سے متعلق مسائل

قرض یا رہن کی رقم پر فائدہ حاصل کرنا

مسئلہ(۱۵۰): اگر کوئی شخص کسی سے کوئی مکان یا دکان بلا کرایہ استعمال کے لیے لے، اور بدلے میں مالکِ مکان یا دکان کو ایک بڑی رقم بطورِ قرض یا رہن کے دے، تو یہ معاملہ جائز نہیں ہے۔ اسی طرح ایک بڑی رقم قرض یا رہن کے طور پر دے کر، برائے نام کرایہ دے کر کسی کے مکان یا دکان کو استعمال کرنا یہ بھی جائز نہیں ہے، کیوں کہ یہ قرض کی بنیاد پر بلا عوض یا برائے نام کرایہ دے کر فائدہ اٹھانا ہے، جو سراسر ناجائز اور سود ہے، حدیث شریف میں اس پر ممانعت وارد ہوئی ہے، ہاں! البتہ اگر کوئی مکان یا دکان کا ضرورت مند، مالکِ مکان یا دکان کو بطورِ ڈپازٹ کوئی رقم دے، اور اس کے مکان یا دکان کو مُروَّجہ کرایہ پر لے کر استعمال کرے، تو شرعاً یہ جائز ہے، اور ڈِپازٹ کی رقم پر اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کی تجویز کے مطابق قرض کے احکام جاری ہوں گے۔[۱]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " كنز العمال " : " كل قرضٍ جرّ منفعة فهو ربًا " .

(۱۹۹/٦، كتاب الدين والسلم ، فصل في لواحق كتاب الدين ، الرقم :۱۵۵۱۲، ارواء الغليل في تخريج أحاديث منار السبيل :۲۳۵/۵، الرقم :۱۳۹۸)

ما في " السنن الكبرى للبيهقي " : عن فضالة بن عبيد صاحب النبي ﷺ أنه قال : " كل=

....

....

....

....

....

....

=قرض جّر منفعة فهو وجه من وجوه الربا " . موقوف .

(۵/۵۷۳ ، كتاب البيوع ، باب كل قرض جر منعفة فهو ربا ، الرقم :۱۰۹۳۳)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي الخلاصة : القرض بالشرط حرام ، والشرط لغو ...

وفي الأشباه : كل قرض جرّ نفعا حرام .

(۷/۳۹۴ ، ۳۹۵ ، باب المرابحة والتولية ، مطلب كل قرض جرّ نفعا حرام)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وإن شرط أن يؤجره داره بأقل من أجرتها ، أو أن يستأجر دارا لمقرض بأكثر من اجرتها كان أبلغ في التحريم .

(۳۳/۱۳۴ ، قرض ، اشتراط عقد آخر في القرض)

(فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۹۶۵۳)

ما في " رد المحتار " : وفي الخانية : رجل استقرض دراهم وأسكن المقرض في داره ، قالوا : يجب أجر المثل على المقرض ، لأن المستقرض انما أسكنه في داره عوضا عن منفعة القرض لا مجانا ، وكذا لو أخذ المقرض من المستقرض حمارًا ليستعمله إلى أن يرد عليه الدراهم . اهـ . وهذه كثيرة الوقوع . والله تعالى اعلم .

(۹/۸۷، كتاب الإجارة ، مطلب أسكن المقرض في داره يجب أجر المثل)

وما في " رد المحتار " : **فائدة** : قال في التاترخانية ما نصه : ولو استقرض دراهم وسلم حماره إلى المقرض ليستعمله إلى شهرين حتى يوفى دينه أو داره ليسكنها فهو بمنزلة الإجارة الفاسدة ، إن استعمله فعليه أجر مثله ولا يكون رهنا . (۱۰/۸۷، كتاب الرهن ، الفتاوى التاتارخانية :۱۸/۲۱۳، كتاب الرهن ، الفصل الثاني عشر في المتفرقات ، رقم المسألة :۳۰۲۶۶ ، الكافي في الفقه الحنفي :۳/۱۲۳۶ ، الإجارة ، فساد الإجارة)

وکیل کا دکاندار سے کمیشن وصول کرنا

مسئلہ (۱۵۱): اگر کوئی شخص کسی کمپنی یا ادارہ کا ملازم ہے، اور اس کے ذمہ کمپنی یا ادارہ میں استعمال ہونے والی مشینیں، پارٹس اور دیگر سامان خرید کر لانا ہے، اب اگر یہ شخص کمپنی یا ادارہ کے لیے کوئی چیز خریدے، اور اس خریداری پر دکاندار اُسے بطورِ کمیشن کوئی رقم دے، تو اس کمیشن کا حق دار متعلقہ کمپنی یا ادارہ ہے، یہ شخص نہیں، کیوں کہ یہ شخص کمپنی یا ادارہ کی طرف سے وکیل ہے، اور وکیل کو کسی چیز کی خریداری پر ملنے والے کمیشن کا حق دار مؤکل ہوتا ہے، نہ کہ وکیل، اگر وکیل یہ کمیشن خود رکھ لیتا ہے، تو یہ خیانت ودھوکہ بازی ہے، جو شرعاً ناجائز وحرام ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : المال الذي قبضه الوكيل والرسول من جهة الوكالة ومن جهة الرسالة أمانة في يدهما . (۲/۲۳٦، الكتاب السادس ؛ الأمانات ، الباب الأول في بيان بعض الأحكام العمومية المتعلقة بالأمانات ، تحت المادة : ۷٦۸)

ما في " شرح المجلة " : المال الذي قبضه الوكيل بالبيع والشراء وايفاء الدين واستيفائه وقبض العين من جهة الوكالة في حكم الوديعة في يده . (ص/۷۸۴، المادة :۱۴٦۳، درر الحكام شرح المجلة :۳/ ۵٦۱، أحكام الوديعة العمومية ، المادة :۱۴٦۳)

ما في " مجمع الأنهر " : (وليس للوكيل بشراء عين شراؤه لنفسه) ولا لمؤكل آخر لأنه يؤدي إلى تغرير الآمر من حيث أنه اعتمد عليه . (۳/ ۳۱۹ ، كتاب الوكالة ، باب الوكالة بالبيع والشراء ، رد المحتار :۸/ ۲۵۲، كتاب الوكالة ، باب الوكالة بالبيع والشراء ، البحر الرائق :۷/ ۲٦۸، كتاب الوكالة ، باب الوكالة بالبيع والشراء)

(فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ: ۵۴۲۲۲)

کمپیوٹر کی خرید وفروخت اوراس کی مرمّت

مسئله(۱۵۲): کمپیوٹر کی خرید وفروخت اور اس کی مرمّت کا کام کرنا بلا شبہ جائز اور درست ہے، اوراس سے حاصل ہونے والی آمدنی بھی جائز ہے، البتہ جس شخص کے متعلق یقینی طور سے معلوم ہو کہ وہ اسے معاصی میں استعمال کرے گا، تو اسے فروخت کرنا اوراس کی مرمّت کرنا مکروہ ہے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الهداية " : ولا بأس ببيع العصير ممن يتخذه خمرا ، لأن المعصية لا تقام بعينه بل بعد تغييره بخلاف بيع السلاح في أيام الفتنة ، لأن المعصية تقوم بعينه .

(۴۵۶/۴، كتاب الكراهية ، فصل في البيع)

ما في " التنوير مع الدر والرد " : (وجاز بيع عصير عنب ممن يعلم أنه يتخذ خمرا ، لأن المعصية لا تقوم بل بعد تغييره . تنوير مع الدر . وفي الشامية : قوله : (ممن يعلم) فيه إشارة إلى أنه لو لم يعلم لم يكره بلا خلاف . (۵۶۰/۹، الحظر والإباحة ، فصل في البيع ، الهندية : ۱۱۶/۳ ، البيوع ، الباب التاسع فيما يجوز بيعه وما لا يجوز ، مطلب بيع المحرمات)

ما في " اعلاء السنن " : أجاز أبو حنيفة بيع العنب والعصير ممن يعلم أنه يتخذها خمرا .... إذ ليس كل متسبب ملعونا على الإطلاق ، فينبغي أن يقال : إن فيه تفصيلا ، وهو أنه إن قصد بهذه أفعال المعصية يكون آثما ، وإلا لا ، .... فإن قلت : مباشرة البيع بعد العلم بأنه يتخطه خمرا قصد للمعصية ، قلت : كلا ! لأن قصد المعصية هو أن يبيعه منه ليتخذه خمرا ، لا البيع ممن يعلم أنه يتخذه خمرا بدون قصد أن يتخذه خمرا فلا اشكال . (۳۷۳/۱۷ ، كتاب الحظر والإباحة ، باب بيع العصير والعنب ممن يعلم أنه يتخذه خمرا ، الرقم : ۵۷۴۱) (فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ:۱۶۸۳۱)

ما في " رد المحتار " : لا يكره بيع الجارية المغنّية والكبش النطوح والديک المقاتل والحمامة الطيارة ، لأنه ليس عينها منكرا ، وإنما المنک في استعمالها المحظور . (۴۲۰/۶ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، مطلب في كراهة بيع ما تقوم المعصية بعينه ، بيروت ، النهر الفائق :۲۶۸/۳، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، دار الإيمان سهارنپور ، البحر الرائق :۲۴۰/۵، كتاب السير ، باب البغاة)

رہنمائی پر کمیشن لینا

مسئلہ (۱۵۳): اگر کوئی شخص کسی سرکاری ہسپتال کی لیب میں کام کرتا ہے، جہاں پر مختلف اَمراض کی تشخیص کے ٹیسٹ کیے جاتے ہیں، مگر کچھ ٹیسٹ ایسے ہوتے ہیں، جو سرکاری ہسپتال کی لیب میں نہیں ہوتے، بلکہ باہر کی پرائیویٹ لیب میں ہوتے ہیں، تو اگر کسی شخص کو اُن ٹیسٹ کی ضرورت ہو جو باہر کی لیب میں ہوتے ہیں، اور وہ یہ ٹیسٹ سرکاری لیب میں کام کرنے والے شخص کی معرفت ایسے لیب میں کراتا ہے جہاں اسے کمیشن ملتا ہے، تو اگر وہ سرکاری شخص ڈیوٹی کے اوقات کے علاوہ میں جا کر یہ کام انجام دیتا ہے، تو اس کے لیے یہ کمیشن لینا شرعاً جائز ہے[1]، اور اگر صرف رہنمائی کرتا ہے، خود کوئی عمل نہیں کرتا، تو پھر اس کے لیے یہ کمیشن لینا جائز نہیں ہے۔[2]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : سئل محمد بن سلمة عن أجرة السمسار فقال : أرجو أنه لا بأس به ، وإن كان في الأصل فاسدا لكثرة التعامل ، وكثير من هذا غير جائز فجوزوه لحاجة الناس إليه . (۹/۷۵، كتاب الإجارة ، باب الإجارة الفاسدة ، مطلب في أجرة الدلال)

ما في " خلاصة الفتاوى " : وفي الأصل أجرة السمسار والمنادي والحمامي والصكاک وما لا تقدير فيه للوقت ولا مقدار لما يستحق بالعقد ، لكن للناس فيه حاجة جاز ، وإن كان في الأصل فاسدا . (۳/۱۱۶ ، كتاب الإجارات ، الفصل الثاني في صحة الإجارة وفسادها ، جنس آخر في المتفرقات الخ) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۴۲۲۲)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي البزازية والوالجية : رجل ضلّ له شيء فقال : من دلّني على كذا فله كذا فهو على وجهين : إن قال ذلک على سبيل العموم بأن قال : من=

چیک جاری کرنے والے سے جرمانہ لینا

مسئلہ (۱۵۴): آج کل لین دین، خرید وفروخت میں چیک کا رَواج بڑھ چکا ہے، مثلاً کوئی شخص کسی سے کوئی چیز خریدتا ہے، تو اُسے قیمت میں نقد روپیہ دینے کی بجائے چیک دیتا ہے، بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ بینک وہ چیک واپس کردیتا ہے، جس کی کوئی بھی وجہ ہوسکتی ہے، مثلاً چیک جاری کرنے والے کے اکاؤنٹ میں رقم نہیں تھی، یا دستخط میں غلطی تھی وغیرہ، ایسی صورت میں وہ شخص جس کو چیک جاری کیا گیا تھا، اُس چیک جاری کرنے والے کے پاس آتا ہے، اور اُس سے کہتا ہے کہ آپ نے جو چیک مثلاً دس ہزار روپئے کا جاری کیا تھا، وہ کیش ہوئے بغیر واپس ہوگیا، اس لیے اب آپ مجھے دس ہزار دوسو نقد دے دو، یعنی اصل قرض پر بطورِ جرمانہ دوسو زائد دے دو، تو یہ زائد دوسو روپئے بطورِ جرمانہ چیک جاری کرنے والے سے لینا شرعاً جائز نہیں ہے [1]، بلکہ باطل وحرام طریقے سے دوسرے کے مال کو کھانا ہے، کیوں کہ حرام مال صرف سود ہی میں منحصر نہیں، بلکہ جوا، سود، چوری، ناپ تول میں کمی اور بغیر رضا مندی کے کسی کا مال لینا وغیرہ،

= دلّني ، فالإجارة باطلة ، لأن الدلالة والإشارة ليست بعمل يستحق به الأجر ، وإن قال على سبيل الخصوص بأن قال لرجل بعينه : إن دللتني على كذا فلک كذا ، إن مشى له فدله فله أجر المثل للمشي لأجله .... وإن دله بغير مشي فهو والأول سواء . (۹/۱۳۰، ۱۳۱، كتاب الإجارة ، باب فسخ الإجارة ، مطلب ضل له شيء فقال من دلّني عليه فله كذا)

ما في " قواعد الفقه " : استحقاق الأجرة بعمل لا بمجرد قول . (ص/۵۷، القاعدة :۲۵) =

یہ سب حرام کی قسمیں ہیں، اس لیے گرچہ اس دوسو روپئے کو جرمانہ کا نام دیا جارہا ہے، لیکن یہ بھی شرعاً سود ہی کی طرح حرام ہے (۲)، اسی طرح چیک جاری کرنے والا اگر جان بوجھ کر اس طرح کا واپس ہونے والا چیک جاری کرتا ہے، مثلاً اس کو معلوم ہے کہ اس کے اکاؤنٹ میں رقم نہیں ہے، پھر بھی وہ قرض خواہ کو مطمئن کرنے کے لیے فوری کیش ہونے والا چیک جاری کرتا ہے، تو اُس کا یہ عمل بھی غیر شرعی ہے، کہ اس میں جھوٹ، دھوکہ اور تکلیف کے ممنوع عناصر موجود ہیں، لہٰذا اِس سے بچنا واجب ہے۔ (۳)

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " فيض القدير " : " كل قرض جرّ منفعة فهو ربا " . (۵/۲۸، الرقم : ۶۳۳۶)

ما في " بدائع الصنائع " : وأما الذي يرجع إلى نفس القرض فهو أن لا يكون فيه جرّ منفعة ، فإن كان لم يجز . (۶/۵۱۸، كتاب القرض وركنه ، شرائط القرض)

(۲) ما في " روح المعاني " : والربا في الأصل الزيادة من قولهم : ربا الشيء يربو إذا زاد ، وفي الشرع عبارة عن فضل مال لا يقابله عوض في معاوضة مال بمال .

(۳/۷۹ ، سورة البقرة : الآية/۲۷۴ ، رد المحتار :۷/۳۹۹ ، كتاب البيوع ، باب الربا)

ما في " رد المحتار " : لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي .

(۶/۷۷، كتاب الحدود ، مطلب في التعزير بأخذ المال)

(۳) ما في " القرآن ا لكريم " : ﴿يا أيها الذين اٰمنوا لا تأكلوا اموالكم بينكم بالباطل﴾ .

(سورة النساء : ۲۹)

ما في " روح المعاني " : والمراد بالباطل ما يخالف الشرع كالربوا والقمار والبخس والظلم . وعن الحسن : وهو ما كان بغير استحقاق في طريق الأعواض . (۲/۲۲، سورة النساء)

ما في " جامع الترمذي " : عن أبي هريرة : أن رسول الله ﷺ قال : " من غشّ فليس منّا" .

(۱/۲۴۵، أبواب البيوع ، باب ما جاء في كراهية الغشّ)

کتاب الإجارۃ

اجارہ سے متعلق مسائل

ضرورت منداور غریب لوگوں کو کم اجرت دیکر کام کروانا

مسئلہ (۱۵۵): بعض لوگ سرکاری اور نجی اداروں میں ملازمین کی تنخواہوں کے معیار واسکیل کی بابت سوال کرتے ہیں کہ ملازمین کی تنخواہوں کا معیار کیا ہونا چاہیے؟ جواباً عرض ہے کہ زمانے اور حالات کے تغیُّر کے ساتھ ساتھ افراد کے پیشہ، ذمہ داری، منصب اوران کی ضروریات اور حالات کے مختلف ہونے کی بنا پر، ان کے یومیہ یاماہانہ مشاہرہ اور وظیفہ کی مقدار میں کمی بیشی ایک لازمی امر ہے، اس لیے شریعتِ مطہرہ نے اس سلسلے میں اگرچہ کسی خاص فرد کے لیے مقدارِ تنخواہ کی کسی خاص مقدار کو متعین نہیں کیا، کہ اس سے کم وبیش دینا گناہ ہو، البتہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے زمانۂ خلافت میں مناصب ومراتب اور ضرورت وحاجت کا لحاظ کرتے ہوئے اپنی رعایا کو بیت المال سے وظیفہ دیا کرتے تھے، مثلاً: قاضی کو پانچ سو درہم (۱۸۱/ تولہ، جس کی قیمت موجودہ دور کے حساب سے ۶۰۲۰۷/ رہوتی ہے) اور دیگر مسلمین کو ان کی ضرورت وحاجت اور پیشہ ومنصب کی بنا پر کم وبیش دیا کرتے تھے، اس لیے موجودہ دور کے اربابِ حکومت، نجی وپرائیویٹ کمپنیوں اوراداروں کے مالکان وذمہ داران کو چاہیے کہ آئے دن کے حالات کی تبدیلی، مہنگائی، ملازمین کی واقعی ضرورت، ان کے مرتبہ ومنصب اور ذمہ داریوں کا لحاظ رکھتے ہوئے، کم ازکم اتنی تنخواہ مقرر کریں کہ ان کے یومیہ

اخراجات اوران کی بیماری وغیرہ میں ان کو کسی غیر کی طرف نظر نہ کرنی پڑے، اور نہ وہ مالا یُطاق قرض کے بوجھ تلے دب جائیں۔(۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويعطي بقدر الحاجة والفقه والفضل ، فإن قصر كان الله عليه حسيبا . زيلعي . [در مختار] . وفي الشامية : قوله : (ويعطي بقدر الحاجة الخ) الذي في الزيلعي هكذا : ويجب على الإمام أن يتقي الله تعالى ويصرف إلى كل مستحق قدر حاجته من غير زيادة ، فإن قصر في ذلک كان الله تعالى عليه حسيبًا . اهـ . وفي البحر عن القنية : كان أبو بكر رضي تعالى عنه يسوّي في العطاء من بيت المال ، وكان عمر رضي الله تعالى عنه يعطيهم على قدر الحاجة والفقه والفضل ، والأخذ بهذا في زماننا أحسن ، فتعتبر الأمور الثلاثة . اهـ . أي فله أن يعطي الأحوج أكثر من غير الأحوج ، وكذا الأفقه والأفضل أكثر من غيرهما ، وظاهره أنه لا تراعى الحاجة في الأفقه والأفضل ، وإلا فلا فائدة في ذكرهما ، ويؤيده أن عمر رضي الله تعالى عنه كان يعطي من كان له زيادة فضيلة من علم أو نسب أو نحو ذلک أكثر من غيره ، وفي البحر أيضًا عن المحيط : والرأي إلى الإمام من تفضيل وتسوية من غير أن يميل في ذلک إلى هوى . (۶/۳۵۲ ، كتاب الجهاد ، باب العشر والخراج والجزية ، مطلب : تحقيقٌ مهمٌّ في توجيه الوظائف للإبن ، بيروت)

ما في " إزالة الخفاء عن خلافة الخلفاء " : في الاستيعاب : توفي يزيد بن سفيان واستخلف أخاه معاوية على عمله فكتب إليه عمر بعهده على ما كان يزيد يلي من عمل الشام ورزقه ألف دينار في كل شهر . اهـ . (۲/۱۷ ، و۳/۲۶۲ ، من موقع المكتبة الشاملة)

ما في " فتح القدير لإبن الهمام " : ويرزقه من بيت المال ، ولا بأس للقاضي أن يأخذ وإن كان غنيا مُثرياً وإن احتسب فهو أفضل ، والأصل فيه قوله تعالى في مال اليتيم إذا عمل فيه الوصي ﴿ومن كان غنيا فليستعفف ومن كان فقيرا فليأكل بالمعروف﴾ . [النساء :۶] وذكر عن عمر رضي الله عنه أنه كان يرزق سليمان بن ربيعة الباهلي على القضاء كل شهر خمس مائة درهم ، لأنه فرّغ نفسه للعمل للمسلمين ، فكانت كفايته وعياله عليهم ، قالوا : وكان عمر رضي الله عنه يرزق شُريحا كل شهر مائة درهم ورزقه على خمس مائة ، وذلک لقلة عياله=

ملازم ذمہ داری نبھانے پر تنخواہ کا حق دار

مسئلہ (۱۵۶): اسکولوں، کالجوں، مدرسوں کے معلمین وملازمین اجیرِ خاص ہیں، جب وہ ملازَمت کے اوقات میں حاضر رہیں، اور مفوَّضہ کاموں کی انجام دہی کریں، تو متعینہ اجرت وتنخواہ کے حق دار ہوں گے، لیکن اگر وہ ملازَمت کے متعینہ وقت میں محض حاضر رہیں، اور اداروں کی جانب سے مفوَّضہ کاموں کو انجام نہ دیں، بلکہ اپنے ذاتی کاموں، فون وموبائل یا دیگر غیر مفوَّضہ کاموں میں مشغول ولگے رہیں، اور وقتِ متعینہ کو پورا کرکے گھر کا راستہ لے لیں، تو وہ متعینہ اجرت وتنخواہ کے حق دار نہیں، اور نہ یہ اجرت وتنخواہ ان کے لیے جائز وحلال ہوگی، امانت ودیانت کا تقاضا تو یہ ہے کہ وقتِ ملازَمت میں جتنا وقت اپنے ذاتی کاموں میں لگایا اتنے وقت کی تنخواہ خود ہی وضع کرادیں، اگر ملازمین کی طرف سے ایسا نہیں کیا جاتا، اور ادارہ خود ایسا کرتا ہے، تو اس کا یہ عمل جائز ودرست ہے، ملازمین کا اس امر کے خلاف چہ میگوئیاں کرنا اور چیں بہ جبیں ہونا غیر اخلاقی وغیر شرعی امر ہے۔ (۱)

=في زمن عمر رضي الله عنه ، أو رخص السّعر وكثرة عياله في زمن علي رضي الله عنه ، أو غلاء السعر ، فرِزْقُ القاضي لا يُقدَّر بشيء ؛ لأنه ليس بأجر لأنه لا يحل على القضاء . اهـ .

(۷/ ۲۳۹ ، كتاب أدب القاضي ، بيروت)

(فتاویٰ بنوریہ، رقم الفتویٰ: ۱۵۰۲۷، فتاویٰ عثمانی: ۳/ ۳۸۴، ۳۸۵، - و۳/ ۳۸۶، ۳۸۷)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير مع الدر والرد " : الأجراء على ضربين : مشترك وخاص ، فالأول من يعمل لا لواحد .... والثاني الخاص ، وهو من يعمل لواحد عملا مؤقتا بالتخصيص=

ایئر ویز کمپنی کی طرف سے سہولت حاصل کرنا

مسئلہ (۱۵۷): آج کل ایئر ویز کمپنیاں یہ اعلان کرتی ہیں کہ جو ہمارے ہوائی جہاز میں زیادہ سفر کرے گا، اور پھر اس سفر کی ایک خاص مقدار پوری ہوجائے گی، تو ہم انہیں مفت میں ٹکٹ دیں گے، یا کچھ اور مُراعات وسہولیات فراہم کریں گے، تو ان کا اس طرح مفت میں ٹکٹ دینا اور مُراعات وسہولیات فراہم کرنا تبرعِ مشروط کے حکم میں ہوگا، لہٰذا ایئر ویز کمپنیوں کی طرف سے اس قسم کی مُراعات وسہولیات کو حاصل کرنا جائز ودرست ہے۔ [۱]

= ویستحق الأجر بتسلیم نفسه في المدة وإن لم یعمل کمن استؤجر شهرا للخدمة أو لرعي الغنم .... ولیس للخاص أن یعمل لغیره ، ولو عمل نقص من أجرته بقدر ما عمل . فتاوی النوازل . تنویر مع الدر . وفي الشامیة : قوله : (ولیس للخاص أن یعمل لغیره) بل ولا أن یصلي النافلة قال في التاترخانیة : وفي فتاوی الفضلي : وإذا استأجر رجلا یومًا یعمل کذا فعلیه أن یعمل ذلک العمل إلی تمام المدة ولا یشتغل بشيء آخر سوی المکتوبة ..... نجار استؤجر إلی اللیل فعمل لآخر دواة بدرهم وهو یعلم فهو آثم ، وإن لم یعلم فلا شيء علیه وینقص من أجر النجار بقدر ما عمل في الدواة . (۹/۸۷، ۹۵، ۹۶، باب ضمان الأجیر ، ومبحث ؛ الأجیر الخاص ، البحر الرائق :۸/۵۲، کتاب الإجارة ، باب ضمان الأجیر)

ما في '' شرح المجلة '' : الأجیر الخاص یستحق الأجرة إذا کان في مدة الإجارة حاضرا للعمل ولا یشترط عمله بالفعل ، لکن لیس له أن یمتنع عن العمل وإذا امتنع لا یستحق الأجرة . (ص/۲۳۹ ، المادة :۴۲۵ ، الکتاب الثاني في الإجارة ، الباب الثاني في المسائل المتعلقة بالأجرة)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في '' صحیح البخاري '' : عن البراء قال : اشتری أبو بکر من عازب رجلا بثلاثة=

ووٹ دینے کے لیے جانے پر کرایہ وصول کرنا

مسئلہ (۱۵۸): ووٹ ایک شہادت ہے، اور جمہور فقہاء کا مذہب یہ ہے کہ جب کسی شخص پر ادائے شہادت لازم ہو جائے، تو اس کے لیے اس پر اجرت لینا حلال نہیں ہے، کیوں کہ یہ اقامتِ فرض ہے، اور اقامتِ فرض پر اجرت لینا حلال نہیں ہے[1]، اللہ رب العزت کا فرمان ہے: ﴿واَقِیمُوْا الشَّهَادَةَ لِلّٰه﴾[2].

(اور اللہ کی خاطر سیدھی سیدھی گواہی دو)، لیکن جب کسی شخص پر ادائے شہادت لازم نہ ہو، اور وہ محتاج وغریب ہو، اور ادائے شہادت کے لیے اُسے اپنا کام کاج چھوڑنا پڑتا ہو، اور مشقت برداشت کرنی پڑتی ہو، تو اس صورت میں بھی جمہور کا مذہب تو یہی ہے کہ ادائے شہادت پر اُس کے لیے اُجرت لینا جائز نہیں ہے، البتہ محض آمدورفت کا کرایہ لے سکتا ہے[3]، ارشادِ ربانی ہے: ﴿ولا یُضارَّ کاتِبٌ

= عشر درهما فقال أبو بكر لعازب : مر البراء فليحمل إلى رحلي فقال عازب : لا ، حتى تحدثنا كيف صنعت أنت ورسول الله ﷺ حين خرجتما من مكة والمشركون يطلبونكم قال : ارتحلنا من مكة " الخ . الحديث . (۱/ ۵۱۵، باب منافق المهاجرين)

ما في " الصحيح لمسلم " : عن أنس أن جارا لرسول الله ﷺ فارسيا كان طيب المرق فصنع لرسول الله ﷺ ثم جاء يدعوه فقال : وهذه لعائشة ؟ فقال : لا ، فقال رسول الله ﷺ : لا ، فعاد يدعوه ، فقال رسول الله ﷺ : وهذه ؟ قال : لا ، قال رسول الله ﷺ : لا ، ثم عاد يدعوه ، فقال رسول الله ﷺ : وهذه ؟ قال : نعم ، في الثالثة ، فقاما يتدافعان حتى أتيا منزله " . (۲/ ۱۷۶)

ما في " تكملة فتح الملهم " : قوله : فقال : وهذه لعائشة ؟ يعني إن كنت تدعوها معي فأنا أجيبك وإلا فلا . (۴/ ۳۰ ، المكتبة الأشرفية ديوبند) (فتاویٰ دارالعلوم زکریا: ۵/ ۵۶۱)=

و لا شهيدٌ﴾[۴]. (اور نہ لکھنے والوں کوکوئی تکلیف پہنچائی جائے، نہ گواہ کو)، جب کہ شوافع اور حنابلہ اس صورت میں اپنے کام کاج چھوڑنے کی وجہ سے ہونے والے نقصان کو لینے کے جواز کے قائل ہیں[۵]، کیوں کہ اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنا فرضِ عین ہے، اور ادائے شہادت فرضِ کفایہ ہے، جب شاہد (گواہ) نے آمد ورفت کے کرایہ کے ساتھ اپنا ہونے والا نقصان بھی لے لیا، تو گویا اس نے دونوں اَمروں (فرضِ عین وفرضِ کفایہ) کو جمع کرلیا، اور چوں کہ اِس صورت میں شہادت اُس پر لازم بھی نہیں تھی، لہٰذا اُس کے لیے اپنی اُجرت لینا جائز ہوگا، یہ ایسا ہی ہوا، جیسے قاضی وثائق (دستاویز) کے لکھنے پر اُجرت لیتا ہے، جو جائز ہے۔[۶]

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " تفسير الكشّاف " : ﴿من يشفع شفعة حسنة يكن له نصيب منها﴾ . الشفاعة الحسنة ؛ هي التي روعي بها حق مسلم ، ودفع بها شر أو جلب إليه خير وابتغى بها وجه الله ولم توخذ عليها رشوة وكانت في أمر جائز لا في حد من حدود الله ولا في حق من الحقوق ..... وعن مسروق أنه شفع شفاعة فأهدى إليه المشفوع جارية فغضب وردها . (۱/۵۳۲)

ما في " بذل المجهود " : عن أبي أمامة رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ قال : " من شفع لأخيه شفاعة ، فأهدي له هدية عليها فقبلها ، فقد أتى بابًا عظيمًا من أبواب الربا " . وفي حاشيته : " وذلک لأن الشفاعة الحسنة مندوب إليها ، وقد تكون واجبة ، فأخذ الهدية عليها يُضيع أجرها ، كما أن الربا يضيع الحلال . (۲۹۸/۴ ، كتاب البيوع ، باب في الهدية بقضاء الحاجة ، ط : معهد الخليل الإسلامي كراچی ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۴۵۹/۱۸)

ما في " الموسوعة الفقهية " : إن أهدى المشفوع له هدية لمن يشفع له عند السلطان ، ونحوه من أرباب الولاية ، فإن كانت الشفاعة لطلب محظور ، أو إسقاط حق أو معونة على ظلم ، أو تقديمه في ولاية على غيره ممن هو أولى بها منه ، فقبولها حرام بالاتفاق ، وإن =

....

=كانت لرفع مظلمة عن المشفوع له أو إيصال حق له أو توليته ولاية يستحقها ، فإن شرط الهدية على المشفوع له فقبولها حرام أيضًا ، وإن قال المشفوع له : هذه الهدية جزاء شفاعتک فقبولها حرام كذلک ، أما إن لم يشرط الشافع ولم يذكر المهدي أنها جزاء فإن كان يهدي له قبل الشفاعة ، فقال الشافعية : لا يكره له القبول ، وإلا كره إلا أن يكافئه عليها فإن كان كافأه عليها لم يكره ...... والشفاعة الحسنة من المصالح العامة فيحرم أخذ شيء في مقابلها ، أما الباذل فله أن يبذل في ذلک ما يتوصل به إلى حقه ، وهو المنقول عن السلف والأئمة . (۲۶/۱۳۴ ، ۱۳۵ ، شفاعة ، أخذ الهدية على الشفاعة)

ما في " الموسوعة الفقهية " : ذهب جمهور الفقهاء إلى أنه : لا يحل للشاهد أخذ الأجرة على أدائه الشهادةَ إذا تعيّنت عليه ، لأن إقامتها فرض ، قال تعالى : ﴿وأقيموا الشهادةَ للّٰه﴾ . (۲۶/۲۳۷ ، أخذ الأجرة على الشهادة)

ما في " امداد الفتاوی " : "(سوال) رسالہ "الامداد" میں ونیز پارسال رمضان میں میرے سامنے یہ امر قرار پایا تھا کہ اصل وکالت جائز ہے، کہ وہ طاعت مختص بالمسلم نہیں، اور اجرت لینا فقہا نے طاعت مختص بالمسلم پر حرام لکھا ہے، اس لیے وکالت کی اجرت حلال ہے، اس بنا پر تو شفاعت وغیرہ پر اجرت لینا بھی حلال معلوم ہوتا ہے، کیوں کہ وہ بھی مختص بالمسلم نہیں، کیوں کہ وکالت جس طرح طاعت لغیرہ ہے، اسی طرح شفاعت بھی تو طاعت لغیرہ ہے؟......(الجواب): وجہ منع صرف اجرت علی الطاعۃ میں منحصر نہیں، یہ بھی احد الوجوہ ہے، دوسری وجہ منع کی اس عمل کا غیر متقوم عند الشرع ہونا ہے، جیسا کہ فقہاء نے اجارۂ اشجار لتجفیف الثیاب کو منع کہا ہے، پس شفاعت بھی شرعاً غیر متقوم ہے، لأنه لم ينقل تقومه وتقوم المنافع بغير القياس فما لم ينقل لا يجوز القول بتقومه ، وأيضًا فلا تعب في الشفاعة ولا يعطون الأجر عليها من حيث أنه عمل فيه مشقة بل من أنها مؤثرة بالوجاهة ، والوجاهة وصف غير متقوم فجعلوا أخذ الأجرة عليها رشوة وسحتا " .
(۳/۳۴۱ ، ۳۴۲)

ما في " فتاوی محمودیه " : "اگر یہ محض سفارش کا عوض لیا ہے، تو ناجائز ہے"۔ (۱۸/۴۵۹، کراچی)

ما في " فتاوی حقانیه " : "(سوال): اگر ایک شخص اپنے کسی جائز کام کے لیے کسی سے افسران بالا کے ہاں سفارش کرائے، تاکہ وہ اس کا کام کردیں، تو کیا یہ سفارش کرنے والا شخص اپنے اس عمل (سفارش) پر اجرت کا مطالبہ کرسکتا ہے یا نہیں؟......(الجواب): کسی کے جائز کام کی سفارش کرنا کارِ ثواب ہے، اس کے علاوہ وہ مالِ=

....

....

....

....

....

....

....

....

= غیر متقوم بھی ہے، اس لیے ان دونوں وجوہ کی بنا پر اجرت کا مطالبہ کرنا جائز نہیں۔ **لما قال العلامة أشرف علي التهانوي:** (الجواب): وجہ منع صرف اجرت علی الطاعۃ میں منحصر نہیں، یہ بھی احد الوجوہ ہے، دوسری وجہ منع کی اس عمل کا غیر متقوم عند الشرع ہونا ہے، جیسا کہ فقہاء نے اجارۂ اشجار لتجفیف الثیاب کو منع کہا ہے، پس شفاعت بھی شرعاً غیر متقوم ہے۔ [امداد الفتاویٰ:۴/۳۴۲، کتاب الاجارة]"

(فتاویٰ حقانیہ:۶/۲۸۱، کتاب الاجارة، سفارش پر اجرت لینے کا حکم)

(۲) (سورة الطلاق: ۲)

(۳) ما في " الموسوعة الفقهية ": أما إذا لم تتعين عليه، وكان محتاجا، وكان أداؤها يستدعي ترك عمله وتحمّل المشقة، فذهب جمهور الفقهاء إلى عدم جواز أخذ الأجرة عليها، لكن له أجرة الركوب إلى موضع الأداء، قال تعالى: ﴿ولا يضار كاتب ولا شهيد﴾.

(۲۶/۲۳۷، أخذ الأجرة على الشهادة)

(۴) (سورة البقرة: ۲۸۲)

(۵) ما في " الموسوعة الفقهية ": وذهب بعض الشافعية والحنابلة إلى الجواز، وذلك لأن إنفاق الإنسان على عياله فرض عين، والشهادة فرض كفاية، فلا يُشتغل عن فرض العين بفرض الكفاية، فإذا أخذ الرزق جمع بين الأمرين، ولأن الشهادة وهي لم تتعين عليه، يجوز أن يأخذ عليها أجرة كما يجوز على كَتب الوثيقة. (۲۶/۲۳۷، أخذ الأجرة على الشهادة)

(۶) (الموسوعة الفقهية: ۲۶/۲۳۷، أخذ الأجرة على الشهادة)

کتاب الھبة

ہبہ وبخشش سے متعلق مسائل

سامانِ جہیز ہبہ ہے حقِ میراث نہیں

مسئلہ (۱۵۹): والدین اپنی بیٹی کی رخصتی کے وقت اُسے جو سامانِ جہیز دیتے ہیں، وہ اُن کی طرف سے اس بیٹی کو ہبہ اور عطیہ ہوتا ہے، حقِ میراث نہیں، کہ اب وہ والدین کی میراث کی حق دار نہیں ہوگی، کیوں کہ والدین اپنی حیات میں اپنی اولاد کو جو کچھ دیتے ہیں، وہ ہبہ اور عطیہ ہوتا ہے(۱)، حصۂ میراث نہیں۔(۲)

ہبہ اور عطیہ میں حکمِ شرعی یہ ہے کہ اپنی تمام اولاد میں مُساوات وبرابری کو اختیار کیا جائے، کسی کو کم اور کسی کو زیادہ نہ دے، مگر یہ کہ کوئی اولاد والدین کی مُطیع اور فرمانبردار ہو، متقی وپرہیزگار ہو، اور اس کی وجہ سے اُسے قدرے زائد دیا جائے، دوسری اولاد کو ضرر پہنچانا مقصود نہ ہو، تو اس کی بھی گنجائش ہے۔(۳)

عامۃً والدین ہبہ اور عطیہ میں اپنی اولاد میں برابری قائم نہیں رکھتے، مثلاً لڑکیوں کی شادی کے موقع پر اُن کو سونا چاندی اور دیگر تحائف دیتے ہیں، اور لڑکوں کو اس موقع پر یا کسی اور موقع پر اُن کے مناسبِ حال چیزیں ہبہ اور عطیہ میں نہیں دیتے، جس کی وجہ سے تقسیم میراث کے وقت لڑکے اور لڑکیوں میں جھگڑے پیدا ہوجاتے ہیں، لڑکے یہ باور کرانے کی کوشش کرتے ہیں کہ لڑکیوں کو اُن کی شادیوں کے موقع پر بہت کچھ دیا جاچکا، جب کہ ہمیں اس سے محروم رکھا گیا، اس

لیے اب لڑکیوں کا والدین کی میراث میں کوئی حق نہیں، جب کہ لڑکیاں اپنے حقِ میراث کا مطالبہ کرتی ہیں، اور اُن کا یہ مطالبہ جائز ودرست بھی ہے، کیوں کہ انہیں جو کچھ بھی دیا گیا تھا وہ ہبہ اور عطیہ تھا، حقِ میراث نہیں۔ اس لیے والدین کو چاہیے کہ اپنی حیات میں اپنی اولاد کو جو کچھ دیں، اس میں برابری کو قائم رکھیں، تاکہ بوقتِ تقسیمِ میراث لڑکوں کی طرح لڑکیوں کو اُن کا حصہ دینا دشوار معلوم نہ ہو، اور ورثہ آپسی جھگڑوں سے بچ جائیں۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : وفيه عن المبتغي : جهز ابنته بجهاز وسلمها ذلک ليس له الاسترداد منها ولا لورثته بعده إن سلمها ذلک في صحته بل تختص به ، وبه يفتى . (۲۲۸/۴ ، كتاب النكاح ، مطلب أنفق على الخ)

(۲) ما في " حاشية السراجي " : واصطلاحا : ما بقي بعد الميت من ماله صافيا عن تعلق حق الغير بعينه . (ص/۳ ، مقدمه)

(۳) ما في " البحر الرائق " : يكره تفضيل بعض الأولاد على البعض في الهبة حالة الصحة إلا لزيادة فضل له في الدين . (۴۹۰/۷ ، كتاب الهبة ، فروع)

وما في " الفتاوى الهندية " : ولو وهب رجل شيئًا لأولاده في الصحة وأراد تفضيل البعض على البعض في ذلک .... روي عن أبي حنيفة رحمه الله تعالى أنه لا بأس به إذا كان التفضيل لزيادة فضل له في الدين .... وعن أبي يوسف رحمه الله تعالى أنه لا بأس به إذا لم يقصد به الإضرار . (۳۹۱/۴ ، كتاب الهبة ، الباب السادس في الهبة للصغير)

وما في " شرح الطيبي على مشكوة المصابيح " : استحباب التسوية بين الأولاد في الهبة فلا يفضل بعضهم على بعض سواء كانوا ذكورا أو إناثا . (۱۹۳/۶ ، كتاب البيوع ، باب العطايا)

وما في " الدر المختار مع الشامية " : وفي الخانية : لا بأس بتفضيل بعض الأولاد في المحبة لأنها عمل القلب ، وكذا في العطايا إن لم يقصد به الإضرار ، وإن قصده فسوى بينهم يعطى البنت كالإبن عند الثاني وعليه الفتوى . (۵۰۱/۸ ، كتاب الهبة) (فتاویٰ محمودیہ: ۱۴۷/۲۰، ۱۴۸)

کتاب اللقطة

لقطہ (گری پڑی چیز) سے متعلق مسائل

مدرسہ میں طلبہ کی کتابوں اور کاپیوں کا استعمال

مسئلہ (۱۶۰): بہت سے طلبۂ جامعہ سال کے اختتام پر اپنی ذاتی کتابیں، کاپیاں، درس گاہوں، کمروں اور مدرسہ کی مختلف جگہوں میں چھوڑ کر چلے جاتے ہیں، اکثر انہیں ان چیزوں سے کوئی دل چسپی نہیں ہوتی، اور یہ بات بھی یقینی ہو کہ وہ کبھی اپنی کتاب یا کاپی لینے کے لیے واپس نہیں آئیں گے، تو ایسی صورت میں اگر کسی کتاب کا مالک معلوم ہو، اور کتاب پر اس کا نام مکتوب ہو، تو اس سے رابطہ کر کے پوچھ لیا جائے، کہ کتاب یا کاپی کے ساتھ کیا کریں؟ اس لیے کہ عموماً کتاب یا کاپی پر نام لکھا ہوا ہوتا ہے، اور اگر نام مکتوب نہ ہو، اور مالک بھی معلوم نہ ہو، تو یہ کتابیں اور کاپیاں لقطے کے حکم میں ہیں[1]، لہٰذا مالک کی تحقیق کی جائے[2]، اگر غالب گمان یہ ہو کہ مالک نہیں ملے گا، تو کتابیں یا کاپیاں مالکین کی طرف سے فقیر طلبہ کو صدقہ کردی جائیں[3]، اور اگر واجد یعنی اٹھانے والا خود مالکِ نصاب نہیں، تو وہ خود بھی لے سکتا ہے[4]، پھر اگر مالک آجائے، تو اسے اختیار ہوگا کہ اپنی چیز واپس لے لے، یا صدقے کا اجر وثواب حاصل کرے۔[5]

الحجة علی ما قلنا :=

....

....

=(۱) ما في " صحيح مسلم " : وفي حديث سفيان وزيد بن أبي أنيسة وحماد بن سلمة : " فإن جاء أحد يخبرک بعددها ووعائها ووكائها فأعطِها إياه ..... وإلا فاستمتع بها " .

(ص/۹۸۴ ، الرقم :۱۷۲۳ ، كتاب اللقطة ، باب معرفة العفاص والوكاء وحكم ضالة الغنم والإبل ، دار السلام الرياض)

(۲) ما في " الهداية " : فإن جاء صاحبها وإلا تصدق بها إيصالا للحق إلى المستحق وهو واجب بقدر الإمكان وذلک بإيصال عينها عند الظفر بصاحبها وإيصال العوض ، وهو الثواب على اعتبار إجازته التصدق بها ، وإن شاء أمسكها رجاء الظفر بصاحبها .

(۲/۲۱۵، كتاب اللقطة)

(۳) ما في " الدر المختار مع الشامية " : (عرف) أي نادى عليها حيث وجدها ، وفي المجامع : (إلى أن علم أن صاحبها لا يطلبها) . [در مختار] . وفي الشامية : لم يجعل للتعريف مدة اتباعا للسرخسي ، فإنه بنى الحكم على غالب الرأي ، فيعرف القليل والكثير إلى أن يغلب على رأيه أن صاحبه لا يطلبه وصححه في الهداية وفي المضمرات والجوهرة ، وعليه الفتوى .(۶/۴۳۶،كتاب اللقطة ، ملتقى الأبحر على مجمع الأنهر :۲/۵۲۵،كتاب اللقطة) (المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ :۴/۱۸۶، ۱۸۷،مسئلہ نمبر :۱۵۹، ۱۶۰، ایڈیشن ثانی)

(۴) ما في " الهداية " : وإن كان الملتقط غنيا لم يجز له أن ينتفع بها ..... ولنا أنه مال الغير فلا يباح الانتفاع به إلا برضاه لإطلاق النصوص والإباحة للفقير ، لما رويناه أو بالإجماع فيبقى ما وراءه على الأصل ..... وإن كان الملتقط فقيرا فلا بأس بأن ينتفع بها لما فيه من تحقيق النظر من الجانبين ، ولهذا جاز الدفع إلى فقير غيره . (۲/۲۱۷، كتاب اللقطة)

(۵) ما في " الدر المختار مع الشامية " : فينتفع الرافع بها لو فقيرا ، وإلا تصدق بها على فقير ولو على أصله وفرعه وعرسه .... فإن جاء مالكها بعد التصدق خير بين إجازة فعله ، ولو بعد هلاكها وله ثوابها أو تضمينه . [در مختار] . (۶/۴۳۷ – ۴۳۹، كتاب اللقطة)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا:۶/۱۰۴)

کتاب الحظر والإباحة

ممنوع ومباح چیزوں سے متعلق مسائل

مکروہِ تنزیہی ومکروہِ تحریمی کے مابین فرق

مسئلہ (۱۶۱): جب علمائے کرام کسی چیز کے متعلق یہ فرماتے ہیں کہ یہ مکروہ ہے، تو بعض لوگوں کی طرف سے یہ سوال ہوتا ہے کہ مکروہ کسے کہتے ہیں؟ جواباً عرض ہے کہ-مکروہ اُس کو کہتے ہیں-جس کا ترک کرنا یعنی چھوڑنا راجح وبہتر ہوتا ہے۔ پھر مکروہ کی دوقسمیں ہیں: (۱) مکروہِ تنزیہی، (۲) مکروہِ تحریمی۔

مکروہِ تنزیہی: وہ ہے جو حلال سے قریب ہو، اس کا کرنے والا مستحقِ عتاب نہ ہو، اور اس کا ترک کرنے والا ادنیٰ ثواب کا مستحق ہو۔

مکروہِ تحریمی: وہ ہے جو حرام سے قریب ہو، اور اس کا کرنے والا عتاب (اللہ اور اس کے رسول کے غصہ وناراضگی) کا مستحق ہو۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " قواعد الفقه " : المكروه : ما هو راجح الترک ، فإن كان إلى الحرام أقرب تكون كراهة تحريمية ، وإن كان إلى الحلّ أقرب تكون تنزيهية ، ومعنى القرب إلى الحرمة أنه يستحق فاعله العتاب ، ومعنى القرب إلى الحلّ أنه لا يستحق فاعله العتاب بل يستحق تاركه أدنى الثواب . (ص/۵۰۳، الرسالة الرابعة ؛ التعريفات الفقهية)

ما في " الموسوعة الفقهية " : فقسم الحنفية المكروه إلى قسمين : القسم الأول : المكروه كراهة تنزيه : وهو ما كان إلى الحل أقرب ، بمعنى أنه لا يعاقب فاعله أصلا ، لكن يثاب تاركه أدنى ثواب . القسم الثاني : المكروه كراهة تحريم : وهو إلى الحرمة أقرب ، بمعنى أنه=

ورلڈ کپ ٹورنامنٹ کرکٹ میں دلچسپی لینا

مسئلہ (۱۶۲): آج کل ہمارے جامعہ اور کالج کے طلبا واسٹوڈینٹ کے مابین صرف اور صرف ایک ہی چرچا ہے، وہ ہے کرکٹ، بلکہ جدھر دیکھو ادھر طلبا واسٹوڈینٹ کرکٹ ہی کو موضوعِ بحث بنائے ہوئے ہیں، (اور بعض لوگ تو شدت سے ۱۵؍فروری کے منتظر ہیں)، بعض ریڈیو پر کمنٹری سننے کی تیاری میں ہیں، بعض اپنے موبائل پر کرکٹ اسکور کا ایس ایم ایس جاری کرنے والے ہیں، اور بعض تو ٹی وی پر لائیو کرکٹ میچ دیکھنے کا پروگرام بنارہے ہیں، بلکہ وہ ٹی وی پر میچ دیکھنے کو جائز بھی سمجھتے ہیں، حالاں کہ یہ بے شمار مُنکَرات ومفاسد اور برائیوں پر مشتمل ہے، مثلاً: نیم عُریاں عورتوں کا اسکرین پر دکھائی دینا[1]، اُس میں

= يتعلق به محذور دون استحقاق العقوبة بالنار ، كحرمان الشفاعة ، لقوله عليه السلام : "من ترك سنتي لم ينل شفاعتي" . (۳۸/۳۷۳، مكروه ، أقسام المكروه)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : وأما المكروه كراهة تنزيه فإلى الحل أقرب اتفاقا (وعندهما) وهو الصحيح المختار ، ومثله البدعة والشبهة (إلى الحرام أقرب) فالمكروه تحريما (نسبته إلى الحرام كنسبة الواجب إلى الفرض) فيثبت بما يثبت به الواجب : يعني بظني الثبوت ، ويأثم بارتكابه كما يأثم بترك الواجب ، ومثله السنة المؤكدة . (در مع التنوير) . وفي الشامية : قوله : (فإلى الحل أقرب) بمعنى أنه لا يعاقب فاعله أصلا ، لكن يثاب تاركه أدنى ثواب . تلويح . قوله : (يأثم بارتكابه الخ) وما في الزيلعي موافق لما في التلويح حيث قال : معنى القرب إلى الحرمة أنه يتعلق به محذور دون استحقاق العقوبة بالنار .

(۹/۴۸۷، كتاب الحظر والإباحة ، البحر الرائق :۸/۳۳۰ ، كتاب الكراهية)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند: ۱۷/ ۲۳۸، ۲۳۹)=

مشغولیت کی وجہ سے نماز باجماعت کا فوت یا قضا ہو جانا[۲]، ملازمین کے فرائض وواجبات میں کوتاہی وخلل کا واقع ہونا[۳]، مدارس، اسکول، کالج اور یونیورسٹیوں میں طلبا واسٹوڈینٹس کی تعلیم کا متأثر ہونا[۴]، نیز مدارس ومساجد جو پڑھنے لکھنے اور عبادت کی جگہیں ہیں، اُن میں اِسی عنوان پر گُفت وشُنید، بحث ومُباحثہ اور تذکرہ وتبصِرہ کا ہونا[۵]، کھیل کے دنوں میں سرکاری ونیم سرکاری، شخصی ونجی اداروں کا معطّل ہوکر رہ جانا[۶]، وغیرہ، یہ سب ناجائز اُمور ہیں۔اور ہر ایسا کھیل کھیلنا ودیکھنا، جو انسان کو اُس پر واجب حقوق - خواہ حقوق اللہ ہوں یا حقوق العباد- سے غافل کردے، یا منکرات ومنہیاتِ شرعیہ پر مشتمل ہو، یا اس کے نقصانات اس کے فوائد سے زیادہ ہوں، ناجائز ومکروہِ تحریمی ہے، شریعتِ اسلامیہ اپنے ماننے والوں کو اس طرح کا کھیل کھیلنے ودیکھنے سے منع کرتی ہے۔لہٰذا کرکٹ کھیلنا، کھلانا، میدان یا ٹی وی پر دیکھنا دکھانا، اسی طرح ریڈیو پر اس کی کمنٹری سننا سنانا، موبائل پر کرکٹ اسکور کا ایس ایم ایس منگوانا، اور اس پر بحث ومباحثہ کرنا، یہ سب معصیت اور گناہ کے کاموں پر ایک دوسرے کی مدد کرنا، اور زندگی کے قیمتی اوقات کو ضائع کرنا ہے، اور یہ دونوں چیزیں شرعاً حرام ہیں۔

خاص طور پر طلبۂ مدارس کے لیے اس میں دلچسپی لینا کسی صورت میں درست نہیں، کیوں کہ وہ مستقبل میں مسلمانوں کے مقتدیٰ اور دینی پیشوا ہوں گے، انہیں حرام تو کیا، مکروہات سے بھی بچنے کی کوشش کرنا چاہیے، اس لیے کہ رہنماؤں کے لیے

بہت سی ایسی چیزوں کا ارتکاب بھی مناسب نہیں ہوتا، جو عام لوگوں کے لیے مباح ہو(۷)، چہ جائیکہ وہ حرام اورناجائز کاموں میں دلچسپی لیں۔

اللہ ہمارے دینی طبقے کو اس فتنۂ کرکٹ سے محفوظ رکھے! آمین

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يٰبني آدم قد أنزلنا عليكم لباساً يواري سوآتكم وريشاً﴾ . (سورة الأعراف: ۲۶)

وقال تعالى : ﴿والله جعل لكم مما خلق ظللاً وجعل لكم من الجبال أكناناً وجعل لكم سرابيل تقيكم الحر وسرابيل تقيكم بأسكم﴾ . (سورة النحل : ۸۱)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : وأما أحكام الباب ففيه تحريم نظر الرجل إلى عورة الرجل والمرأة إلى عورة المرأة وهذا لا خلاف فيه وكذلك نظر الرجل إلى عورة المرأة والمرأة إلى عورة الرجل حرام بالإجماع . (۱/۱۵۴)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : والجماعة سنة مؤكدة للرجال ، قال الزاهدي : أرادوا بالتاكيد الوجوب. درمختار. وفي الشامية: وفي النهر عن المفيد : الجماعة واجبة وسنة لوجوبها بالسنة . (۲/۲۸۷، باب الإمامة)

(۳) ما في " القرآن الكريم " :﴿ويل للمطففين﴾ . (سورة التطفيف)

(معارف القرآن:۸/۶۹۳،التفسیر المظہری:۱۰/۱۸۹)

(۴) ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : عن أنس بن مالك قال : قال رسول الله ﷺ: "طلب العلم واجب على كل مسلم ". (۶/۲۳۱ ، بيروت)

(۵) ما في " مشكاة المصابيح " : عن الحسن مرسلاً قال: قال رسول الله ﷺ : " يأتي على الناس زمان يكون حديثهم في مساجدهم في أمر دنياهم فلا تجالسوهم فليس لله فيهم حاجة ". رواه البيهقي في شعب الإيمان .(ص ۷۱، باب المسجد ومواضع الصلاة)

ما في " البحر الرائق " : الكلام المباح في المسجد مكروه يأكل الحسنات كما تأكل النار الحطب . (۲/۷۷۴ ، الشامية : ۲/۴۳۶)=

....

=(٦) ما في " الألعاب الرياضية " : يقول " د " يوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه فى إنفاق الأوقات أشد خطراً من السفه في إنفاق الأموال ...... لأن المال إذا ضاع قد يعود ، والوقت إذا ضاع لا عوض له .

(ص/٣٢٠ ، مكتبة دار النفائس أردن ، أحكام القرآن للتهانوي :٣/ ٢٠١)

(فتاوی اشاعت العلوم اکل کوا: رقم الفتوی:٤٠، رج:١، المسائل المهمة فيما ابتلت به العامة :٢/ ٢٢٩-٢٣١)

(٧) ما في " الفتاوى الهندية " : ولو دعي إلى دعوة ، فالواجب أن يجيبه إلى ذلك ، وإنما يجب عليه أن يجيبه إذا لم يكن هناك معصية ولا بدعة ، وإن لم يجبه كان عاصياً ، والامتناع أسلم في زماننا إلا إذا علم يقيناً بأنه ليس فيها بدعة ولا معصية ... من دعي إلى وليمة فوجد ثمة لعباً أو غنا فلا بأس أن يقعد ويأكل، فإن قدر على المنع يمنعهم وإن لم يقدر يصبر ، وهذا إذا لم يكن مقتدىٰ به ، أما إذا كان ولم يقدر على منعهم ، فإنه يخرج ولا يقعد ، ولو كان ذلك على المائدة لا ينبغي أن يقعد وإن لم يكن مقتدىٰ به ، وهذا كله بعد الحضور وأما إذا علم قبل الحضور فلا يحضر ، لأنه لا يلزم حق الدعوة بخلاف إذا هجم عليه ، لأنه قد لزمه .

(٣٤٣/٥ ، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات)

ما في " سنن أبي داود " : عن سفينة أبي عبد الرحمن : " أن رجلاً ضاف علي بن أبي طالب رضي اللّٰه عنه ، فصنع له طعاماً ، فقالت فاطمة : لو دعونا رسول اللّٰه ﷺ فأكل معنا ، فدعوه فجاء ، فوضع يده على عضادتي الباب ، فرأى القرام قد ضرب به في ناحية البيت فرجع ، فقالت لعلي : الحقه أنظر ما رجعه ، فتبعته فقلت : يا رسول اللّٰه ! ما ردّک ؟ فقال : إنه ليس لي أو لنبي أن يدخل بيتاً مزوَّقاً " . (ص/٥٢٧ ، كتاب الأطعمة ، باب الرجل يدعي فيرى مكروهاً)

ما في" بذل المجهود " : قال الخطابي : فيه دليل على أن من ادعى إلى مدعاةٍ يحضرها الملاهي والمنكر ، فإن الواجب عليه أن لا يجيب . (١١/ ٤٨٤ ، باب الرجل يدعي فيرى مكروهاً)

ما في" مرقاة المفاتيح " : وفيه تصريح بأنه لا يجاب دعوة فيها منكراً ، وفيه أنه لو كان منكراً لأنكر عليها ، لكن نبه بالرجوع إلى أنه ترک الأولى ، فإنه من زينة الدنيا ، وهي موجبة لنقصان الآخرة . (٦/ ٣٤٣ ، كتاب النكاح ، باب الوليمة ، كذا في تبيين الحقائق :٧/ ٢٩، كتاب الكراهية ، فصل في الأكل والشرب)

فجر کی اذان کے بعد لاؤڈ اسپیکر میں نعت خوانی

مسئلہ (۱۶۳): اِس طرح نعت خوانی کرنا جس سے لوگوں کے کاموں میں خلل ہو، بیماروں، معذوروں کو تکلیف ہو، جائز نہیں، کیوں کہ فقہائے کرام نے ایسی بلند آواز سے ذکر یا تلاوتِ قرآن کریم کو منع کیا ہے، جس سے لوگوں کے کاموں میں خلل ہو، یا کسی کو تکلیف یا تشویش ہو۔ (۱)

بعض مسجدوں میں فجر کی اذان کے بعد، اور بعض میں فجر کی نماز کے بعد مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر اتنی بلند آواز سے نعت خوانی وغیرہ کی جاتی ہے، کہ اس سے لوگوں کے کاموں میں خلل واقع ہوتا ہے، اور وہ تشویش میں پڑ جاتے ہیں، لہٰذا اس طرح نعت خوانی کر کے لوگوں کے کاموں میں خلل اندازی کرنا، انہیں تکلیف دینا اور تشویش میں مبتلا کرنا، حکمِ شریعت کے خلاف ہے، اِس سے اجتناب ضروری ہے۔ (۲) ......اگر نعت خوانی کا مقصود لوگوں میں نماز کی ترغیب وتشویق کو پیدا کر کے، انہیں نماز کا پابند بنانا ہے، تو یہ مقصود دوسرے وقتوں میں بھی تلقین وترغیب کے ذریعے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " رد المحتار " : وفي حاشية الحموي عن الإمام الشعراني : أجمع العلماء سلفًا وخلفًا على استحباب ذكر الجماعة في المساجد وغيرها ، إلا أن يشوش جهرهم على نائم أو مصلّ أو قارئ . اهـ .

(۴۳۴/۲ ، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ، مطلب في رفع الصوت بالذكر)=

قرآن کریم کی طرف پیر کرنا

مسئلہ (۱۶۴): قرآن کریم کلامِ الٰہی ہے، اُس کی تعظیم واجب ہے[۱]، لہٰذا اُس کی طرف پاؤں کرنا، یا اس کی طرف پیٹھ کرنا[۲]، یا قرآن کریم نیچے رکھے ہوئے ہونے کی حالت میں اس کے قریب کرسی یا چارپائی وغیرہ پر بیٹھنا، سب بے ادبی بلکہ مکروہ ہے، اِس سے اجتناب کرنا چاہیے۔[۳]

=(۲) ما في " صحیح البخاري " : عن عبد الله بن عمر عن النبي ﷺ قال : " المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده " . (۱/۶، کتاب الإیمان ، باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده ، صحیح مسلم : ۱/۴۸ ، کتاب الإیمان ، باب بیان تفاضل الإسلام وأي أموره أفضل)

ما في " تکملة فتح الملهم " : ذکر المسلمین ههنا خرج مخرج الغالب ، لأن محافظة المسلم علی کف الأذی عن أخیه المسلم أشد تاکیدًا . (۱/۵۸۰ ، باب بیان تفاضل الإسلام وأي أموره أفضل) (فتاوی دارالعلوم دیوبند: رقم الفتوی:۵۰۴۸۶)

ما في " رد المحتار " : لا یجب انتباه النائم في أول الوقت ، ویجب إذا ضاق الوقت نقله البیري في الأشباه عن البدائع من کتب الوصول ، وقال : ولم نره في کتب الفروع فاغتنمه . اهـ . قلت : لکن فیه نظر لتصریحهم بأنه لا یجب الأداء علی النائم اتفاقًا فکیف یجب علیه الانتباه . (۲/۱۳ ، کتاب الصلاة ، قبیل مطلب في تعبُّده علیه الصلاة والسلام قبل البعثة)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " الفتاوی الهندیة " : رجل أراد أن یقرأ القرآن فینبغي أن یکون علی أحسن أحواله : یلبس صالح ثیابه ، ویتعمم ویستقبل القبلة ، لأن تعظیم القرآن والفقه واجب . کذا في فتاوی قاضي خان . (۵/۳۱۶ ، کتاب الکراهیة ، الباب الرابع في الصلاة والتسبیح وقراءة القرآن والذکر والدعاء ورفع الصوت عند قراءة القرآن)

(۲) ما في " حلبي کبیر " : وقالوا : یکره أن یمدّ رجلیه في النوم وغیره إلی القبلة أو =

اِدھر کی بات اُدھر لگا کر جھگڑا پیدا کرنا

مسئلہ (۱۶۵): بعضے اَفراد کی یہ عادت ہوتی ہے کہ اِدھر کی بات اُدھر لگا کر لوگوں میں جھگڑا پیدا کرتے ہیں، حالاں کہ اِدھر کی بات اُدھر لگا کر جھگڑا پیدا کرنا سخت گناہ ہے، چنانچہ آں حضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''چُغل خور جنت میں داخل نہ ہوگا''(۱)، لیکن کسی یقینی ثبوت وشواہد کے بغیر کسی کے متعلق اس طرح کی بدگمانی کرنا کہ اس نے ہی جھگڑا لگوایا ہے، یا اس نے ہی فلاں کا گھر اُجاڑا ہے، یہ بھی گناہِ کبیرہ ہے، ارشادِ خداوندی ہے: ''بلاشبہ بعض گمان (بدگمانی) گناہ ہے''(۲)، اس لیے اِن دونوں گناہوں سے بچنے کی سخت ضرورت ہے۔

=المصحف أو كتب الفقه . اهـ . (ص/۳۸ ، ط : سهيل اكيڈمی لاهور)

(۳) ما في '' حيوة المسلمين '' : ولا تقعدوا على مكان أرفع مما عليه القرآن .

(ص/۵۴، مؤلف؛ حكيم الامت ، اداره اسلاميات لاهور ، بحوالہ فتاوی محمودیہ:۳/۵۳۱، ط: کراچی)

(فتاویٰ محمودیہ:۳/۵۲۹، ۵۳۰، ۵۳۱، کفایت المفتی:۱/۱۲۶، فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۶۹۹۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' صحيح البخاري '' : حدثنا أبو نعيم حدثنا سفيان عن منصور عن ابراهيم عن همام قال : كنا مع حذيفة فقيل له : إن رجلا يرفع الحديث إلى عثمان ، فقال حذيفة : سمعت النبي ﷺ يقول : '' لا يدخل الجنّة قتاتٌ '' . (ص/۱۰۸۸ ، كتاب الأدب ، باب ما يكره من النميمة ، الرقم :۶۰۵۶، صحيح مسلم :۲/۱۸۰، ۱۸۱، الرقم :۲۸۶، ۲۸۷/,168 169، كتاب الإيمان ، باب بيان غلظ تحريم النميمة ، احياء التراث العربي)

ما في '' شرح النووي على صحيح مسلم '' : قال العلماء : النميمة نقل كلام الناس بعضهم إلى بعض على جهة الإفساد بينهم . (۲/۱۸۰، ۱۸۱، بيروت)

(۲) ما في '' القرآن الكريم '' : ﴿يايها الذين اٰمنوا اجتنبوا كثيرًا من الظنّ ان بعض الظنّ=

حفاظت کی غرض سے خفیہ جاسوسی

مسئلہ (۱۶۶): آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ: ''مسلمانوں کی غیبت نہ کرو، اور ان کے عیوب کی جستجو نہ کرو، کیوں کہ جو شخص مسلمانوں کے عیوب کی تلاش کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے عیوب کی تلاش کرتا ہے، اور جس کے عیب کی تلاش اللہ تعالیٰ کرے، اس کو اس کے گھر کے اندر بھی رُسوا کر دیتا ہے۔'' لہٰذا کسی دوسرے کی راز کی باتوں اور اس کے عیوب کی تلاش وجستجو سخت گناہ ہے، اور کسی کے لیے بھی جائز نہیں کہ وہ کسی کی ٹوہ میں لگے، نہ ابتداءً نہ انتقاماً، البتہ اگر کسی سے مضرت ونقصان پہنچنے کا احتمال ہو، اور اپنی یا دوسرے کسی مسلمان کی حفاظت کی غرض سے اس کی خفیہ تدبیروں یا ارادوں کا تجسُّس کیا جائے، تو شرعاً اس کی اجازت ہے۔ (۱)

= اثم ولا تجسّسوا﴾ . (سورة الحجرات : ۱۲)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : وحدثنا عبد الباقي بن قانع قال : حدثنا معاذ بن المثنى قال : حدثنا عبد الرحمن قال : حدثنا وهيب قال : حدثنا ابن طاوس عن أبيه عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " إياكم والظنّ ، فإن الظنّ أكذب الحديث " . فهذا من الظنّ المحظور وهو ظنه بالمسلم سوءً ا من غير سبب يوجبه . (۳/ ۵۳۹، الحجرات)

ما في " صحيح البخاري " : حدثنا عبد الله بن يوسف أخبرنا مالک عن أبي الزناد عن الأعرج عن أبي هريرة رضي الله عنه : أن رسول الله ﷺ قال : " إياكم والظن فإن الظن أكذب الحديث .... " الخ . (ص/ ۱۰۸۹ ، كتاب الأدب ، باب يايها الذين اٰمنوا اجتنبوا الخ، الرقم : ۶۰۶۶ ، بيروت) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ: ۵۶۳۴۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿يايها الذين اٰمنوا اجتنبوا كثيرا من الظنّ ان بعض الظنّ اثم ولا تجسّسوا ولا يغتب بعضكم بعضًا﴾ . (سورة الحجرات : ۱۲)=

....

=ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : قوله تعالى : (ولا تجسّسوا) وذلک أنه قد يقع له خاطر التهمة ابتداء ويريد أن يتجسس خبر ذلک ويبحث عنه ويتبصّر ويستمع لتحقق ما وقع له من تلک التهمة ، فنهى النبي ﷺ عن ذلک .... ومعنى الآية : خذوا ما ظهر ولا تتّبعوا عورات المسلمين ، أي لا يبحث أحدكم عن عيب أخيه حتى يطلع عليه بعد أن ستره الله . (١٦ / ٣٣١ – ٣٣٣)

ما في " سنن أبي داود " : عن أبي برزة الأسلمي قال : قال رسول الله ﷺ : " يا معشر من آمن بلسانه ولم يدخل الإيمان قلبه لا تغتابوا المسلمين ولا تتّبعوا عوراتهم فإنه من اتّبع عوراتهم يتبع الله عورته ، ومن يتبع عورته يفضحه في بيته " .

(ص/ ٦٦٩ ، كتاب الأدب ، باب في الغيبة)

ما في " جامع الترمذي " : عن نافع عن ابن عمر قال : صعد رسول الله ﷺ المنبر فنادى بصوت رفيع قال : " يا معشر من أسلم بلسانه ولم يفض الإيمان إلى قلبه لا تؤذوا المسلمين ولا تعيّروهم ولا تتبعوا عوراتهم فإنه من تتبع عورة أخيه المسلم يتبع الله عورته ، ومن يتبع الله عورته يفضحه ولو في جوف رحله ، قال : ونظر ابن عمر يوما إلى البيت أو إلى الكعبة فقال : ما أعظمک وأعظم حرمتک والمؤمن أعظم حرمة عند الله منک " . هذا حديث حسن غريب . (٢/٢٣، أبواب البر والصلة ، باب ما جاء في تعظيم المؤمن ، مشكوة المصابيح :ص/٤٢٩ ، كتاب الآداب ، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات ، الفصل الثاني ، اتحاف السادة المتقين بشرح احياء علوم الدين :٦/٢٦٩، كتاب آداب الأخوة والصحبة ، الباب الثالث في حق المسلم والرحم والجوار الخ ، الجامع لأحكام القرآن للقرطبي :١٦/٣٣٣ ، الحجرات :١٢)

(معارف القرآن مفتی شفیع رحمہ اللہ:۸/۱۲۱،فتاوی دارالعلوم دیوبند،رقم الفتوی:۳۲۷۳۰)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة ، عن النبي ﷺ قال : " إياكم والظنّ ، فإن الظنّ أكذب الحديث ، ولا تحسّسوا ولا تجسّسوا ولا تحاسدوا ولا تباغضوا وكونوا عباد الله اخوانا " . (٢/٨٩٦ ، كتاب الأدب ، باب ما ينهى عن التحاسد والتدابر)

بے جا غصہ اور بد خُلقی سے پرہیز کیا جائے

مسئلہ (۱۶۷): سختی کے مقابلے میں نرمی، تنگی کے مقابلے میں وسعت، شدت کے مقابلے میں سہولت، بد خُلقی وتندرُوئی کے مقابلے میں خوش رُوئی، کرختگی کے مقابلے میں نرم گفتاری پسندیدہ اوصاف ہیں، لیکن بوقتِ ضرورت وحسبِ موقع ان کے مقابلات کا اختیار کرنا بھی جائز ہے، بلکہ کبھی ضروری ہوجاتا ہے، پس آدمی کو چاہیے کہ حسبِ موقع کام کرے، بے جا غصہ اور بد خُلقی سے پرہیز کرے۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح مسلم " : عن عائشة زوج النبي ﷺ ان رسول الله ﷺ قال : " يا عائشة ! إن الله رفيق يحبّ الرفق ، ويعطي على الرفق ما لا يعطي على العُنف ، وما لا يعطي على ما سواه " . (۲/۳۲۲ ، كتاب البر والصلة ، باب فضل الرفق ، الرقم :۲۵۹۳)

ما في " صحيح البخاري " : عن عائشة رضي الله عنها زوج النبي ﷺ قالت : دخل رهط من اليهود على رسول الله ﷺ فقالوا : السام عليكم ، قالت عائشة : ففهمتها فقلت : وعليكم السام واللعنة ، قالت : فقال رسول الله ﷺ : " مهلا يا عائشة ! إن الله يحب الرفق في الأمر كله " . الحديث . (۲/۸۹۰، كتاب الأدب ، باب الرفق في الأمر كله ، الرقم :۶۰۲۴)

ما في " المنهاج شرح صحيح مسلم " : قوله ﷺ : " يا عائشة ! إن الله يحب الرفق في الأمر كله " هذا من عظيم خلقه ﷺ وكمال حلمه ، وفيه حث على الرفق والصبر والحلم وملاطفة الناس ما لم تدع حاجة إلى المخاشنة .

(۲/۷/۲۶۷، كتاب السلام ، باب النهي عن ابتداء أهل الكتاب بالسلام الخ ، الرقم :۲۱۶۵)

ما في " صحيح البخاري " : عن أنس عن النبي ﷺ قال : " يسّروا ولا تعسّروا ، وبشّروا ولا تنفّروا " . (۱/۱۶، كتاب العلم ، باب ما كان النبي ﷺ يتخولهم بالموعظة الخ ، الرقم :۶۹، صحيح مسلم :۲/۸۳، كتاب الجهاد والسير ، باب جواز الاغارة على الكفار الذين بلغتهم دعوة الإسلام الخ ، الرقم :۱۷۳۳)=

....

....

....

....

....

....

=ما في " جامع الترمذي " : عن عبد الله بن مسعود قال : قال رسول الله ﷺ : " ألا أخبركم بمن يحرم على النار ، أو بمن تحرم عليه النار ؟ على كل قريب هيّن سهل " .

(۲/۷۵، كتاب صفة القيامة والرقائق والورع ، الرقم : ۲۴۸۸)

ما في " سنن أبي داود " : عن عبد الله بن عمرو قال : قال رسول الله ﷺ : " الراحمون يرحمهم الرحمن ، ارحموا أهل الأرض ، يرحمكم من في السماء " .

(ص/٦٧۵ ، كتاب الأدب ، باب في الرحمة ، الرقم : ۴۹۴۱)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله ﷺ قال : " ليس الشديد بالصرعة ، إنما الشديد الذي يملك نفسه عند الغضب " .

(۲/۹۰۳، كتاب الأدب ، باب الحذر من الغضب ، الرقم :٦١١۴)

وفيه أيضًا : عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رجلا قال للنبي ﷺ : أوصني ، قال : " لا تغضب " فردّ مرارا ، قال : " لا تغضب " .

(۲/۹۰۳، كتاب الأدب ، باب الحذر من الغضب ، الرقم :٦١١٦)

ما في " سنن أبي داود " : عن حارثة بن وهب قال : قال رسول الله ﷺ : " لا يدخل الجنة الجوّاظ والجعظريّ " . (ص/٦٦١، كتاب الأدب ، باب في حسن الخلق ، الرقم : ۴۸۰١)

ما في " جامع الترمذي " : عن أبي الدرداء رضي الله عنه أن النبي ﷺ قال : " ما من شيء أثقل في ميزان المؤمن يوم القيامة من حُسن الخلق ، وإن الله يبغض الفاحش البذيّ " .

(۲/۲۰، أبواب البر والصلة ، باب ما جاء في حسن الخلق ، الرقم :۲۰۰۲)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۰۲٦۸)

سلام کا جواب نہ دینے والے سے قطعِ تعلق

مسئلہ (۱۶۸): ایک مسلمان کے لیے دوسرے مسلمان کے سلام کا جواب دینا دینِ اسلام کا حق ہے [۱]، اگر کوئی شخص سلام کا جواب نہ دے، تو بھی اس سے قطعِ تعلق نہیں کرنا چاہیے، جواب نہ دینے کا ذمہ دار وہ شخص خود ہوگا [۲]، اپنی طرف سے اس کے ساتھ خوش اخلاقی ہی کا معاملہ کرنا چاہیے، کیوں حدیث شریف میں رشتہ ناطہ توڑنے والوں سے تعلق اُستوار رکھنے (جوڑنے) کی بہت تاکید آئی ہے [۳]، البتہ اگر قطعِ تعلق کی بنیاد بے دینی ہو، اور ترکِ تعلق سے اصلاح کی امید ہو، تو بغرضِ اصلاح قطعِ تعلق کرنا بھی جائز ہے۔ [۴]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ : " للمؤمن على المؤمن ستّ خصال : يعوده إذا مرض ، ويشهده إذا مات ، ويجيبه إذا دعاه ، ويسلم عليه إذا لقيه " . الحديث .(ص/۳۹۷ ، كتاب الآداب ، باب السلام ، الفصل الأول ، الرقم : ۴۶۳۰)

ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة رضي الله عنه قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول : " حق المسلم على المسلم خمس : ردّ السلام وعيادة المريض ، واتباع الجنائز وإجابة الدعوة وتشميت العاطس " . (۱/۱۶۶، كتاب الجنائز ، باب الأمر باتباع الجنائز ، الرقم : ۱۲۳۹)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن عائشة رضي الله عنها أن رسول الله ﷺ قال : " لا يكون لمسلم أن يهجر مسلما فوق ثلاثة أيام ، فإذا لقيه مسلم عليه ثلاث مرار كل ذلك لا يرد عليه فقد باء بإثمه " . (ص/۶۷۳، كتاب الآداب ، باب في هجرة الرجل أخاه ، الرقم :۴۹۱۳)

ما في " شرح الطيبي " : إذا سلم عليه ثلاث مرات غير مردود فيها جواب فقد باء أي رجع بإثمه ، والضمير في بإثمه يحتمل أن يكون للبائي فيكون المعنى أن المسلم خرج من =

کسٹم وانکم ٹیکس آفیسروں سے چھپا کر سونا چاندی لانا

مسئلہ (۱۶۹): سعودی عرب وغیرہ میں سونا سَستا ملتا ہے، اس لیے بعض لوگ وہاں سے سونا خرید کر کسٹم اور انکم ٹیکس آفیسروں کو بتائے بغیر یہاں لا کر اُسے مہنگے داموں میں فروخت کرتے ہیں، حالاں کہ کسٹم اور انکم ٹیکس آفیسروں سے چھپا کر سونا چاندی دوسرے ملک سے لانا مُلکی قانون کے مطابق جرم ہے، پکڑے جانے پر سخت سزا اور بے عزتی ہوتی ہے، لہٰذا شرعاً کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ اپنے کاروبار میں ایسا کوئی طریقہ اختیار کرے، جس میں اُس کی عزت وآبرو کو خطرہ لاحق ہو، اس لیے اس طریقے پر کاروبار کرنے سے بچنا لازم ہے۔[1]

=الهجرة ونفى من الوزر ، وبقي الإثم على الذي لم يرد السلام . (۹/۲۴۷، ۲۴۸، كتاب الآداب، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع الخ ، تحت الرقم :۵۰۳۴)

(۳) ما في " صحيح البخاري " : عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال : " من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليكرم ضيفه ، ومن كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليصل رحمه " . الحديث . (۲/۹۰۶، كتاب الآداب ، باب إكرام الضيف وخدمته إياه بنفسه ، الرقم :۶۱۳۸)

ما في " كنز العمال " : صل من قطعك وأحسن إلى من أساء إليك وقل الحق ولو على نفسك . (ابن النجار عن علي) .

(۳/۱۴۵ ، كتاب الأخلاق ، صلة الرحم والترغيب فيها الخ ، الرقم :۶۹۲۹)

(۴) ما في " مرقاة المفاتيح " : قال الخطابي : رخص لمسلم أن يغضب على أخيه ثلاث ليال لقلته ، ولا يجوز فوقها إلا إذا كان الهجران في حق من حقوق الله تعالى فيجوز فوق ذلك . (۹/۲۳۰، كتاب الآداب ، باب ما ينهى عنه من التهاجر والتقاطع الخ ، تحت الرقم :۵۰۲۷) (فتاویٰ دار العلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۵۵۱۳۱)

الحجة على ما قلنا :=

طلبہ کے لیے اخبار بینی زہرِ قاتل سے کم نہیں

مسئلہ (۱۷۰): اَخبار پڑھنا اگر چہ جائز ہے، مگر چوں کہ آج کل کے اَخبار- اہم، سچی اور حقیقت پر مبنی خبروں سے کہیں زیادہ، فحش وعریاں تصویروں اور عقائد اہلِ سنت والجماعت سے متصادم اَفکار ونظریات پر مشتمل مضامین وکالمس پر مشتمل ہوتے ہیں، بایں ہمہ اس کے پڑھنے میں طلبہ کا، وقت کا ضیاع، اور موجبِ تشویش ہوتا ہے، جو ذہنی وقلبی یک سوئی کو ختم کر دیتا ہے، اس لیے طلبہ کے لیے اَخبار پڑھنا زہرِ قاتل سے کم نہیں، لہٰذا طلبہ کو اس سے بچنا چاہیے، اور اپنے مقصودِ اصلی؛ تعلیم وتعمیل پر پوری توجہ دینی چاہیے۔(۱)

اللہ پاک عمل کی توفیق عطا فرمائے! آمین!

=(۱) ما في " جامع الترمذي " : عن حذيفة قال : قال رسول الله ﷺ : " لا ينبغي للمؤمن أن يُذِلَّ نفسه " . قالوا : وكيف يذلّ نفسه ؟ قال : " يتعرّض من البلاء لما لا يطيق " .
(۲/۵۱، أبواب الفتن ، الرقم :۲۲۵۴، سنن ابن ماجة :ص/۲۹۰، كتاب الفتن ، باب قوله تعالى : يا يايها الذين اٰمنوا عليكم انفسكم ، الرقم :۴۰۱٦)

ما في " شروح سنن ابن ماجة " : قال السندي : قوله : (يتعرض من البلاء) إما بالدعاء على نفسه بها ، أو بأن يأتي بأسبابها العادية . (۲/۱۴٦٦، تحت الرقم :۴۰٦٦)

ما في " الموافقات للشاطبي " : ومجموع الضروريات خمسة : وهي حفظ الدين والنفس والنسل والمال والعقل ، وقد قالوا : إنها مراعاة في كل ملة . (۲/۳۲٦ ، دار المعرفة بيروت، المقاصد قسمان ؛ مقاصد الشارع ومقاصد المكلف ، القسم الأول مقاصد الشارع، النوع الأول ، المسألة الأولى) (فتاویٰ دار العلوم دیو بند، رقم الفتویٰ:۵۴۳۷۳)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿أفحسبتم أنما خلقناكم عبثاً وأنكم إلينا لا ترجعون﴾ . =

گندگی ایک سماجی لعنت اور پاکیزگی آدھا ایمان ہے

مسئلہ (۱۷۱): گندگی اور عدمِ صفائی جہاں ایک سماجی لعنت ہے، وہیں انسانی وماحولیاتی صحت پر بھی اس کے بڑے بُرے اثرات مرتب ہوتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ مذہبِ اسلام نے آج سے چودہ سو پینتیس (۱۴۳۵) سال پہلے ہی سے صفائی اور طہارت کو انتہائی اہمیت دی ہے، قرآن کریم میں ہے: ﴿انّ اللّٰه يُحبُّ التّوّابين ويُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْن﴾[1] - بے شک اللہ تعالیٰ خوب توبہ کرنے والوں اور پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو پسند فرماتے ہیں، اوخود پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے صفائی وپاکی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے فرمایا:

=(سورة المؤمنون : ١١٥)

ما في " جامع الترمذي " : " نعمتان مغبون فيهما كثير من الناس ؛ الصحة والفراغ " .

(٥٦/٢، كتاب الزهد ، الرقم :٢٣٠٤ ، صحيح البخاري :٩٤٩/٢،كتاب الرقاق)

ما في " جمع الجوامع " : قوله ﷺ : " من حسن إسلام المرء تركه ما لا يعنيه " .

(٣٩٣/٦ ، رقم الحديث : ٢٠٠٠٧ ، كنز العمال :٣٥٥/٣ ، رقم الحديث : ٨٢٨١)

ما في " جامع الترمذي " : " لا تزول قدما عبد حتى يسأل عن عمره فيما أفناه ، وعن عمله فيما فعل ، وعن ماله من أين اكتسبه ، وفيما أنفقه ، وعن جسمه فيما أبلاه " . (٦٧/٢، أبواب صفة القيامة)

ما في " الألعاب الرياضية " : يقول الدكتور يوسف القرضاوي حفظه الله : والحق أن السفه في إنفاق الأوقات أشد خطرًا من السفه في إنفاق الأموال .... لأن المال إذا ضاع قد يعود ، والوقت إذا ضاع لا عوض له . (ص/٣٢٠ ، دارالنفائس الأردن)

ما في " المقاصد الشرعية " : إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما ، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا . (ص/٤٦) (فتاویٰ بنوریہ،رقم الفتویٰ:۳۸۱۸۸)=

''پاکیزگی آدھا ایمان ہے''(۲)- اور آپ نے یہ بھی فرمایا کہ- ''اپنے صحنوں اور آنگنوں کو صاف ستھرا رکھو۔''(۳)

اسلام نے جس طرح باطن کی صفائی و پاکیزگی کو انسانیت کا اعلیٰ مقصد قرار دیا، اسی طرح ظاہر کی صفائی و ستھرائی کو بھی ایمان کا حصہ قرار دیا ہے، لہٰذا تمام مسلمانوں؛ بالخصوص طبقۂ اہلِ علم وطلبۂ علم کی ذمہ داری ہے کہ ہر طرح کی صفائی وطہارت کا ممکن حد تک خیال رکھیں!

الحجة على ما قلنا :

=(١) ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالىٰ : ﴿إن اللّٰه يحبّ التوّابين ويحب المتطهّرين﴾ . (سورة البقرة : ٢٢٢) . وقوله تعالى : ﴿وثيابک فطهّر﴾ . (سورة المدثر: ٤)

ما في " التفسير المظهري " : قال القاضي ثناء الله رحمه الله تعالى : قلت : والظاهر عندي أنه أمر بتطهير الثياب فالواجب بالمنطوق وعبارة النص إنما هو تطهير الثوب ؛ وبدلالة النص يجب تطهير البدن بالطريق الأولى ، فإن الله سبحانه القدوس المطهر الطاهر لما لم يرض بنجاسة الثوب فكيف يرضى بنجاسة البدن اهـ . ... احتج الفقهاء بهذه الاٰية لاشتراط طهارة الثوب والمكان والبدن عن النجاسة الحقيقية للصلاة ، والصحيح عندي أنه لا دلالة على اشتراطها للصلاة بل على وجوب الطهارة الثلاث في جميع الأحوال . (١٠/ ٨٩ ، ٩٠)

(٢) ما في " صحيح مسلم " : عن مالک الأشعري قال : قال رسول الله ﷺ : " الطهور شطر الإيمان " . (١/ ١١٨ ، كتاب الطهارة ، باب فضل الوضوء ، جمع الجوامع : ٥/ ١٣٢ ، الرقم : ١٤٠٠٤ ، حرف الطاء)

(٣) ما في " جامع الترمذي " : عن صالح بن أبي حسّان قال : سمعت سعيد بن المسيّب يقول : "إن الله طيب يحب الطيب ، نظيف يحب النظافة ، كريم يحب الكرم ، جواد يحب الجود ، فنظّفوا" . أُراه قال : أفنيتكم ولا تشبّهوا باليهود ، قال : فذكرتُ ذلک لمهاجر ابن مسمار فقال : حدثنيه عامر بن سعد بن أبي وقاص ، عن أبيه عن النبي ﷺ مثله إلا أنه قال :=

شکریہ، تھینک یو، بہت بہت شکریہ، جیسے الفاظ کا استعمال

مسئلہ (۱۷۲): بہت سے لوگ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ لین دین کا معاملہ کرتے وقت ''شکریہ''، ''تھینک یو''، ''بہت بہت شکریہ'' وغیرہ جیسے الفاظ استعمال کرتے ہیں، جب کہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ: ''جس کے ساتھ بھلائی وخیرخواہی کا معاملہ کیا جائے، تو وہ سامنے والے محسن کو ''جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا'' کہے''، لہٰذا ہم مسلمانوں کو اِس سنت کو زندہ کرنا چاہیے، اور غیروں کے طور وطریق سے بچنا چاہیے۔(۱)

=''نظِّفوا أفنيتكم'' . قال أبو عيسى : هذا حديث غريب ، وخالد بن إلياس يضعف ويقال : ابن إياس . (۵۳۷/۳ ، كتاب الأدب ، باب ما جاء في النظافة ، بيروت ، الرقم : ۲۷۹۹ ، بيروت ، و۱۰۷/۲ ، قديمي)

وما في '' الموسوعة الفقهية '' : يسنّ تحسين الأفنية والبيوت بتنظيفها وترتيبها ، عملا بما رواه ابن عامر بن سعد عن أبيه عن النبي ﷺ : '' إن الله طيب يحب الطيب ، نظيف يحب النظافة ، كريم يحب الكرم ، جواد يحب الجود ، فنظفوا أفنيتكم ولا تشبهوا باليهود '' .

(۲۱۷/۱۰ ، تحسين الأفنية)

ما في '' المعجم الأوسط للطبراني '' : قوله ﷺ : '' إن الله جميل يحب الجمال '' .

(۳۰٦/۳ ، رقم الحديث : ۴٦٦۸)

ما في '' الموسوعة الفقهية '' : تزيين البيوت والأفنية بتنظيفها وترتيبها مطلوب شرعًا لما روي عن النبي ﷺ قال : '' إن الله طيب يحب الطيب ، نظيف يحب النظافة '' . (۲۷۴/۲۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في '' مشكوة المصابيح '' : عن أسامة بن زيد قال : قال رسول الله ﷺ : '' من صُنع إليه معروفٌ فقال لفاعله : جزاک الله خيرا ، فقد أبلغ في الثناء '' . رواه الترمذي .=

Sms، Whatsapp وغیرہ پر سلام کا جواب

مسئلہ (۱۷۳): جب کوئی شخص کسی کو خط میں سلام لکھے، اور وہ اُسے پہنچ جائے، اور وہ پڑھ کر یا سُن کر اُس پر مطلع ہو جائے، تو اس پر لفظاً (قولاً) یا مراسلے کے ذریعے جواب دینا واجب ہے، صاحبِ درمختار علامہ محمد ابن علی حصکفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تحریری سلام کا جواب دینا ایسا ہی واجب ہے، جیسے حاضر شخص کے سلام کا جواب دینا واجب ہے۔...... آج کل خط وکتابت کا سلسلہ بہت کم ہوگیا، موبائلی گفتگو، Sms اور Whatsapp نے اس کی جگہ لے لی ہے، جب کوئی شخص اِن ذرائع سے کسی کو مخاطب بنا کر سلام کرتا ہے، تو وہ اُس کے سلام کا جواب دینا ضروری نہ سمجھ کر، اُس کے ساتھ اِن الفاظ سے کلام کا آغاز کرتا ہے: ''جی! فرمایئے! -ہاں جی! کہیے! -بولو! -وغیرہ، یہ طریقہ اور انداز غیر شرعی اور غیر اخلاقی ہونے کے ساتھ، کبر ونخوت بھرا معلوم ہوتا ہے، لہٰذا اِس سے پرہیز کرنا چاہیے، اور پہلے مخاطب کے سلام کا جواب دے کر، پھر اُس سے نرم انداز سے بات کرنا چاہیے۔ (۱)

=(ص/۲۶۱، کتاب البیوع، باب؛ الفصل الثاني، الرقم: ۳۰۲۴، جامع الترمذي: ۲/۲۳، أبواب البر والصلة، باب ما جاء في الثناء بالمعروف، الرقم: ۲۰۳۵، کتاب عمل الیوم واللیلة: ص/۱۰۰، باب ما یقول لمن صنع إلیه معروفا، الرقم: ۲۷۵)

ما في " مرقاة المفاتیح " : (جزاک الله خیرا) أي خیر الجزاء أو أعطاک خیرا من خیري الدنیا والآخرة (فقد أبلغ في الثناء) أي بالغ في أداء شکره . (۱۹۳/۶)

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿واذا حُیّیتم بتحیّة فحیّوا باحسنَ منهآ او رُدّوها ان اللّٰه =

....

....

....

....

....

....

....

....

=كان على كل شيء حسيبًا﴾ . (سورة النساء : ۸٦)

ما في " روح المعاني " : ويجب ردّ جواب كتاب التحية كردّ السلام . (۱۴۸/۴)

ما في " فيض القدير " : (ردّ جواب الكتاب حق كردّ السلام) أي إذا كتب لک رجل بالسلام في كتاب ووصل إليک وعلمته بقراء تک او بقراء ة غيرک وجب عليک الرد باللفظ أو المراسلة . (۴/ ۳۱ ، تحت الرقم :۴۴۴۸)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : ويجب ردّ جواب كتاب التحية كردّ السلام . [در مختار] . وفي الشامية : قوله : (ويجب رد جواب كتاب التحية) لأن الكتاب من الغائب بمنزلة الخطاب من الحاضر . مجتبى . والناس عنه غافلون . ط . أقول : المتبادر من هذا أن المراد رد سلام الكتاب لا رد الكتاب . (۹/ ۵۹۴ ، الحظر والإباحة ، باب الاستبراء وغيره)

ما في " الموسوعة الفقهية " : السلام بواسطة الرسول أو الكتاب كالسلام مشافهة ، فقد ذكر النووي في كتابه الأذكار عن أبي سعيد المتولي وغيره : فيما إذا نادى انسان انسانا من خلف ستر أو حائط فقال : السلام عليک يا فلان ! أو كتب كتابا فيه : السلام عليک يا فلان! أو : السلام على فلان ، أو أرسل رسولا وقال : سلّم على فلان ، فبلغه الكتاب أو الرسول وجب عليه أن يرد السلام ، صرّح بذلک الشافعية والحنابلة ، قال النووي : قال أصحابنا : وهذا الرد واجب على الفور ، وكذا لو بلغه سلام في ورقة من غائب وجب عليه أن يرد السلام باللفظ على الفور إذا قرأه .

(۲۵/ ۱٦۰ ، سلام ، السلام بواسطة الرسول أو الكتاب)

اسلام میں جنسی تعلیم کی بالکل گنجائش نہیں

مسئلہ (۱۷۴): والدین اور سرپرستوں پر بچوں اور بچیوں کو اتنی تعلیم دینا، جس سے وہ اپنی دینی ذمہ داریاں ادا کرنے کے اہل ہو جائیں، ضروری ہے، اسی طرح حسبِ ضرورت عصری تعلیم بھی دی جائے، اور اس سلسلے میں شرعی حدود کی رعایت رکھی جائے۔ (۱)......اگر حکومت کسی سطح تک کی تعلیم، بچوں اور بچیوں کے لیے لازم قرار دے، اور وہ تعلیم شرعی اصول سے متصادم نہ ہو، اور کوئی بات ایمان واخلاقیات کے منافی نہ ہو، اور نہ ہی بے راہ روی وانحراف کا باعث ہو، تو مسلمانوں کو اس کی پابندی کرنی چاہیے۔ (۲)

آج کل بچوں کے لیے جس جنسی تعلیم کا مطالبہ کیا جا رہا ہے، اسلام میں اس کی بالکل گنجائش نہیں، کیوں کہ اس کے مفاسد بہت ہیں، اور اس سے بے راہ روی پیدا ہوتی ہے (۳)، ایسی عمر میں بچوں کو اخلاقیات کی تعلیم دی جانی چاہیے۔ (۴)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قوله : (قوا انفسكم واهليكم) قال : " علموا أنفسكم وأهليكم الخير " . وقال الحسن : " تعلمهم وتأمرهم وتنهاهم " . قال أبو بكر : وهذا يدل على أن علينا تعليم أولادنا وأهلينا الدين والخير وما لا يستغنى عنه من الآداب .

(۳/۶۲۴، سورة التحريم ، مطلب يجب علينا تعليم أولادنا وأهلينا)

ما في " اتحاف السادة المتقين " : وقال الحليمي : تحسين أدبه بأن ينشئه على الأخلاق الحميدة ويعلّمه القرآن ولسان العرب وما لا بد منه من أحكام الدين .

(۶/۳۱۷ ، حقوق الوالدين والولد)=

....

....

....

....

....

=ما في " رد المحتار " : وأما فرض الكفاية من العلم فهو كل علم لا يستغنى عنه في قوام أمور الدنيا كالطب والحساب والنحو واللغة والكلام والقراء ات وأسانيد الحديث . الخ .

(۱۲۶/۱، المقدمة ، مطلب في فرض الكفاية وفرض العين ، الموسوعة الفقهية :۶/۱۳، تعليم وتعلم ، الحكم التكليفي)

(۲) ما في " الدر المختار مع الشامية " : لأن طاعة الإمام فيما ليس بمعصية فرض .

(۴۱۶/۶ ، كتاب الجهاد ، باب البغاة ، مطلب في وجوب طاعة الإمام)

ما في " الموسوعة الفقهية " : أجمع العلماء على وجوب طاعة أولي الأمر من الأمراء والحكام ، وقد نقل النووي عن القاضي عياض وغيره هذا الإجماع .

(۳۲۳/۲۸ ، طاعة ، طاعة أولي الأمر)

(۳) ما في " المقاصد الشرعية " : ان الذرائع تعد وسائل إلى المقاصد وحكمها حكم مقاصدها من حيث التحريم والوجوب والكراهة الندب والإباحة ، أي ان الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما ، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا ، فالزنا محرم وممنوع ولذلک حرمت ذرائعه ووسائله .

(ص/۴۶ ، المطلب الثامن ، صلة الذرائع سدا وفتحا بمقاصد الشريعة)

(۴) ما في " شعب الإيمان للبيهقي " : قال الإمام أحمد رحمه الله : وأما التعليم والتأديب فوقتهن أن يبلغ المولود من السن والعقل مبلغا يحتملها ، وذلک يتفرع فمنها : أن ينشئه على أخلاق صلحاء المسلمين ويصونه عن مخالطة المفسدين ، ومنها : أن يعلمه القرآن ولسان الأدب ويسمعه السنن أو قايل السلف ويعلمه من أحكام الدين ما لا غنى به عنه .

(۳۹۷/۶ ، باب في حقوق الأولاد والأهلين)

(تجویز اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

آئی ڈی کارڈ میں ولدیت دوسرے کی طرف منسوب کرنا

مسئلہ (۱۷۵): بعض اوقات ایسے حالات پیدا ہوجاتے ہیں کہ میاں بیوی کے درمیان فُرقت وجدائیگی واقع ہوجاتی ہے، اورعورت دوسری جگہ نکاح کرلیتی ہے، اورشوہرسابق کے بچے بھی موجودہ شوہر کی کفالت وپرورش میں رہتے ہیں، تو آئی ڈی کارڈ، اسکول سرٹیفکٹ یا نکاح نامہ وغیرہ میں اِن بچوں کی ولدیت میں موجودہ شوہر کا نام لکھوایا جاتا ہے، اوراسے مصلحت قرار دیا جاتا ہے، حالاں کہ شریعتِ اسلامیہ میں اس کی ممانعت آئی ہے، کہ کسی کی ولدیت حقیقی باپ کے علاوہ کی طرف منسوب کی جائے [۱]، لہٰذا اس سے بچنا چاہیے، اور یہ بات بھی ذہن نشین کرلینی چاہیے کہ تمام احکامِ اسلام بندوں کی مصلحتوں پر ہی مبنی ہیں، اِن کے خلاف کسی امرکو مصلحت قرار دینا، مصلحت نہیں، بلکہ مَفسَدہ (تباہی) ہے [۲]، جس کواختیار نہیں کیا جاسکتا۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وما جعل ادعيآء كم ابناء كم ذلكم قولكم بافواهكم والله يقول الحقّ وهو يهدي السبيل ○ ادعوهم لآبآئهم هو اقسط عند الله فان لم تعلموٓا اٰباء هم فاخوانكم في الدين ومواليكم وليس عليكم جناح فيما اخطأتم به ولكن ما تعمّدت قلوبكم وكان الله غفورا رحيما ○﴾ . (سورة الأحزاب :۴،۵)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : " ادعوهم لآبائهم هو اقسط عند الله " أي أعدل، فرفع الله حكم التبنّي ومنع من إطلاق لفظه ، وأرشد بقوله إلى أن الأولى والأعدل أن ينسب الرجل إلى أبيه نسبا ، .... فأمر الله تعالى بدعاء الأدعياء إلى آبائهم =

....

=للصلب ، فمن جهل ذلک فيه ولم تشتهر أنسابهم كان مولى وأخا في الدين .
(۱۱۹/۱۴، ۱۲۱، سورة الأحزاب :۵)

ما في " التفسير المظهري " : (ادعوهم لآبائهم) يعني أنسبوهم إلى آبائهم الذين خلقوا من نطفهم إفراد للمقصود من أقواله الحقة ، .... وأقسط اسم تفضيل أريد به الزيادة مطلقا من القسط بمعنى العدل ومعناه البالغ في الصدق . (۲۹۲/۷)

ما في " أحكام القرآن للعثماني [للتهانوي] " : قال العبد الضعيف : إن الانتماء إلى غير أبيه قد عده الفقهاء من الكبائر كما ذكره الشيخ ابن حجر الهيثمي في الزواجر ، وقد ورد فيه اللعنة والوعيد الشديد في الأحاديث الصحيحة ، فكيف يقال : إنه نهي تنزيه ، نعم ! النهي مقصور فيما كان على طريق الجاهلية من ادعاء البنوة أو الانتماء إلى أبوة ، وما لم يكن كذلک بل كان لمحض الشفقة والتحنن فليس بداخل فيه ، وهو أيضًا لا يبعد أن يكره تنزيها لدخوله في النهي صورة . والله أعلم .
(۲۹۲/۳، سورة الأحزاب ، يجوز قوله لغير ابنه يا بني شفقة إذا لم يكن الخ)

ما في " صحيح البخاري " : عن عاصم قال : سمعت أبا عثمان قال : سمعت سعدا وهو أول من رمى بسهم في سبيل الله وأبا بكرة وكان لسوّر حصن الطائف في أناس فجاء النبي ﷺ فقالا : سمعنا النبي ﷺ يقول : " من ادعى إلى غير أبيه وهو يعلم فالجنة عليه حرام " .
(۶۱۹/۲، كتاب المغازي ، باب غزوة الطائف في شوال الخ)

ما في " صحيح مسلم " : عن سعد وأبي بكرة كلاهما يقول : سمعتُه أذناي ووعاه قلبي محمدا – ﷺ – يقول : " من ادعى إلى غير أبيه ، وهو يعلم أنه غير أبيه ، فالجنة عليه حرام". (۵۷/۱، كتاب الإيمان ، باب بيان حال إيمان من رغب عن أبيه وهو يعلم ، الرقم : ۲۲۹ ، سنن أبي داود :ص/۶۹۷، كتاب الأدب ، باب في الرجل ينتمي إلى غير مواليه ، الرقم :۵۱۱۵، سنن ابن ماجة :ص/۱۸۷، أبواب الحدود ، باب من ادعى إلى غير أبيه أو تولى غير مواليه)

ما في " الزواجر عن اقتراف الكبائر " : أخرج الشيخان من جملة حديث : " ومن ادعى إلى غير أبيه أو انتمى إلى غير مواليه فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين لا يقبل الله منه =

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

=يوم القيامة صرفا ولا عدلا " . (۳/۲۸۰، كتاب النفقات على الزوجات والأقارب والمماليک ، الكبيرة الرابعة بعد الثلاث مائة : تولى الإنسان إلى غير مواليه)

(۲) ما في " الموافقات في أصول الشريعة للشاطبي " : وضع الشرائع إنما هو لمصالح العباد في العاجل والآجل معا .... ومجموع الضروريات خمسة وهي : حفظ الدين والنفس والنسل والمال والعقل .

(۲/۸ – ۱۱ ، كتاب المقاصد ، وفي النوع الأول في بيان قصد الشارع في وضع الشريعة)

ما في " حجة الله البالغة " : وقد يظنّ أن الأحكام الشرعية غير متضمنة لشيء من المصالح وأنه ليس بين الأعمال وبين ما جعل الله جزاءً لها مناسبة ، وأن مثل التكليف بالشرائع كمثل سيد أراد أن يختبر طاعة عبده ، فأمره برفع حجر أو لمس شجرة مما لا فائدة فيه غير الاختبار فلما أطاع أو عصى جوزي بعمله ، وهذا لمن فاسد تكذبه السنة وإجماع القرون المشهود لها بالخير . (۱/۱۵ ، المقدمة ، الأحكام الشرعية تتضمن مصالح العباد)

(فتاویٰ دارالعلوم دیوبند، رقم الفتویٰ:۴۸۱۶۴)

بے دریغ و بلاضرورت بجلی کا استعمال

مسئلہ (۱۷۶): ملک میں بجلی کی شدید قلت و بحران کے سبب اکثر و بیشتر علاقے لوڈ شیڈنگ کی زد میں ہیں، روزانہ کئی کئی گھنٹے بجلی غائب رہتی ہے، جس کی وجہ سے عام لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، نیز موجودہ شدید گرمی کے عالَم میں بجلی جیسی اہم نعمت کا کماحقہٗ مُیَسَّر نہ ہونا، گرمی کی تکلیف کو دس گُنا بڑھا دینے کے مترادف ہے، بلکہ بسا اوقات بجلی انسانی زندگی کے لیے موت وزیست (زندگی) کا مسئلہ بن جاتی ہے، ایک طرف بجلی کی قلّت کا یہ عالَم ہے، اور دوسری طرف جہاں بجلی جیسی عظیم نعمت میسر ہے، وہاں اس کے بے محابا اور بے دریغ استعمال کا حال یہ ہے کہ خالی کمروں، درس گاہوں اور آفسوں و دفتروں میں بلب روشن- جلتے، اور پنکھے چلتے نظر آتے ہیں، (حتی کہ ایئر کنڈیشنروں کے دہانے بھی کھلے ہوتے ہیں)، بالخصوص جن مقامات پر بجلی کا بِل، خرچ کرنے والوں کو خود ادا نہیں کرنا پڑتا، وہاں تو بجلی کا استعمال اتنی بے دردی و بے رحمی سے ہوتا ہے کہ- الأمان!- بلکہ- ''مالِ مفت، دلِ بے رحم''- کی مثال پوری آب وتاب کے ساتھ صادق آتی ہے۔

رزقِ خداوندی اور اس کی قیمتی نعمتوں کے بارے میں ہماری یہ لاپروائی، اشیائے ضرورت کو ضائع کرنا، ہمارا ایک اجتماعی روگ بن چکا ہے[1]، جب کہ حضور پُرنور ﷺ نے ہمیں پانی میں اِسراف وفضول خرچی سے بھی منع فرمایا ہے،

خواہ ہم کسی بہتے دریا کے پاس کھڑے ہوں [۲]، لیکن بات وہی ہے کہ- جب کسی قوم کا مزاج یہ بن جائے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو بے دریغ ، بلا ضرورت استعمال کرے، تو ایسی قوم کے لیے بہتے ہوئے دریا بھی کافی نہیں ہوسکتے۔ [۳]

اس لیے ہمیں چاہیے کہ جہاں ہماری ضرورت ایک بلب سے پوری ہوتی ہو، وہاں دو بلب نہ جلائیں، جہاں ایک پنکھا کارآمد ہو، وہاں دو پنکھے نہ چلائیں۔ جب کمرے اور درس گاہ سے نکلیں، تو بلب اور پنکھے بند کرکے نکلیں، اگر کہیں بلا وجہ روشنی، پنکھا یا بجلی کا کوئی آلہ جلتا ہوا دیکھیں، تو اسے بند کردیں، کیا بعید ہے کہ جس بجلی کا خرچ ہم بچا رہے ہیں، وہ کسی ضرورت مند کے کام آجائے، اس سے کسی مریض کو راحت مل جائے، یا کسی غریب کے ظلمت کدے میں اُجالا ہوجائے۔

اللہ پاک ہمیں توفیق عطا فرمائے! آمین

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الكريم " : ﴿وكلوا واشربوا ولا تسرفوا ، إنه لا يحبّ المسرفين﴾ .

(سورة الأعراف : ۳۱)

ما في " أحكام القرآن لإبن العربي " : الإسراف تعدي الحدّ ، فنهاهم عن تعدّي الحلال إلى الحرام ، وقيل : ألا يزيدوا على قدر الحاجة . (۲/ ۸۱۷)

ما في " مسند أحمد " : عن النعمان بن بشير قال : قال النبي ﷺ على المنبر : " من لم يشكر القليل لم يشكر الكثير ، ومن لم يشكر الناس لم يشكر الله ، التحدّث بنعمة الله شكر وتركها كفر ، والجماعة رحمة والفرقة عذاب " . [إسناده حسن]

(۲۷۸/۴ ، طبع الميمنية ، بحواله الموسوعة الفقهية الكويتية)

ما في " الموسوعة الفقهية " : وكل منعم عليه ينبغي له الشكر لمن أولاه تلك النعمة ولو=

....

=كانت قليلة لحديث : " من لم يشكر القليل لم يشكر الكثير " . اهـ ....
.... وإذا كان الله تعالى شكر المحسنين وهو غني عنهم فالعبد أولى بأن يشكر لمن أحسن إليه .... قال النبي ﷺ : " من أولي نعمة فليشكرها ، فإن لم يقدرها فليظهر ثناء حسنا " . قال الحليمي : وهذا يدل على أن الشكر المذكور في هذا الحديث أريد به الشكر بالفعل ولولا ذلک لم يقل : " فإن لم يقدر فليظهر ثناء حسنا " . فإذا كانت النعمة فعلا كان الشكر إحسانا مكان إحسان ، فإن لم يتيسّر قام الذكر الحسن والثناء والبِشر مقامه . (۲۶/ ۱۸۱ ، ۱۸۲ ، شكر العباد على المعروف)

(۲) ما في " سنن ابن ماجه " : عن عبد الله بن عمرو أن رسول الله ﷺ مرّ بسعد وهو يتوضأ فقال : " ما هذا السرف ؟ " فقال : أفي الوضوء إسراف ؟ قال : " نعم ، وإن كنتَ على نهر جار " . (ص/۳۴ ، كتاب الطهارة ، باب ما جاء في القصد في الوضوء وكراهة التعدي فيه ، قديمي ، الرقم :۴۲۵)

ما في " شروح سنن ابن ماجة " : قوله : (فقال أفي الوضوء إسراف) بناء على ما قيل لا خير في سرف ولا سرف في خير فظن أن لا إسراف في الطاعة والعبادة فاستفسر بقوله في الوضوء إسراف فأجابه عليه السلام بقوله نعم وإن كنت الخ ، فإن فيه إسراف الوقت وتضييع العمر أو تجاوز عن الحد الشرعي كما تقدم ويحتم أن يراد بالإسراف الإثم " مرقاة " . قال السندي : قوله : (السرف) بفتحتين أي : التجاوز على الحد في الماء . (۱/۲۳۴ ، تحت الرقم :۴۲۵)

وما في " سنن ابن ماجة " : عن ابن عمر قال : رأى رسول الله ﷺ رجلا يتوضأ فقال : لا تُسرِف ، لا تُسرِف " . (ص/۳۴)

ما في " شروح سنن ابن ماجة " : قال السندي : قوله : (لا تسرف) من الإسراف . أي لا تزد على القدر المعروف في استعمال الماء . (۱/۲۳۳ ، تحت الرقم :۴۲۴)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : ويكره الإسراف فيه تحريمًا لو بماء النهر أو المملوک له ، أما الموقوف على من يتطهر به ومنه ماء المدارس فحرام .

(ص/۸۰ ، فصل في المكروهات)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والكراهة فيما إذا كان الماء مملوكاً أو مباحاً ، أما الماء الموقوف على من يتطهر به ومنه ماء المدارس ، فإن الزيادة فيه على الثلاث حرام عند الجميع لكونها غير ماذون بها ، لأنه إنما يوقف ويساق لمن يتوضأ الوضوء الشرعي ، ولم يقصد اباحتها لغير ذلک . (۴/۱۷۹ ، بدائع الصنائع : ۱/۱۱۳)

(۳) (ذکروفکر:ص/۷۸-۸۲)

گندگی جان کے ضیاع وہلاکت کا سبب ہے

مسئلہ (۱۷۷): شریعتِ اسلامیہ کے مقاصدِ خمسہ میں سے ایک اہم ترین مقصد، حفاظتِ انفُس ؛ یعنی جانوں کی حفاظت ہے[۱]، اپنے گھروں، کمروں اور صحنوں کو صاف سُتھرا نہ رکھنا مختلف قسم کی بیماریوں کو دعوت دینے کے مترادف ہے، جو جانوں کے ضیاع وہلاکت کا سبب بنتی ہے، اسی لیے اسلام نے اپنے گھروں، راستوں اور صحنوں کو صاف ستھرا رکھنے کا حکم دیا ہے، جیسا کہ آپ ﷺ کا ارشاد ہے کہ: ''اپنے گھروں کو صاف ستھرا رکھو، اور یہود کی مشابہت اختیار نہ کرو۔''[۲]

ہمارے جامعہ کا اِحاطہ بہت بڑا ہے، اس کی صفائی، صرف صفائی عملہ کی ذمہ داری نہیں ہے، بلکہ ہم میں سے ہر ایک اس کا ذمہ دار ہے، لہٰذا طلبۂ عزیز کو چاہیے کہ اپنے کمروں، درس گاہوں اور صحنِ جامعہ اوراس کے راستوں کی صفائی وستھرائی کا پورا خیال رکھیں، کوڑا کرکٹ اس کے لیے متعین جگہوں پر ہی ڈالیں، کیف ما اتفق کہیں بھی نہ پھینکیں- کہ یہ بدتہذیبی وغیر سلیقہ مندی ہے، جو ہماری شان وشعار کے خلاف ہے۔

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " الموافقات في أصول الشريعة للشاطبي " : ومجموع الضروريات خمسة وهي : حفظ الدين ، والنفس ، والنسل ، والمال ، والعقل .

(۲/۱۱ ، كتاب المقاصد ، النوع الأول في بيان قصد الشارع في وضع الشريعة)

(۲) ما في " جامع الترمذي " : عن صالح بن أبي حسّان قال : سمعت سعيد بن المسيب يقول : " إن الله طيب يحب الطيب ، نظيف يحب النظافة ، كريم يحب الكرم ، جواد=

دیواروں پر تھوکنا اور گندگی پھیلا نا بدتہذیبی کی علامت ہے

مسئلہ (۱۷۸): جامعہ نے ابھی مسابقۃ القرآن الکریم کے موقع پر اپنے احاطے کی دیواروں پر تازہ تازہ رنگ کروایا، تو کچھ صفائی ستھرائی اور تہذیب وسلیقہ مندی کو ناپسند کرنے والے طلبا وافراد نے اِس نادر موقع سے فائدہ اُٹھایا، اور کچھ دنوں کے لیے بھی اِن صاف شفاف دیواروں کو معاف نہیں کیا، اور اُن پر پان، گُٹکھا اور تمبا کو، کھا کر تھوکنا شروع کردیا، بلکہ ابھی بھی یہ سلسلہ جاری ہے، یہ حرکت شرعاً کسی بھی طرح جائز نہیں، بلکہ حرام ہے، کیوں کہ حضراتِ فقہائے کرام

=يحب الجود ، فنظّفوا – أراه قال : – أفنيتكم ، ولا تشبّهو باليهود " .
(۵۳۷/۳ ، كتاب الأدب ، باب ما جاء في النظافة ، الرقم : ۲۷۹۹)

ما في " المعجم الأوسط للطبراني " : عن عامر بن سعد عن أبيه قال : قال رسول الله ﷺ : "طهّروا أفنيتكم ، فإن اليهود لا تطهر أفنيتها " . (۱۲۲/۳ ، من اسمه علي ، الرقم :۴۰۵۷)

ما في " منكرات البيوت " : ومن المنكرات ترک البيوت من غير تنظيف بحيث تبدو متسخة وغير صحية أحيانا ، وقد جاء ت الشريعة الإسلامية بحفظ الأنفس ، ففي ترک البيوت بهذه الصورة متسخة من غير تنظيف مدعاة لفشو وانتشار الأمراض والأسقام التي هي سبب من أسباب هلاک وضياع الأنفس ، لذا فقد جاء ت الشريعة بالأمر بالنظافة عامة ، وبنظافة البيوت خاصة . ..... ونظفوا كل ما سهل لكم تنظيفه حتى أفنية الدار، وهي متسع أمام الدار . (ص/۱۱۱ ، ۱۱۲ ، ۱۱۳ ، تجمع الأوساخ في البيوت وتركها من غير تنظيف ، مؤلف : رائد بن صبري بن أبي علفة ، ناشر : مكتبة السوادي)

ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : ان الذرائع تعد وسائل إلى المقاصد وحكمها حكم مقاصدها ، من حيث التحريم والوجوب والكراهة والندب والإباحة ، أي أن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما ، وتكون واجبة إذا كان المقصد واجبا .
(ص/۴۶ ، المطلب الثامن : صلة المقاصد بالذرائع سدا وفتحا)

نے یہ صراحت فرمائی ہے کہ- اگر کوئی آدمی اپنے مال میں بے جا وفضول تصرُّف کرے، تو اُس کا یہ عمل مکروہِ تحریمی ہے، اور اگر وقف کے مال وجائداد میں ایسا کرے، تو یہ حرام ہے۔ (۱)

الحمد للہ! ہم ایک دینی وعصری تعلیم گاہ کے احاطے میں قیام پذیر ہیں، تہذیب وثقافت ہماری شناخت وعلامت سمجھی جاتی ہے، مزید برآں ہم سب مسلمان ہیں، اور اسلام- احکامِ شرعیہ پر عمل کرنے کا نام ہے، لیکن چوں کہ تہذیب وثقافت کو ہم نے صرف عمدہ کپڑے پہننے کی حد تک، اور دین کو صرف نماز روزے کی حد تک محدود کر کے رکھ دیا ہے، اس لیے اِس طرح کے کام کرتے وقت ہمیں یہ خیال بھی نہیں آتا کہ ہم کس قدر بدتہذیبی وغیر سلیقہ مندی کا ثبوت دے رہے ہیں، اور کتنے بڑے گناہ کا ارتِکاب کر رہے ہیں، امید کہ اِس طرزِ عمل کی اصلاح کر لی جائے گی، اور آئندہ اس سے باز رہنے کا پختہ عزم وارادہ بھی، اور یہ عہد بھی کہ اگر کسی شخص کو ایسی حرکت کرتے دیکھیں گے، تو ضرور بالضرور اُسے اِس حرکت سے منع کریں گے، کہ یہ ہمارا شرعی فریضہ ہے (۲)، نیز یہ بات زندگی بھر کے لیے اپنے پلّے باندھ لیں کہ اگر کسی کا کوئی فائدہ نہیں کر سکتے، تو کم از کم نقصان تو نہ کریں!!

الحجة علی ما قلنا :

(۱) ما في " القرآن الکریم " : ﴿ولا تُسرفوا ، انّ الله لا یحب المسرفین﴾ . (الأنعام : ۱۴۱)

. ﴿ولا تبذّر تبذیرا ، انّ المبذّرین کانوا اخوان الشیٰطین﴾ . (سورۃ الإسراء : ۲۶، ۲۷)

ما في " أحکام القرآن للجصاص " : روي عن عبد الله بن مسعود وابن عباس رضي الله =

....

=عنهم : " التبذير إنفاق المال في غير حقه " .

(۳/۲۵۷، مختصر تفسير ابن كثير : ۲/۳۷۴)

ما في " التفسير الكبير للرازي " : والتبذير في اللغة : إفساد المال وإنفاقه في السرف .

(۷/۳۲۸)

ما في " حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح " : منها (الإسراف في) صب (الماء) لقوله ﷺ لسعد لما مر به وهو يتوضأ : " ما هذا السرف يا سعد ؟ " فقال : أفي الوضوء سرف ؟ قال : " نعم ، وإن كنت على نهر جار " . (مراقي) . قوله : (الإسراف العمل فوق الحاجة الشرعية ، فتاوى الحجة : يكره صب الماء في الوضوء زيادة على العدد المسنون والقدر المعهود لما ورد في الخبر : " شرار أمتي الذين يسرفون في صب الماء " . اهـ . ويكره الإسراف فيه تحريما لو بماء النهر أو المملوک له ، أما الموقوف على من يتطهر به ومنه ماء المدارس فحرام . اهـ . (ص/۸۰ ، ۸۱، كتاب الطهارة ، فصل في المكروهات ، الدر المختار مع الشامية : ۱/۲۳۲ ، ۲۳۳، كتاب الطهارة ، مطلب في إسراف الوضوء ، ديوبند)

ما في " الموسوعة الفقهية " : والكراهة فيما إذا كان الماء مملوكا أو مباحا ، أما الماء الموقوف على من يتطهر به ومنه ماء المدارس ، فإن الزيادة فيه الثلاث حرام عند الجميع ، لكونها غير ماذون بها ، لأنه إنما يوقف ويساق لمن يتوضأ الوضوء الشرعي ولم يقصد إباحتها لغير ذلک . (۴/۱۷۹، بدائع الصنائع : ۱/۱۱۳)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولتكن منكم امة يدعون الى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر واولئلک هم المفلحون﴾ . (سورة آل عمران : ۱۰۴)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قال الله تعالى : ﴿ولتكن منكم امة يدعون الى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر﴾ قال أبو بكر : قد حوت هذه الآية معنيين : أحدهما : وجوب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر ، والآخر : أنه فرض على الكفاية ليس بفرض على كل أحد في نفسه إذا قام به غيره ، لقوله تعالى : ﴿ولتكن منكم امة﴾ ، وحقيقته تقتضي البعض دون البعض ، فدلّ على أنه فرض الكفاية ، إذا قام به بعضهم سقط عن الباقين ، ...... والذي يدل على صحة هذا القول إنه إذا قام به بعضهم سقط عن الباقين ، كالجهاد =

....

....

=وغسل الموتى وتكفينهم والصلاة عليهم ودفنهم . اهـ .

(۳۷/۲ ، ۳۸ ، باب فرض الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر)

ما في " مشكوة المصابيح " : عن أبي سعيد الخدري عن رسول الله ﷺ قال : " من رآى منكم منكرا فليغيّره بيده ، فإن لم يستطع فبلسانه ، فإن لم يستطع فبقلبه ، وذلک أضعف الإيمان " . رواه مسلم . (ص/۴۳٦ ، باب الأمر بالمعروف ، الفصل الأول ، قديمي)

ما في " جامع الترمذي " : عن حذيفة بن اليمان ، عن النبي ﷺ قال : " والذي نفسي بيده ، لتأمرنّ بالمعروف ، ولتنهونّ عن المنكر ، أو ليُوشكنّ الله أن يبعث عليكم عقابا منه ثم تدعونه فلا يُستجاب لكم " . قال أبو عيسى : هذا حديث حسن . (۴٦۸/۴ ، الرقم : ۲۱٦۹، كتاب الفتن ، باب الأمر بالمعروف ، احياء التراث العربي بيروت ، و۲۱۰/۳، الرقم : ۲۱٦۹ ، باب ما جاء في الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر ، دار الكتب العلمية)

ما في " الموسوعة الفقهية " : اتفق الأئمة على مشروعية الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، وحكى الإمام النووي وابن حزم الإجماع على وجوبه ، وتطابقت آيات الكتاب وأحاديث الرسول ﷺ وإجماع المسلمين على أنه من النصيحة التي هي الدين ، قال الله تعالى : ﴿ولتكن منكم امة يدعون الى الخير ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر﴾ ، وقال النبي ﷺ : " من رآى منكم منكرا فليغيره بيده ، فإن لم يستطع فبلسانه ، فإن لم يستطع فبقلبه ، وذلک أضعف الإيمان . قال الإمام الغزالي : الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر أصل الدين وأساس رسالة المرسلين ولو طوي بساطه وأهمل علمه وعمله لتعطلت النبوة واضمحلت الديانة وعمت الفوضى وهلک العباد ، إلا أنهم اختلفوا بعد ذلک في حكمه ، هل هو فرض عين أو فرض كفاية أو نافلة ؟ أو يأخذ حكم المأمور به والمنهي عنه ، أو يكون تابعاً لقاعدة جلب المصالح ودرء المفاسد على أربعة مذاهب : المذهب الأول : أنه فرض كفاية ، وهو مذهب جمهور أهل السنة ، وبه قال الضحاک من أئمة التابعين والطبري وأحمد بن حنبل . اهـ . (۲۴۸/٦، الأمر بالمعروف الخ ، الحكم التكليفي)

دیواروں پر بجا یا بے جا اشتہارات

مسئلہ (۱۷۹): آج کے اِس اشتہاری دور میں سڑکوں، گلی کوچوں، محلوں اور سرکاری و نجی عمارات کی دیواروں پر جا بجا کسی نہ کسی چیز کا اشتہار (ایڈورٹائز) لگا نظر آتا ہے، حتی کہ مساجد جیسی مقدس جگہوں کی بیرونی دیواریں بھی جداری اشتہارات واعلانات سے بھری ہوتی ہیں، جب کہ جس دیوار پر اشتہار واعلان لگوایا جائے، وہ دو حال سے خالی نہیں ہوگی، یا تو وہ دیوار کسی فردِ واحد کی ذاتی ملکیت ہوگی، یا حکومت وسرکار کی مِلک ہوگی، اگر دیوار کسی فرد کی مملوکہ ہو، تو اُس کی اجازت کے بغیر اس پر اشتہار لگانا، جائز نہیں، کیوں کہ بلا اذن کسی کی ملکیت میں بجا، یا بے جا تصرُّف کرنا شرعاً جائز ودرست نہیں ہے، اسی طرح اگر وہ دیوار حکومت وسرکاری عمارت کی ہے، تو اس پر پوسٹر یا اشتہار لگانا نہایت سنگین معاملہ ہے، کیوں کہ اس صورت میں عوامی ملکیت ہونے کی وجہ سے کسی سے اجازت لینا اور قصور معاف کرانا بھی ممکن نہیں ہوتا، اور اس سے بھی بدتر صورت یہ ہے کہ لوگ مساجد کی دیواروں کو بھی پوسٹر واشتہارات سے آلودہ کرتے ہیں، جو مساجد کی حرمت وتقدُّس کے خلاف ہے، لہٰذا ہمیں چاہیے کہ اشتہارات لگانے کی جو مخصوص جگہیں ہوتی ہیں، وہیں پر اشتہارات لگوائیں، اور اَملاکِ غیر میں بے دریغ تصرُّف سے احتِراز کریں! ورنہ عند اللہ مؤاخذہ ہوگا۔ (۱)

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير=

دین صرف نماز روزہ کی حد تک ہی محدود نہیں

مسئلہ (۱۸۰): دین صرف نماز روزہ ہی کی حد تک محدود نہیں ہے، بلکہ دین، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کا نام ہے، حقوق العباد میں سے ایک حق یہ بھی ہے کہ- عام راستے پر ایسی جگہ اپنی کسی قسم کی سواری کھڑی نہ کی جائے- کہ آنے جانے والوں کا راستہ بند ہو جائے، یا گزرنے والوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑے، اسی طرح انتظامیہ نے جس راستے کو پیدل چلنے والوں کے لیے، اور جس راستے کو سواری پر چلنے والوں کے لیے متعین کیا ہے، اُس کا پورا خیال رکھنا لازم ہے، اس کے خلاف کرنا عوامی جگہوں کا ناجائز استعمال ہے، جو غصب کے گناہ میں داخل ہے[1]، اور انتظامیہ کے ایک جائز حکم کی خلاف ورزی ہے، جو ناجائز ہے۔[2] =

=بلا إذنه . (۱/۹٦، المادة :۹٦ ، شرح المجلة : ص/٦١، المادة : ۹٦، قواعد الفقه :ص/۱۱۰، القاعدة :۷۰)

ما في " التنوير وشرحه مع الشامية " : لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته .

(۹/۲۴۰ ، كتاب الغصب ، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير)

ما في " رد المحتار " : التصرف في مال الغير حرام ، فيجب التحرّز عنه .

(۷/۳۷۳ ، كتاب البيوع ، باب المرابحة والتولية)

ما في " درر الحكام شرح مجلة الأحكام " : هذه المادة مأخوذة من المسألة الفقهية (لا يجوز لأحد التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته) الواردة في الدر المختار ، فعليه إذا أراد شخص أن يبني بناء محاذيا لحائط بناء انسان فليس له أن يستعمل حائط ذلك الشخص بدون إذنه حتى ولو أذنه صاحب الحائط فله بعدئذ حق الرجوع عن إذنه . (۱/۹٦، تحت المادة : ۹٦ ، القواعد الكلية) (آپ کے مسائل اور ان کا حل:۸/۵۱۵،۵۱٦، جدید ایڈیشن)=

=ذمہ دارانِ جامعہ نے پیدل چلنے والے طلبا کو حادثات سے بچانے، اور سوار لوگوں کو ٹریفک کی تکالیف سے نجات دلانے کی غرض سے (۳)، بابِ صدیق سے لے کر-السلام ہسپتال تک-سڑک کی دونوں جانب ایک نیا راستہ بنایا ہے، اب بعض سائیکل، موٹر سائیکل اور اسکوٹر سوار لوگ بھی اسی پر اپنی آمد ورفت کر رہے ہیں، یہ سراسر بے اُصولی، بدتہذیبی اور غیر شرعی حرکت ہے (۴)، اِس سے باز آنا چاہیے، کہ ایک مومن مہذَّب وسلیقہ منداور اصولِ شریعت کا مکلّف وپابند ہوتا ہے۔

الحجة على ما قلنا :

=(۱) ما في " الموسوعة الفقهية " : الغصب لغة : هو أخذ الشيء ظلمًا وقهرًا ، والاغتصاب مثله .... واصطلاحا : عرفه أبو حنيفة وأبو يوسف بأنه : إزالة يد المالك عن ماله المتقوم على سبيل المجاهرة والمغالبة بفعل في المال ، وعرفه المالكية بأنه : أخذ مال قهرا تعديا بلا جراحة . وعرفه الشافعية بأنه : الاستيلاء على حق الغير عدوانا ، أي بغير حق . وعرفه الحنابلة بأنه : الاستيلاء على مال الغير قهرا بغير حق . (۳۱/۲۲۸ ، غصب)

(۲) ما في " رد المحتار " : وتجب طاعة الإمام عادلا كان أو جائرا إذا لم يخالف الشرع . (۳۱۸/۶)

ما في " البحر الرائق " : لأن طاعة الإمام فيما ليس بمعصية فرض فكيف فيما هو طاعة . (۲۳۶/۵ ، الدر مع الرد : ۳۱۹/۶)

(۳) ما في " القرآن الكريم " : قوله تعالیٰ : ﴿والذين يؤذون المؤمنين والمؤمنات بغير ما اكتسبوا﴾ . (سورة الأحزاب : ۵۸)

ما في " تفسير القرطبي " : قال القرطبي رحمه الله تعالى : " أذية المؤمنين والمؤمنات هي أيضًا بالأفعال والأقوال القبيحة " . (۲۴۰/۱۴)

ما في " صحيح البخاري " : قوله ﷺ : " المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده " . (۶/۱ ، كتاب الإيمان ، باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده)=

....
....
....
....
....
....
....
....
....

=ما في " الصحيح لمسلم " : قوله ﷺ : " الإيمان بضع وسبعون أو بضع وستون شعبة ، فأفضلها قول لا إلٰه إلا الله ، وأدناها إماطة الأذى عن الطريق ، والحياء شعبة من الإيمان " .

(۱/۴۷ ، كتاب الإيمان ، باب بيان عدد شعب الإيمان وأفضلها وأدناها . الخ)

ما في " حاشية أبي داود " : قوله ﷺ : " إياكم والجلوس بالطرقات " . " ويدخل في الأذى أن يضيق الطريق على المارّين " . [رقم الحاشية : ۲]

(سنن أبي داود: ص/٦٦٣ ، كتاب الأدب ، باب في الجلوس بالطرقات)

ما في " جمع الجوامع " : عن أبي حذيفة بن أُسيد أن النبي ﷺ قال : " من آذى المسلمين في طرقهم وجبت عليه لعنتهم " . (٦/٣٩٦ ، حرف الميم مع النون ، الرقم : ٢٠٠٣٦)

(۴) ما في " الموسوعة الفقهية " : أصل الظلم في اللغة : وضع الشيء في غير موضعه ، والجور ومجاوزة الحد ، والميل عن القصد . (٢٩/١٦٩ ، ظلم)

وفيه أيضًا : الظلم محرم ، دل على حرمته الكتاب والسنة والإجماع ، أما الكتاب فمنه قوله تعالى : ﴿إن الذين كفروا وظلموا لم يكن الله ليغفر لهم ولا ليهديهم طريقا﴾ . الآية ....

وأما السنة فمنها : حديث أبي ذر رضي الله عنه ، عن النبي ﷺ فيما روي عن الله تعالى أنه قال : يا عبادي ! إني حرّمت الظلم على نفسي وجعلت بينكم محرما فلا تظالموا " . الحديث

.... وأجمع الفقهاء على تحريم الظلم . (٢٩/١٧٠ ، ظلم ، الحكم التكليفي)

(فتاویٰ دار العلوم زکریا: ۵/۴۲۱، المسائل المہمۃ فیما ابتلت بہ العامۃ: ۴/۱۹۱، مسئلہ نمبر: ۱۶۳)

گن پتی اور دیگر مورتیوں کی تصویر والے کیلنڈر

مسئلہ (۱۸۱): بعض مسلم دکاندار ہر سال کیلنڈر چھپواتے ہیں، اور اُن کیلنڈروں کو اپنے مسلم وغیر مسلم گاہکوں میں مفت تقسیم کرتے ہیں، مسلم گاہکوں کو دیئے جانے والے کیلنڈر اسلامی شعائر، مثلاً: کعبۃ اللہ، مسجد نبوی، روضۂ اطہر، مسجد اقصیٰ اور دیگر مساجد کی تصویر والے ہوتے ہیں، تو اُن کا یہ عمل شرعاً درست ہے، البتہ غیر مسلموں کو دیئے جانے والے کیلنڈر ہندوانہ شعائر، مثلاً: مندر، گن پتی (گنیش)[۱]، اور دیگر مورتیوں کی تصویر والے ہوتے ہیں، تو اُن کا یہ فعل ناجائز وحرام ہے، اس لیے کہ جیسے کفر وشعائرِ کفر کو اپنانا، ناجائز وحرام ہے[۲]، ایسے ہی اُن کا اشتہار بھی ناجائز وحرام ہے۔[۳]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " فيروز اللغات " : گنیش : (گ ، نیش) .. شِو جی اور پاربتی کا بیٹا جسے ہندو دانائی اور مشکل کشائی کا دیوتا مانتے ہیں۔(ص/۱۱۱۰)

(۲) ما في " سنن أبي داود " : عن ابن عمر قال : قال رسول الله ﷺ : " من تشبه بقوم فهو منهم " . (ص/۵۵۹ ، کتا ب اللباس ، باب لباس الشهرة)

ما في " بذل المجهود " : قال القاري : من شبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار أو بأهل التصوف والصلحاء والأبرار فهو منهم أي في الإثم أو الخير عند الله تعالى . (۱۲/۵۹ ، مرقاة المفاتيح :۸/۲۲۲، كتاب اللباس والزينة)

ما في " شرح الطيبي " : قوله : " من تشبه بقوم " هذا عام في الخلق والخلق والشعار وإذا كان الشعار أظهر في التشبه . (۸/۲۳۲، رقم الحديث :۴۳۴۷)

ما في " فيض القدير " : (من تشبه بقوم) أي تزيا في ظاهره بزيهم وفي تعرفه بفعلهم =

....

=وفي تخلقه بخلقهم وسار بسيرتهم وهديهم في ملبسهم وبعض أفعالهم . اهـ . ...
وقال بعضهم : قد يقع التشبه في أمور قلبية من الاعتقادات وإرادات وأمور خارجية ، من أقوال وأفعال قد تكون عبادات وقد تكون عادات في نحو طعام ولباس ومسكن ونكاح واجتماع وافتراق وسفر وإقامة وركوب وغيرها ، وبين الظاهر والباطن ارتباط ومناسبة وقد بعث الله المصطفى ﷺ بالحكمة التي هي سنة وهي الشرعة والمنهاج الذي شرعه له فكان مما شرعه له من الأقوال والأفعال ما يباين سبيل المغضوب عليهم والضآلّين فأمر بمخالفتهم في الهدي الظاهر في هذا الحديث ، وإن لم يظهر فيه مفسدة لأمور – منها أن المشاركة في الهدي في الظاهر تؤثر تناسبا وتشاكلا بين المتشابهين تعود إلى موافقة ما في الأخلاق والأعمال ، وهذا أمر محسوس . اهـ . ... وقال ابن تيمية : هذا الحديث أقل أحواله أن يقتضي تحريم التشبه بأهل الكتاب وإن كان ظاهره يقتضي كفر المتشبه بهم فكما في قوله تعالى : ﴿ومن يتولّهم منكم فإنه منهم﴾ وهو نظير قول ابن عمرو : من بنى بأرض المشركين وصنع نيروزهم ومهرجانهم وتشبه بهم حتى يموت حشر يوم القيامة معهم ، فقد حمل هذا على التشبه المطلق فإنه يوجب الكفر ويقتضي تحريم أبعاض ذلک ، وقد يحمل منهم في القدر المشترک الذي شابههم فيه فإن كان كفرا أو معصية أو شعارا لها كان حكمه كذلک. (۱۰۴/۶، الرقم :۸۵۹۳ ، دار المعرفة بيروت لبنان)

ما في " اقتضاء الصراط المستقيم لمخالفة أصحاب الجحيم " : وإذا كانت المشابهة في القليل ذريعة ووسيلة إلى بعض هذه القبائح كانت محرمة ، فكيف إذا أفضت إلى ما هو كفر بالله ؟ . ... ان المشابهة تفضي إلى كفر أو معصية غالبا ، أو تفضي إليهما في الجملة، وليس في هذا المفضى مصلحة ، وما أفضى إلى ذلک كان محرما ، فالمشابهة محرّمة . اهـ.
(ص/۲۱۵ ، ۲۱۶ ، المشابهة تفضي إلى كفر أو معصية غالبا ، مطابع المجد التجارية ، و: ۱/ ۲۷۱، باب التشبه مفهومه ومقتضاه ، دار عالم الكتب بيروت)

ما في " صحيح البخاري " : " أبغض الناس إلى الله ثلاثة : ملحد في الحرم ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية ، ومطلب دم امرئ مسلم بغير حق ليهريق دمه " . (۱۰۱۶/۲)

ما في " فتح الباري " : قوله : " ومبتغ في الإسلام سنة الجاهلية " . قيل : المراد من يريد=

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

....

= بقاء سيرة الجاهلية أو إشاعتها أو تنفيذها . (۲۶۲/۱۲ ، رقم الحديث : ۶۸۸۲)

(۳) ما في " القرآن الكريم ": ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة: ۲)

ما في " روح المعاني " : فيعم النهي ما هو من مقولة الظلم والمعاصي ويندرج فيه النهي عن التعاون على الاعتداء والانتقام .... وعن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما وأبي العالية أنهما فسرا الإثم بترک ما أمرهم به وارتكاب ما نهاهم عنه . (۸۵/۴)

ما في " أحكام القرآن للجصاص " : قوله تعالى : وقوله تعالى : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ نهي عن معاونة غيرنا على معاصي الله تعالى . (۳۸۱/۲) (فتاوىٰ فلاحیہ:۱/۲۷۱)

ما في " جمهرة القـــواعد الفقهية " : " الإعانة على المحظور محظور ". (۶۴۴/۲)

ما في " المقاصد الشريعة " : ان الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرما . (ص/۴۶)

ڈرائنگ ماسٹر (Drawing Master) بن کر آرٹ کا پیشہ اختیار کرنا

مسئلہ (۱۸۲): بعض لوگ بہترین آرٹسٹ (فن کار/نقّاش) ہوتے ہیں، وہ ڈرائنگ ماسٹر (Drawing Master) بن کر آرٹ کا پیشہ اختیار کرنا چاہتے ہیں، لیکن بعض دین کی معلومات رکھنے والے حضرات اُنہیں اِس سے باز رہنے کا مشورہ دیتے ہیں کہ- آرٹ ڈرائنگ (Art Drawing) اسلام میں مطلقاً ناجائز ہے، اس لیے ڈرائنگ ماسٹر کا پیشہ اَپنانا واختیار کرنا بھی درست نہیں، حالاں کہ آرٹ ڈرائنگ بذاتِ خود تو ناجائز نہیں، البتہ اس کا صحیح یا غلط استعمال اس کو جائز یا ناجائز بنادیتا ہے، اگر کوئی آرٹسٹ (Artist) اور ڈرائنگ ماسٹر جاندار چیزوں کی تصویری آرٹ کا شوق رکھتا ہے، اور بناتا ہے، تو پھر یہ ناجائز ہے[۱]، کیوں کہ جاندار کی تصویر سازی اسلام میں حرام ہے، اور اگر ایسا آرٹ پیش کرتا ہے، جس میں اسلامی اُصولوں کی خلاف ورزی نہ ہوتی ہو، مثلاً: پہاڑ، درخت، پھل پھول وغیرہ، غیر جاندار چیزوں کی تصویر سازی، تو یہ جائز ہے۔[۲]

الحجة على ما قلنا :

(۱) ما في " صحيح البخاري " : [عن] عبد الله قال : سمعت النبي ﷺ يقول : " إن أشد الناس عذاباً عند الله المصورون " . (۸۸۰/۲، كتاب اللباس ، باب عذاب المصورين يوم القيامة ، صحيح مسلم : ۲۰۱/۲ ، اللباس والزينة ، باب تحريم تصوير صورة الحيوان)

ما في " الجامع لأحكام القرآن للقرطبي " : يدل على المنع من تصوير شيء أي شيء كان .=

....

=(۱۲/۲۷۴)

ما في " شرح النووي على هامش مسلم " : قال أصحابنا وغيرهم من العلماء : تصوير صورة الحيوان حرام شديد وهو من أكبر الكبائر ، لأنه متوعد عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الحديث ، وسواء صنعه بما يمتهن أو بغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى ، وسواء كان في ثوب أو بساط أو درهم أو دينار أو فلس أو إناء أو حائط أو غيرها . (۲/۱۹۹ ، كتاب اللباس)

ما في " رد المحتار " : وظاهر كلام النووي في شرح مسلم : الإجماع على تحريم تصوير الحيوان، وقال : وسواء صنعه لما يمتهن أو لغيره ، فصنعته حرام بكل حال ، لأن فيه مضاهاة لخلق الله تعالى .
(۲/۳٦۰ ، كتاب الصلاة ، باب مكروهات الصلاة)

ما في " مرقاة المفاتيح " : قال أصحابنا وغيرهم من العلماء : تصوير صورة الحيوان حرام شديد التحريم ، وهو من الكبائر ، لأنه متوعداً عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور في الأحاديث، سواء صنعه في ثوب أو بساط أو درهم أو دينار أو غير ذلک .
(۸/۳۲۳ ، كتاب اللباس ، باب التصوير ، الفصل الأول ، البحر الرائق : ۲/۴۸ ، ۴۹)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : لا تمثال إنسان أو طير . [در مختار] . وفي الشامية : قال الشامي رحمه الله تحت قوله : (أو طير) لحرمة تصوير ذي الروح . (۹/۵۱۹، الحظر والإباحة ،في اللبس)

ما في " الموسوعة الفقهية " : يحرم تصوير ذوات الأرواح مطلقاً ، أي سواء أكان للصورة ظلّ أو لم يكن ، وهو مذهب الحنفية والشافعية والحنابلة . (۱۲/۱۰۳)

(۲) ما في " مرقاة المفاتيح " : وأما تصوير صورة الشجر والرجل والجبل وغير ذلک ، فليس بحرام. (۸/۳۲۳ ، كتاب اللباس) (آپ کے مسائل اوران کا حل:۸/۴٦۰)

ما في " حاشية النووى على صحيح مسلم " : وأما الشجر ونحوه مما لا روح فيه فلا يحرم صنعته ولا التكسب به ، سواء الشجر المثمر وغيره ، وهذا مذهب العلماء كافة إلا مجاهد ، فإنه جعل الشجر المثمر من المكروه ، وقال القاضي : لم يقله أحد غير مجاهد .

(۲/۱۹۹ ، باب تحريم تصوير صورة الحيوان)

ما في " الموسوعة الفقهية " : لا بأس بتصوير الأشياء التي يصنعها البشر كصورة المنزل والسيارة والسفينة وغير ذلک اتفاقاً ، لأن للإنسان أن يصنعها فكانت له أن يصوّرها .

(۱۲/۹۷)

رَکشابندھن نامی تہوار میں شرکت

مسئلہ(۱۸۳): ہندوؤں کا ''رَکشابندھن'' نامی ایک تہوار ہوتا ہے، جس میں بہن اپنے بھائی کے ہاتھ پر ''راکھی'' (ایک قسم کا دھاگہ) باندھتی ہے، راکھی باندھنے کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ ایک تھالی ہوتی ہے، جس میں ایک ناریل، راکھی، جلتا ہوا چراغ اور ٹیکہ لگانے کے لیے سرخ رنگ کا کُنکو (سفوف) ہوتا ہے، وہ عورت پہلے اپنے بھائی کو راکھی باندھتی ہے، پھر سر پر ٹیکہ لگاتی ہے، پھر ناریل ہاتھ میں دیتی ہے، اس کے بعد (راکھی بندھوانے والا) بھائی اس تھالی میں روپیہ ڈالتا ہے۔

آج کل بعض مسلمان بھی سیاسی مصلحت کے پیشِ نظر، ہندو مسلم اتحاد واتِفاق قائم رکھنے کے لیے، غیر مسلم عورتوں سے مذکورہ طریقے پر راکھی بندھواتے ہیں، جس سے وہ غیر مسلم عورت اور راکھی بندھوانے والا مسلمان مرد، دونوں آپس میں منہ بولے بھائی بہن بن جاتے ہیں، لہٰذا اگر کوئی مسلمان شخص بالاختیار اپنی رضامندی سے مذکورہ طریقے پر راکھی بندھوائے، تو چوں کہ یہ ہندوؤں کی مذہبی پہچان اور کفریہ اُمور ہیں[۱]، اور کفر یا شعارِ کفر کا بہ خوشی ارتِکاب کرنے سے انسان ایمان سے خارج ہوجاتا ہے، اور اس کی بیوی نکاح سے نکل جاتی ہے، اور اس پر تجدید ایمان اور تجدید نکاح لازم ہوتا ہے[۲]، اس لیے شخصِ مذکور اسلام سے خارج ہوجائے گا، اور اس پر تجدید ایمان ونکاح لازم ہوگا[۳]، ہاں! اگر مجبوری ہو، یا جان کا خوف ہو، پھر اِن اُمور کا ارتکاب کرلے، تو ایمان سے خارج نہیں

